⊗* **جہانگیر**	: (۹۷۷ھ/۱۵۶۹ء تا ۱۰۳۷ھ/۱۶۲۷ء)، ہندوستان کا چوتھا عظیم مغل شہنشاہ (از ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۵ء)، توزک جہانگیری کا مصنف.	۵۴۸	۲
* **جَہبَذ**	: محکمۂ مالیات کے مختلف عہدیداروں کے لیے ایک ایرانی اصطلاح.	۵۵۲	۱
* **الجَہشیاری**	: ابو عبداللہ محمد بن عبدوس، چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی کی سیاسیات میں حصہ لینے والا ایک فاضل اور مصنف کتاب الوزراء والکُتّاب		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	(م ۳۲۱ھ/۹۴۲ء).	۵۵۴	۲
* **جہلاوان**	: بلوچستان (پاکستان) کا ایک ضلع.	۵۵۵	۲
⊗ **جہلم**	: پنجاب (پاکستان) کی قسمت راولپنڈی کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام، نیز ایک مشہور دریا.	۵۵۵	۲
* **جہم بن صفوان**	: ابو محرز، قدیم زمانے کا ایک عالم الٰہیات اور بنو امیہ کے خلاف ایک تحریک بغاوت کا ذہنی قائد اور فرقہ جہمیہ کا بانی (م ۱۲۸ھ/ ۷۴۵ - ۷۴۶ء).	۵۵۸	۲
* **جہمیہ**	: جہم بن صفوان کا بنا کردہ ایک فرقہ.	۵۵۹	۱
⊗* **جہنم**	: دوزخ کے لیے ایک معروف قرآنی اصطلاح.	۵۶۰	۲
* **جہوریہ**	: ہسپانیہ میں خلافت امویہ کے سقوط پر اہل قرطبہ کے وزیر ابو حزم جہور بن محمد بن جہور کی قیادت میں قائم کردہ ایک قسم کی جمہوریہ.	۵۶۳	۱
* **جہیر (بنو)**	: سلاجقۂ اعظم کے دور انتداب میں خلیفہ کی وزارت کی مکمل اجارہ داری رکھنے والا ایک خاندان.	۵۶۴	۱
* **جیب ہمایوں**	: سر کاتبی کے زیر اختیار عثمانی سلاطین کا صرف خاص.	۵۶۶	۲
* **الجیب المستوی**	: رک بہ علم الہیئت.	۵۶۷	۱
* **الجیب المعکوس**	: رک بہ علم الہیئت.	۵۶۷	۱
* **جے پور**	: اسلامی اور برطانوی دور کی ایک سابق راجپوت ریاست، اب راجستھان (بھارت) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام.	۵۶۷	۱
* **جیتل**	: رک بہ (۱) سکہ؛ (۲) وزن.	۵۶۸	۲
⊗* **جیجل**	: (Gegal)، الجزائر کا ایک ساحلی شہر.	۵۶۸	۲
* **جیحان**	:(Pyramus)، سلیشیا میں سے ہوکر بحیرۂ روم میں گرنے والی ایک قدیم ندی.	۵۷۱	۱
* **جیحون**	: رک بہ آمو دریا.	۵۷۲	۲
* **جیرفت**	: (جیرُفت)، کرمان کا ایک زرخیز اور مرتفع ضلع اور اس نام کا ایک شہر.	۵۷۲	۲
* **جیزان**	: بحیرۂ قلزم کے ساحل پر جنوب مغربی سعودی عرب میں ایک ندی، ایک بندرگاہ اور ایک صوبے کا نام.	۵۷۳	۱
* **جیزہ**	: رک بہ قاہرہ.	۵۷۷	۲
* **الجیزی**	: ابو محمد الربیع بن سلیمان بن داؤد الازدی الاعرج، امام شافعیؒ کے ایک ممتاز پیرو اور شاگرد (م ۲۵۶ھ/۸۷۰ء تا ۲۵۷ھ/۸۷۱ء).	۵۷۷	۲
* **جیسور**	: مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) کے ایک ضلع کا بڑا شہر، چھاؤنی اور ہوائی اڈہ.	۵۷۸	۱
* **جیش**	: فوج کے لیے جند اور عسکر کی طرح عربی کی ایک عام اصطلاح.	۵۷۸	۲
* **الجیطالی**	: ابو طاہر اسمٰعیل بن موسیٰ، ایک ممتاز اباضی عالم اور مصنف قواعد الاسلام		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	وغیرہ (م ۷۳۰ھ/۱۳۳۰ء یا ۷۵۰ھ/۱۳۵۰ء).	۶۰۳	۱
* **جیک**	رک به شاہ طاغ.	۶۰۳	۱
* **الجیلی**	رک به عبدالقادر الجیلانی.	۶۰۳	۱
* **الجیلی** عبدالکریم	رک به عبدالکریم الجیلی.	۶۰۳	۱
⊗ **جیم**	عربی اور فارسی حروف تہجی میں پانچواں اور اردو میں [گیارھواں] حرف.	۶۰۳	۱
* **جین**	یا جینی، مہاویر موسوم به جین کے پیرو.	۶۰۳	۲
⊗ **جینا**	رک به محمد علی جناح، قائد اعظم.	۶۰۵	۱
* **جیون**	مُلّا احمد بن ابی سعید بن عبیدالله بن عبدالرزاق بن مخدوم خاصه خدا الحنفی الصالحی (۱۰۴۷ھ/۱۶۳۷ء تا ۱۱۳۰ھ/۱۷۱۷-۱۸ء)، ایک مشہور عالم دین، فقیه اور مفسر، اورنگ زیب عالمگیر کے استاد اور تفسیر الاحمدی کے مصنف.	۶۰۵	۱
* **جیاش بن نجاح**	رک به نجاح (بنو).	۶۰۶	۲
* **جیان**	(Jaen)، اندلس کا ایک صوبه اور اس کا دارالحکومت.	۶۰۶	۲

چ

⊗ **چ**	فارسی کا ساتواں اور اردو کا تیرھواں حرف.	۶۰۹	۱
* **چاپار**	قیدو [رک بآں] کا سب سے بڑا بیٹا اور مغول اوکتا قاآن کا پرپوتا، ایک مغول فرمانروا (از ۷۰۲ھ/۱۳۰۳ء تا ۷۰۸ھ/۱۳۰۹ء).	۶۰۹	۱
* **چاپار اوغللری**	رک به چین اوغللری.	۶۱۰	۱
* **چاٹگام**	(چاٹگاؤں)، رک به چٹاگانگ.	۶۱۰	۱
* **چاٹگاؤں**	رک به چٹاگانگ.	۶۱۰	۱
* **چاڈ**	(چاد، تشاد)، رک به شاد.	۶۱۰	۱
* **چارجوی**	رک به آمل.	۶۱۰	۱
* **چاشناگیر**	(چاشنی گیر)، عہد سلاجقه سے مسلمان حکمرانوں کے دربار میں ایک عہدے دار.	۶۱۰	۱
* **چاشناگیر باشی**	عثمانی ترکوں کے دربار کا ایک اعلی عہدیدار.	۶۱۰	۲
* **چال دران**	ایرانی آذربیجان کے شمال مغربی حصے میں ایک میدان، سلطان سلیم اور شاہ اسماعیل کے درمیان فیصلہ کن جنگ کا مقام.	۶۱۱	۱
⊗ **چاند بی بی سلطان**	(نواح ۹۵۰ تا ۱۰۰۰ھ/۱۵۵۰ تا ۱۶۰۰ء)، احمد نگر کے بادشاہ حسین نظام شاہ کی		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	دختر، بیجا پور کے سلطان علی عادل شاہ کی بیگم اور ان دونوں ریاستوں میں اہم سیاسی خدمات سرانجام دینے والی ایک عقل‌مند اور رزم آرا ملکہ.	۶۱۳	۱
* **چاوُدرس**	: (جاولدر)، خوارزم میں ایک ترکمان قبیلہ.	۶۱۶	۲
* **چاؤ**	: ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء میں دو ماہ تک جاری رہنے والا ایران کا ایک کاغذی سکہ.	۶۱۶	۲
* **چاؤش**	: (چاوش)، متعدد محکموں میں کام کرنے والے عمّال اور نچلے درجے کے فوجی عملے کے لیے ترکی اصطلاح.	۶۱۷	۱
* **چائے**	: (چای) ایک معروف مشروب.	۶۱۸	۱
* **چپن اوغللری**	: رک بہ درہ بیگی، نیز تکملہ.	۶۱۹	۱
* **چپنی**	: ترکیہ کی سیاسی و مذہبی تاریخ میں ایک اہم اُغُز قبیلہ.	۶۱۹	۱
* **چتالجہ**	: (قدیم متِرہ Metra)، ولایت استانبول کی سب سے زیادہ دیہاتی قضا کا صدر مقام.	۶۲۰	۱
* **چتر**	: رک بہ مظلّہ.	۶۲۱	۱
* **چترال**	: برطانوی ہند کی ایک سابق ریاست اور اب پاکستان میں مالاکنڈ ڈویژن (صوبہ سرحد) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام.	۶۲۱	۱
* **چٹاگانگ**	: مشرقی پاکستان (حال بنگلہ دیش) کی سب سے بڑی بحری بندرگاہ اور اراکان (برما) سے ملحقہ اسی نام کے ضلع کا صدر مقام.	۶۲۸	۱
* **چراغان**	: خلیج باسفورس کی یورپی جانب بشکطاش اور اورتہ‌کوی کے درمیان واقع ایک محل.	۶۲۸	۲
* **چراغاں (میلا)**	: باغبانپورہ (لاہور) میں شالامار باغ کے قریب صوفی شاعر شاہ حسین (م ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء) کے سالانہ عرس کے موقع پر ان کے مزار کے قریب منایا جانے والا میلا.	۶۲۹	۲
⊛ **چراغ دہلی**	: شیخ نصیر الدین محمود بن یحیٰی الیزدی ثم الاَوَدی، حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے ایک مشہور اور بزرگ خلیفہ (م ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء).	۶۳۰	۱
* **چرچل**	: رک بہ شرشل.	۶۳۲	۱
* **چرکس**	: آبئرو قفقازی قوم کی شمال مغربی (اَدِغہ) شاخ کے قبائل کے لیے عمومی ترکی لقب.	۶۳۲	۱
* **چرکس**	: رک بہ محمود پاشا چرکس.	۶۳۳	۱
* **چرکس ادھم**	: اپنے بھائیوں چرکس رشید (م ۱۹۵۱ء) اور چرکس محمد توفیق (م ۱۹۳۸ء) کی معیت میں ترک قوم پرست چھاپہ ماروں کا قائد (م ۱۹۴۹ء).	۶۳۳	۱
* **چرمِس**	: (چرمیس، ماری)، جمہوریۂ اشتراکیہ مارس میں آباد مشرقی فن لینڈ کے گروہ کے لوگ.	۶۳۴	۱
* **چرمن**	: ادرنہ کے قریب تراکیہ (تھریس) کے قدیم باشندوں کا ایک قلعہ.	۶۳۴	۲
* **چرِیغو**	: (چرگو)، رک بہ چوقہ آطہ سی.	۶۳۵	۲
* **چشتی**ؒ	: خواجہ معین الدین حسن اجمیریؒ (۵۳۶ھ/۱۱۴۱ء تا ۶۳۳ھ/۱۲۳۶ء)، اسلامی تصوف کی تاریخ میں ایک برگزیدہ بزرگ اور ہندوستان میں سلسلۂ		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	چشتیہ کے بانی.	۶۴۵	۱
⊗ **چشتیہ** :	برعظیم پاک و ہند میں صوفیہ کا مقبول ترین سلسلہ.	۶۴۸	۱
* **چشمہ** :	پانی کا منبع، بحیرۂ روم کے ساحل اور اسی نام کی خلیج کے دہانے پر واقع ایشیائے کوچک میں ایک تجارتی شہر اور بندرگاہ.	۶۵۴	۲
* **چشمی زادہ** :	مصطفٰی رشید، ایک عثمانی مؤرخ اور شاعر (م ۱۱۸۴ھ/۱۷۷۰ء).	۶۵۵	۱
* **چغالہ زادہ** :	یوسف سنان پاشا المعروف بہ چغال (جغال) اوغلو (۹۵۲ھ/۱۵۴۵ء تا ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء)، سلطنت عثمانیہ کا ایک اعلٰی عہدے دار.	۶۵۵	۲
* **چغان رُود** :	آمو دریا (رک بآں) کی انتہائی شمالی معاون ندی.	۶۵۸	۱
* **چغانیان** :	سابقاً چغان رود کا ایک نام؛ نیز ترمذ کے شمال میں واقع ایک ضلع.	۶۵۸	۲
* **چغتائی ادب** :	رک بہ ترک.	۶۶۰	۲
* **چغتای ترک** :	رک بہ ترک.	۶۶۰	۲
* **چغتائی خان** :	چنگیز خان کا بیٹا، مشہور تاتاری امیر اور چغتائی سلطنت کا بانی (م نواح ۶۳۹ھ/۱۲۴۱ء).	۶۶۰	۲
* **چغتای خانیہ (ریاست)** :	چنگیز خان کے بیٹے چغتائی خان نام سے موسوم وسطی ایشیا کی خانیت اور عظیم تاتاری سلطنت.	۶۶۲	۲
* **چغری بیگ** :	داؤد بن میخائیل بن سلجوق (نواح ۳۸۵ھ/۹۹۵ء تا ۴۵۲ھ/۱۰۶۰ء)، طغرل بیگ (رک بآں) کا بھائی اور خاندان سلجوق کی بنیاد رکھنے میں اس کا شریک.	۶۶۵	۲
* **چفت رسمی** :	(چفت حقّی، قُلّق آقچسی)، سلطنت عثمانیہ میں رعیت پر ایک لازمی محصول.	۶۶۸	۲
* **چفتلک** :	ترکی زبان میں کھیت کے لیے ایک عام لفظ.	۶۷۰	۱
* **چَقْمَق** :	الملک الظاھر سیف الدین، سلطان مصر، ایک نامور مملوک فرمانروا (از ۸۴۲ھ/ ۱۴۳۸ء تا ۸۵۷ھ/۱۴۵۳ء).	۶۷۲	۲
* **چقُمور اووہ** :	رک بہ قیایقیا.	۶۷۳	۲
* **چکمک، مصطفٰی فوزی** :	(کوخ)، ترکی فوج کا نامور سپہ سالار (م ۱۳۶۹ھ/۱۹۵۰ء).	۶۷۳	۲
* **چکیر جی باشی** :	(چاقر جی باشی)، باز آموزوں کا سربراہ، عثمانی دور کا ایک بڑا عہدہ.	۶۷۴	۲
* **چلبی** :	ذھین مصنف شاعر، قاری اور دانشمند کے معنوں میں اعلٰی طبقے کے لوگوں کے لیے ایک ترکی اصطلاح اور لقب.	۶۷۴	۲
* **چلبی افندی** :	رک بہ (۱) جلال الدین، مولانا رومی؛ (۲) جلال الدین حسین.	۶۷۶	۱
* **چلبی زادہ** :	(کوچوک چلبی زادہ)، اسماعیل عاصم افندی، عثمانی مؤرخ، شاعر اور شیخ الاسلام (م ۱۱۷۳ھ/۱۷۶۰ء).	۶۷۶	۱
* **چلبی زادہ افندی** :	رک بہ سعید افندی.	۶۷۸	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارت	صفحہ	عمود
* **چلّہ**	: چالیس دن کا روزہ، ایک معروف صوفیانہ اصطلاح : نیز رک به خلوت.	۶۷۸	۱
* **چلَمرک**	: رک به چوله مرک.	۶۷۸	۱
* **چم**	: (Cam یا Cham)، زمانہ قبل از مسیح میں جزیرہ نمائے ہند چینی کے جنوبی ساحلوں پر آباد پولینیشی نسل کے لوگ.	۶۷۸	۱
* **چمپانیر**	: (محمود آباد)، مغربی ہند میں گجرات کا ایک تاریخی شہر (اب کھنڈر).	۶۷۹	۱
* **چمکِنت**	: جمہوریہ اشتراکیہ قازخستان (قزاقستان) کے جنوبی خطے کا صدر مقام.	۶۸۰	۲
* **چمکنی**	، میاں عمر صاحب : (نواح ۱۱۰۰ھ/۱۶۸۹ء تا ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۶ء)، پاکستان کے صوبہ سرحد کے ایک علمی اور روحانی بزرگ.	۶۸۱	۱
* **چمَلّ**	: رک به اندی.	۶۸۲	۲
⊗ **چمن**	: رک به باغ.	۶۸۲	۲
* **چناق قلعۂ بوغازی**	: در دانیال کا موجودہ ترکی نام.	۶۸۲	۲
* **چندرہ لی**	: رک به چندرلی.	۶۸۵	۲
* **چندیری**	: شمالی وسط ہند کا ایک شہر اور پرانا قلعہ.	۶۸۵	۲
* **چنگیری**	: (چانغری، جنجرہ)، وسطی آناطولی کا ایک شہر.	۶۸۷	۱
* **چنگانہ**	: مشرق میں خانہ بدوش قوموں کے متعدد مستعمل ناموں میں سے ایک.	۶۸۹	۲
* **چنگیز خان**	: (۱) تموجین (۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء تا ۶۲۵ھ/۱۲۲۷ء)، مغول سلطنت کا بانی، مشہور و معروف فاتح، حکمران اور آمر.	۶۹۱	۲
⊗ **چنگیز خان**	: (۲) مغول قبائل کے نسب اور دیگر واقعات کے بارے میں تازہ تحقیقات.	۶۹۸	۱
* **چنگیز (خانوادہ)**	: (چنگیز خانیہ)، چنگیز خان کے چار بیٹے اور ان کی اولاد سے چلنے والا خانیہ یا شاہی سلسلہ.	۷۱۸	۱
* **چنیوٹ**	: پنجاب (پاکستان) کا ایک ضلعی صدر مقام اور تاریخی شہر.	۷۲۵	۱
* **چُو**	: وسطی ایشیا کا ایک تیز رو دریا.	۷۲۶	۲
* **چوبان (خانوادہ)**	: مغول امیروں کا ایک خاندان، (۱) امیر چوبان، ایلخانی فرمانرواؤں ارغون، گیخاتو، غازان اور الجایتو کا قابل اور آزمودہ کار سپہ سالار (م ۷۲۸ھ / ۱۳۲۷ء)؛ (۲) دمشق خواجہ، امیر چوبان کا تیسرا بیٹا اور عملاً ایلخانی سلطنت کا حکمران (م ۷۲۷ھ / ۱۳۲۷ء)؛ (۳) تیمور تاش، امیر چوبان کا دوسرا بیٹا، الجایتو کا وزیر اور ولایت کا حاکم اور بعد ازاں اس کے خلاف بغاوت کرنے والا (م ۷۲۸ھ/ ۱۳۲۸ء)؛ (۴) حسن بن تیمور تاش (حسن کوچک، ایک اہم فوجی قائد (م ۷۴۴ھ / ۱۳۴۳ء).			
		۷۲۹	۲
* **چوپان**	: چرواہا اور گلّہ بان کے لیے ایک ایرانی الاصل ترک لفظ.	۷۳۱	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **چوپان آتا**	: سمرقند کی شہرپناہ سے متصل پہاڑوں کا ایک نصف میل لمبا سلسلہ.	۷۳۳	۱
* **چودرس**	: رک بہ چاودرس.	۷۳۳	۲
* **چورباجی**	: (۱) ینی چریوں میں اورتا اور آغا بولوک لری کمانداروں کا لقب؛ (۲) گاؤں کے سربرآوردہ لوگوں اور بعد ازاں سوداگروں اور مالدار عیسائیوں کا لقب.	۷۳۳	۲
* **چورخ**	: (۱) آناطولی کے انتہائی شمال مشرق میں ایک دریا؛ (۲) ترکیہ کے انتہائی شمال مشرقی سرحد پر بحیرۂ اسود کے کنارے پر واقع ایک ولایت.	۷۳۵	۱
* **چورلو**	: رک بہ چورلی.	۷۳۵	۲
* **چورلی**	: (چورلو)، مشرقی تراکیا کا ایک شہر.	۷۳۵	۲
* **چورلیلی**	: (چورلولو)، رک بہ علی پاشا چورلیلی.	۷۳۶	۱
* **چورم**	: وسطی آناطولی کے شمالی حصے میں ایک شہر.	۷۳۶	۱
* **چوروک**	: رک بہ چورخ.	۷۳۷	۱
* **چوروه**	: (چوروک)، رک بہ چورخ.	۷۳۷	۱
* **چوش**	: (یا چوواش)، وسطی والگا کی ترکی زبان بولنے والی ایک قوم اور اس پر مشتمل ایک سوویت اشتراکی جمہوریہ.	۷۳۷	۱
* **چوقه**	: (چوکه)، رک بہ قماش.	۷۳۹	۱
* **چوقه آطه سی**	: یونان کے ایک جزیرہ کیتر یا چریغو کا ترکی نام.	۷۳۹	۱
* **چوگان**	: (پہلوی: چوبکان)، پولو کے کھیل میں مستعمل سرکج چھڑی اور وسیع معنوں میں خود پولو کا کھیل.	۷۳۹	۲
* **چوال امرک**	: رک بہ چوله مرک.	۷۴۲	۲
* **چولم**	: سوویت یونین میں وسطی سائبیریا کے چھوٹے چھوٹے ترکی بولنے والے متعددگروہ.	۷۴۲	۲
* **چوله مرک**	: (جوله مرک، چلمرک، جلمرک)، مشرقی آناطولی کا ایک قصبہ.	۷۴۳	۲
* **چہار ایماق**	: مغربی افغانستان میں چار نیم بدوی قبائل.	۷۴۴	۱
* **چہار مقاله**	: رک بہ نظامی عروضی سمرقندی.	۷۴۴	۲
* **چیچن**	: (چاچان)، روسی زبان میں وسطی قفقاز میں دریاے سُنجه اور دریاے تیرک کے جنوبی معاون دریاؤں کی وادیوں میں رہنے والے مسلمان.	۷۴۴	۲
* **چیرک**	: چہاریک کی تحریف، ترکی زبان میں ایک گھنٹے کے چوتھائی حصے کے لیے مستعمل اصطلاح.	۷۴۷	۱
* **چیم**	: رک بہ چ.	۷۴۷	۱
* **چین**	: رک بہ الصین.	۷۴۷	۱
* **چیوی زاده**	: ایک عثمانی ترک خانوادۂ علما: (۱) محی الدین شیخ محمد معروف بہ قوجه		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	چیوی زادہ (۸۹۶ھ/۱۴۹۰-۱۴۹۱ء تا ۹۵۴ھ/۱۵۴۷ء)، قاہرہ کا قاضی، آناطولی کا قاضی عسکر اور شیخ الاسلام؛ (۲) محمد (۹۳۷ھ/۱۵۳۱ء تا ۹۹۵ھ/۱۵۸۷ء)، سابق الذکر کا بیٹا، کئی علاقوں کا قاضی، شیخ الاسلام وغیرہ؛ (۳) محمد افندی، شمارہ ۲ کا بیٹا، قاضی عسکر (م ۱۰۶۱ھ/۱۶۵۱ء)؛ (۴) عطاء اللہ افندی، شمارہ ۳ کا بیٹا، قاضی عسکر (م ۱۱۳۸ھ/۱۷۲۵ء).	۱ ۷۴۷
* **چھت** : (چہت)، دریاے گھاگرا (گھگر) کے کنارے انبالہ (بھارت) کے نزدیک ایک قدیم شہر.		۲ ۷۴۸
* **چَھتَر** : (چھتّر)، رک بہ مَظلّہ.		۲ ۷۴۹

ح

* **ح** : (حاء)، عربی زبان کے حروف تہجی کا چھٹا، فارسی کا آٹھواں اور اردو کا پندرھواں حرف.	۱ ۷۵۱
* **حابِطِیّة** : احمد بن حابِط (رک بآں) کے پیروکار.	۲ ۷۵۲
* **حاتم بن ھرثمة** : خلفاے بنو عباس کے دور کا ایک اعلیٰ عہدے دار، مصر اور آرمینیہ کا والی (حیات ۲۰۰ھ/۸۱۶ء).	۲ ۷۵۲
* **حاتِم الطائی** : بن عبداللہ بن سعد بن الحَشرَج الطّائی القَحطانی، زمانۂ جاہلیت کا ایک شہسوار، شاعر اور فیاضی میں ضرب المثل.	۱ ۷۵۳
* **الحاج** : پھلی کی قسم کی ایک سخت اور شاخ دار جھاڑی.	۲ ۷۵۴
* **حاجِب** : حکمرانوں تک رسائی والے دروازے کی حفاظت کا ذمہ دار، مسلم حکمرانوں کے دربار کا ایک اعلیٰ عہدے دار.	۲ ۷۵۵
* **حاجِب بن زُرارہ** : دور جاہلیت میں قبیلہ بنو دارم تمیمی کا ایک ممتاز سردار.	۲ ۷۶۴
* **الحاج** : (حاجی)، رک بہ الحَجّ.	۱ ۷۶۶
* **الحاج حمودہ** : بن عبدالعزیز، تونس کا ایک عرب مؤرخ، تونس کے بای علی بن الحسین کا دبیر اور مصنف کتاب الباشا (م ۱۲۰۱ھ/۱۷۸۷ء).	۱ ۷۶۶
* **الحاجّ عمر** : (۱۷۹۷ تا ۱۸۶۴ء)، سودان کا ایک جوشیلا مذہبی رہنما، فاتح اور مملکت تکرور کا بانی.	۲ ۷۶۶
* **حاجی بیرام ولی** : (۷۵۳ھ/۱۳۵۲ء تا ۸۳۳ھ/۱۴۲۹-۱۴۳۰ء)، انقرہ کے ایک مشہور	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	ولی اور سلسلۂ بیرامیہ کے بانی.	۷۶۸	۲
* **حاجی بیگ**	: رک بہ رضوان بیگووچ .	۷۷۰	۱
* **حاجی پاشا**	: آیدینلی ، خضر بن علی بن خطاب ، ایک عثمانی فقیہ ، طبیب اور مصنف (م ۸۲۰ھ/۱۴۱۷ء).	۷۷۰	۱
* **حاجی خلیفہ**	: مصطفی بن عبداللہ معروف بہ کاتب چلبی (۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء تا ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء)، ایک مشہور ترکی عالم اور مصنف کشف الظنون عن اسامی الکتب و الفنون وغیرہ.	۷۷۱	۱
* **حاجی گرای**	: السلطان حاجی گری بن غیاث الدین خان، خوانین قریم (کریمیا) کے خاندان گرای کا بانی حکمران (م ۸۷۱ھ/۱۴۶۶ء).	۷۷۳	۱
* **حاجی نسیم اوغلو**	: رک بہ آق حصار.	۷۷۷	۱
* **حاحا**	: بربر قبائل (اِحاحن) کا مراکشی وفاق.	۷۷۷	۱
* **الحادرہ**	: (الحُوَیْدَرہ)، قطبہ بن اوس، زمانۂ جاہلیت میں قبیلۂ ثعلبہ (غطفان) کا ایک شاعر.	۷۷۸	۲
* **الحارث بن جَبَلہ**	: (۵۲۹ تا ۵۶۹ء)، چھٹی صدی عیسوی میں بوزنطیہ اور عقیدۂ فطرتِ واحدۂ مسیح کی تاریخ میں مشہور ترین غسانی بادشاہ.	۷۷۹	۱
* **الحارث بن حِلِّزَہ الیَشْکُری**	: زمانۂ جاہلیت میں ساتویں معلقے کا مصنف عرب شاعر (حیات بعہد عمرو بن ہند : ۵۵۴ تا ۵۷۰ء).	۷۸۰	۱
* **الحارث بن سُرَیج**	: (شُرَیج) بن یزید بن سواد (یا سَوّار) ، ابو حاتم ، خراسان میں اموی حکومت کے خلاف بغاوت کا قائد (م ۱۲۸ھ/۷۴۶ء).	۷۸۱	۱
* **الحارث بن کعب (بنو)**	: (بلحارث)، یمن کا مشہور عرب قبیلہ.	۷۸۳	۲
* **حارثہ**	: بن بدر بن تمیم، زیاد بن ابیہ کا سپہ سالار اور دوست (حیات ۶۶ھ/۶۸۵ء).	۷۸۵	۲
* **حارِم**	: شمالی شام میں ایک قصبہ.	۷۸۶	۱
* **حازِم**	: بن محمد بن حسن بن خلف بن حازِم الانصاری القرطاجنی (۶۰۸ھ/۱۲۱۱ء تا ۶۸۴ھ/ ۱۲۸۵ء) ، اندلس کا ایک عرب شاعر ، نحوی ، ماہر بلاغت اور مصنف المقصورۃ وغیرہ.	۷۸۷	۱
* **حاسِک**	: (ھاسِک)، مرباط کے مشرق میں علاقۂ مہرہ کے اندر کوہ نُوس (لُوس) کے دامن میں ایک قصبہ.	۷۸۹	۱
* **حاشد و بَکِیل**	: جنوبی عرب کے قبائل کا ایک وفاق.	۷۹۰	۱
* **حاشِیہ**	: صفحے کا حاشیہ اور اس پر لکھی ہوئی تعلیق، یا متن کی شرح کے لیے اصطلاح .	۷۹۳	۱
* **الحاضنۃ**	: الواحدی (جنوبی عرب) کے شمال میں ایک چھوٹا سا آزاد علاقہ.	۷۹۳	۲
* **حافظ**	: رک بہ (۱) قاری ؛ (۲) قرآن.	۷۹۳	۲
* **حافظ**	: شمس الدین محمد (نواح ۷۲۰ھ/۱۳۲۰ء تا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء)، ممتاز ترین فارسی		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	غزل گو اور صاحب دیوان شاعر۔	۷۹۴	۲
*	**الحافظ** : نگران، نگہبان، یکی از اسمائے حسنیٰ۔	۷۹۹	۲
*	**الحافظ** : ابو المیمون عبدالمجید (نواح ۴۶۷ھ/۱۰۷۴ء تا ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء)، گیارھواں فاطمی خلیفہ (از ۵۲۴ھ/۱۱۳۰ء)۔	۸۰۰	۱
*	**حافظ آباد** : پنجاب (پاکستان) کے ضلع گوجرانوالہ کی ایک تحصیل اور اس کا صدر مقام۔	۸۰۱	۱
*	**حافظ ابراھیم** : محمد حافظ بن ابراھیم، ایک نامور مصری صاحب دیوان شاعر اور مصنف، عربی شاعری کے جدید مصری مکتب فکر کا نمائندہ (م ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء)۔	۸۰۱	۱
*	**حافظ ابرو** : شہاب الدین عبداللہ بن عبدالرشید الخوافی، ایک ایرانی جغرافیہ نویس، مؤرخ اور مصنف (م ۸۳۳ھ/۱۴۳۰ء)۔	۸۰۳	۱
*	**حافظ احمد پاشا** : سلطنت عثمانیہ کا صدر اعظم، نیز ترکی کا شاعر (م ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۲ء)۔	۸۰۵	۱
⊗	**حافظ برخوردار** : گیارھویں/بارھویں صدی ہجری میں پنجابی زبان کے ممتاز شاعر اور متعدد منظوم لوک داستانوں اور مذہبی رسائل کے مصنف۔	۸۰۷	۲
*	**حافظ الدین** : متعدد علماء، مثلاً النسفی، کا ایک اعزازی لقب۔	۸۰۹	۱
⊗*	**حافظ رحمت خان** : بن شاہ عالم خان بن محمود خان (۱۱۲۰ھ/۱۷۰۸ء تا ۱۱۸۸ھ/ ۱۷۷۴ء)، سلطنت مغلیہ کے دور زوال میں ایک اہم سیاسی شخصیت اور روھیلکھنڈ کا حکمران (م ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء)۔	۸۰۹	۱
⊗	**الحاقّة** : قرآن مجید کی انہترویں سورت۔	۸۱۶	۱
*	**حاکم** : رک بہ حکم۔	۸۱۷	۱
⊗*	**الحاکم بامر اللہ** : ابو علی منصور بن عبدالعزیز باللہ نزار، مصر کے خلفائے بنی عبید میں سے تیسرا اور فاطمی خلفا میں سے چھٹا خلیفہ (از ۳۸۳ھ/۹۹۳ء تا ۴۱۱ھ/۱۰۲۱ء)۔	۸۱۷	۱
⊗*	**الحاکم النیسابوری** : (نیشا پوری)، ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد المعروف بہ ابن البیّع (۳۲۱ھ/۹۳۳ء تا ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء)، ممتاز محدث اور مصنف المستدرک علی الصحیحین۔	۸۲۷	۱
⊗*	**حال** : علم کلام و تصوف کی ایک اصطلاح۔	۸۲۸	۱
⊗*	**حالت افندی** : محمد سعید (۱۱۷۵ھ/ ۱۷۶۱ء تا ۱۲۳۸ھ/ ۱۸۲۲ء)، عثمانی سلطان محمود ثانی کے عہد کا ایک ترک مدبر۔	۸۳۱	۲
⊗*	**حالتی** : عزمی زادہ مصطفیٰ افندی (۹۷۷ھ/۱۵۷۰ء تا ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۱ء)، دولت عثمانیہ کا مشہور عالم اور شاعر۔	۸۳۳	۲
*	**حالدہ ادیب** : رک بہ خالدہ ادیب۔	۸۳۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ **حالی** :	خواجہ الطاف حسین، پانی پتی، انصاری (۱۱۳۵ھ/۱۸۳۷ء تا ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۴ء)، ہندوستان کے ایک مشہور مصلح شاعر، عالم، سوانح نگار، ادیب اور مصنف.	۸۳۵	۲
⊗* **حام** :	(Cham)، حضرت نوح ؑ کا بیٹا اور حامی نسل کا جد امجد.	۸۴۰	۱
* **حامد بن العباس** :	ابو محمد (۲۲۳ھ/۸۳۷ء تا ۳۱۱ھ/۹۲۳ء)، خلیفہ الموفق سے خلیفہ المقتدر کے ادوار تک کا قابل ترین ماہر مالیات.	۸۴۱	۲
* **حامد بن محمد المُرجبی** :	رک بہ المُرجبی، در تکملہ.	۸۴۲	۱
* **حامدی** :	(نواح ۸۳۰ھ/۱۴۲۷ء تا ۸۹۰ھ/۱۴۸۵ء)، سلطان محمد فاتح کا ایک درباری شاعر اور مصنف و مترجم.	۸۴۲	۱
* **الحامدی** :	چند اہم علما: (۱) ابراہیم بن الحسین بن ابی السُّعود الھمدانی، یمن میں طیّبی اسماعیلیوں کا دوسرا داعی مطلق (م ۵۵۷ھ/۱۱۶۲ء)؛ (۲) حاتم بن ابراہیم، سابق الذکر کا بیٹا، تیسرا داعی مطلق اور مصنف الشموس الزاھرہ (م ۵۹۶ھ/ ۱۱۹۹ء)؛ (۳) علی بن حاتم الثانی، چوتھا داعی مطلق (م ۶۰۵ھ/۱۲۰۹ء).	۸۴۲	۱
* **حامی** :	حضرت موت کا ایک ساحلی شہر.	۸۴۴	۱
* **حامی آمدی** :	احمد حامی (نواح ۱۰۹۰ھ/۱۶۷۹ء تا ۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء)، عہد عثمانیہ میں آناطولی کا ایک صاحب دیوان شاعر.	۸۴۴	۲
* **حامی الحَرَمَین** :	رک بہ خادم الحرمین، در تکملہ.	۸۴۵	۱
⊗ **حٰمٓ** :	(حامیم)، قرآن مجید کی سات سورتوں کے شروع میں آنے والے حروف مقطعات.	۸۴۵	۱
* **حامیم** :	بن مَنّ اللہ بن حریز (یا حافظ) بن عمرو المعروف بہ المُفتری، چوتھی صدی ھجری/ دسویں صدی عیسوی کا ایک جھوٹا مدعی نبوت (م ۳۱۵ھ/۹۲۷ء یا ۳۲۹ھ/۹۴۰ء).	۸۴۶	۲
⊗ **حٰمٓ السَّجدۃ** :	قرآن مجید کی اکتالیسویں سورت.	۸۴۷	۲
* **حاوی** :	(سپیرا)، مصر کے خانہ بدوش نیم حکیم، پیشہ ور سنیاسی، جوگی یا مداری.	۸۴۸	۲
⊗* **حائر** :	(حایر)، قدیم بادشاہوں کی تفریح گاہوں کے لیے ایک اصطلاح.	۸۴۹	۱
* **حائط العَجوز** :	مصر کی اساطیری ملکہ دلوکہ (= العجوز) کی بنا کردہ دیوار.	۸۵۱	۱
* **حائک** :	مشرقی افریقہ میں بطور لباس استعمال ہونے والا کپڑے کا ایک دس گز لمبا تین گز چوڑا ٹکڑا.	۸۵۱	۲
* **الحائک** :	محمد الاندلسی التّطوانی، بارھویں صدی ھجری / اٹھارھویں صدی عیسوی تک مراکش میں محفوظ عرب موسیقی سے ماخوذ اندلسی نغمات کناش الحائک (غیر مطبوعہ) کا مؤلف.	۸۵۲	۲
* **حایل** :	(حائل)، مغربی نجد میں جبل شَمّر کے علاقے کا دارالحکومت.	۸۵۴	۱
⊗* **حَبّان** :	(اَبّان)، جنوبی عرب کا ایک شہر، بالائی سلطنت واحدی [رک بان] کا صدر مقام.	۸۵۶	۱
* **حَبّۃ** :	(دانہ یا بیج)، سونے چاندی کے عربی نظام اوزان میں ایک چھوٹا سا غیرمعین وزن.	۸۵۷	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حبرون** :	(Hebron)، رک بہ الخلیل.	۸۵۷	۲
* **حِبری** :	عبدالرحمٰن بن حسن (۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳-۱۶۰۴ء تا ۱۰۸۷ھ/۱۶۷۶ء)، ادرنہ کی تاریخ کا مصنف.	۸۵۷	۲
* **حَبُس** :	(حبس)، وقف کے مترادف عربی اصطلاح؛ رک بہ وقف.	۸۵۹	۱
* **حَبَش** :	مصر کے جنوب میں خلیج عدن تک بحر احمر کے افریقی ساحلوں پر مشتمل ایک صوبے کا عثمانی (ترکی) نام.	۸۵۹	۱
* **حَبَش الحاسِب المروزی** :	احمد بن عبداللہ، ابتدائی اسلامی فلکیات میں ایک اہم شخصیت، مصنف کتاب الزیج الدمشقی وغیرہ (م حدود ۲۵۰ھ/۸۶۴ء تا ۲۶۰ھ/۸۷۴ء).	۸۶۰	۲
* **حَبَشَت** :	اکسومی حبشہ کے لیے سبائی مخطوطات میں مستعمل ایک جغرافیائی اصطلاح.	۸۶۲	۲
* **حَبَشہ** :	براعظم افریقہ کی مشرقی خاکنائے پر واقع ایک معروف ملک اور اس کے باشندے.	۸۶۶	۲
* **حَبَشی** :	برعظیم پاک و ہند میں افریقی قوموں سے بطور غلام آنے والوں کی اولاد کے لیے مستعمل اصطلاح.	۸۷۸	۲
* **الحبط** :	جنوبی عرب میں کسی بزرگ یا ولی کے زیر حفاظت و حمایت مقدس علاقے کے لیے ایک اصطلاح.	۸۸۴	۲
* **حَبیب بن اَوس** :	رک بہ ابو تمّام.	۸۸۴	۲
* **حبیب بن عبدالملک** :	القرشی المروانی، دمشق کے اموی خلیفہ الولید الاول کا پرپوتا، عبدالرحمٰن الداخل کا سپہ سالار اور علما کے خاندان بنو حبیب کا بانی (حیات ۱۶۲ھ/۷۷۸ء).	۸۸۴	۲
* **حبیب بن مَسلمہ**ؓ:	بن مالک القرشی الفہری، صحابی اور سالار عسکر (م ۴۲ھ/۶۶۲ء).	۸۸۶	۱
* **حبیب اللہ خان** :	(۱۸۷۲ تا ۱۹۱۹ء)، افغانستان کے مشہور حکمران امیر عبدالرحمٰن [رک بآں] کا بیٹا اور جانشین (از ۱۹۰۱ء).	۸۸۶	۲
⊗ **حبیب اللہ قندھاری** :	المعروف بہ حبو اخوند زادہ، افغانستان کے ایک جید عالم، پیشوائے طریقت اور چند کتب کے مصنف (م ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۹ء).	۸۸۸	۲
* **حبیب النّجّار** :	انطاکیہ کا ایک قدیم ولی اللہ.	۸۹۱	۱
* **حِجاب** :	(پردہ)، ایک معروف قرآنی، فقہی اور متصوفانہ اصطلاح.	۸۹۱	۲
* **الحجاز** :	جزیرۃ العرب کا شمال مغربی حصہ اور موجودہ سعودی عرب کا ایک بڑا اور اہم صوبہ (جس میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ شامل ہیں).	۹۰۰	۱
* **حجاز ریلوے** :	عثمانی سلطان عبدالحمید ثانی کے عہد حکومت میں ریلوے کا ایک بڑا منصوبہ.	۹۰۵	۲
* **حَجّ** :	(حج)، اسلام کے ارکان خمسہ کا پانچواں بنیادی رکن.	۹۰۸	۲
* **الحَجّ** :	قرآن مجید کی بائیسویں سورت.	۹۲۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حجّاج**	: فرمانروائے کرمان؛ رک بہ قتلغ خان.	۹۲۶	۲
* **الحَجّاج بن یُوسُف**	: ابن الحکم بن ابی عقیل الثقفی، ابو محمد (۴۱ھ / ۶۶۱ء تا ۹۵ھ/ ۷۱۴ء)، بنو امیہ کا سب سے مشہور اور لائق گورنر.	۹۲۶	۲
* **الحَجّاج بن یوسف**	: بن مَطَر الحاسب، دوسری - تیسری صدی ہجری/آٹھویں - نویں صدی عیسوی میں متعدد یونانی کتابوں، مثلاً مبادیات اقلیدس، کتاب المجسطی وغیرہ کا عربی مترجم.	۹۳۵	۱
● * **حُجّة**	: (ثبوت و برہان)، ایک معروف قرآنی، فلسفیانہ اور متکلمانہ اصطلاح.	۹۳۵	۲
* **حَجْر**	: مزاحمت کے معنوں میں ایک اہم فقہی اصطلاح.	۹۳۹	۲
* **حَجَر**	: (پتھر، چٹان وغیرہ)، ایک ارضیاتی اصطلاح.	۹۴۱	۱
* **الحجر الاسود**	: رک بہ الکعبہ.	۹۴۳	۲
* **حَجَرُ النَّسْر**	: (عقاب کی چٹان)، قبیلہ غُمارہ کے علاقے میں ریف کا ایک قلعہ.	۹۴۳	۲
● **الحِجْر**	: قرآن مجید کی پندرھویں سورت.	۹۴۴	۱
* **الحِجر**	: عرب میں بیشہ اور بنو خثعم کے علاقے کے قریب واقع ایک ضلع.	۹۴۵	۲
* **الحجر**	: جنوبی عرب کا ایک شہر.	۹۴۵	۲
* **حُجر بن عَدی**	: الکندی، حضرت علیؓ کے حامی اور بعض روایات کی رو سے صحابی رسولؐ.	۹۴۷	۱
● **الحُجُرات**	: قرآن مجید کی ایک سو انچاسویں سورت.	۹۴۸	۱
* **حُجْرَة**	: کمرہ، دالان، فن تعمیر کی ایک اصطلاح.	۹۴۸	۱
* **حُجَرِیّة**	: رک بہ حجرۃ.	۹۴۹	۲
* **الحُجْرِیّة**	: جنوبی عرب میں یمن کا ایک مجموعۂ قبائل، نیز ایک انتظامی قضا کا نام.	۹۴۹	۲
* **حُجَیلة**	: جنوبی عرب میں تہامہ کا ایک سرحدی گاؤں.	۹۵۰	۲
* **حُداء**	: (حداء)، رک بہ غنا.	۹۵۰	۲
* **حداد**	: رک بہ (۱) عِدّت؛ (۲) لباس.	۹۵۰	۲
* **حَدَث**	: از روئے شرع ناپاکی کے لیے ایک فقہی اصطلاح.	۹۵۰	۲
* **الحَدَث**	: (الحدث الحمراء)، دریائے آق صُو پر ایک سرحدی قلعہ.	۹۵۱	۱
● * **حَدّ**	: قانون اسلامی کی ایک تعزیراتی اصطلاح.	۹۵۲	۱
* **حدوث العالم**	: آغاز عالم، ایک فلسفیانہ اصطلاح.	۹۵۷	۲
* **حُدی**	: (حُداء)، رک بہ غنا.	۹۵۸	۲
⊗ **حُدَیْبِیَه**	: (حُدَیْبِیَه)، حرم مکہ کی مغربی حد پر واقع ایک بستی اور عہد نبویؐ کی ایک اہم صلح اور اس کا مقام.	۹۵۸	۱
● * **حَدیث**	: (۱) اقوال و افعال نبویؐ کے لیے مشہور اصطلاح؛ (۲) اصول حدیث.	۹۶۲	۲
* **حدیثِ قُدسی**	: حدیث الٰہی یا حدیث ربانی، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائیں؛		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	ایک مخصوص محدثانہ اصطلاح۔	۹۸۰	۱
* **حَدیثَہ** :	(نیا شہر)، متعدد شہروں کا نام : (۱) حدیثۃُ المَوصِل ؛ دریاے دجلہ کے مشرقی کنارے پر بالائی زاب کے دہانے کے قریب ایک شہر؛ (۲) حدیثۃ الفُرات : فرات کے کنارے عانہ کے جنوب میں ایک شہر؛ (۳) حِرش یا حِرس، غُوطۂ دمشق کا ایک گاؤں۔	۹۸۱	۲
⊗ **الحَدید** :	قرآن مجید کی ستاونویں سورت۔	۹۸۳	۱
* **الحَدید** :	(لوھا)، ایک قرآنی و معدنیاتی اصطلاح۔	۹۸۴	۲
* **الحُدَیدَۃ** :	عرب کی ایک بندرگاہ اور اسی نام کے صوبہ (لواء) کا صدر مقام۔	۹۸۵	۱
* **حَدیدی** :	دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی میں ایک عثمانی شاعر۔	۹۸۶	۱
* **حَذْف** :	قطع و برید کا عمل، ایک مخصوص نحوی اور عروضی اصطلاح۔	۹۸۷	۱
⊗ **حِراء** :	(حَرا)، مکہ معظمہ کے شمال مشرق میں ایک پہاڑ اور اس میں قیام و عبادت نبوی[۳] سے مشرف ایک غار۔	۹۸۷	۲
* **حَراز** :	(حَراس)، جنوبی عرب میں صنعاء کے مغرب میں وادی سِہام اور وادی سُرُدُد کے مابین واقع ایک سلسلۂ کوہ۔	۹۸۸	۱
* **حَرازِم** :	(ابن حِرزِھم)، ابوالحسن علی بن اسمٰعیل بن محمد، امام غزالی[۲] کے مکتب فکر کا ایک فقیہ (م ۵۵۹ھ/۱۰۶۳ء)۔	۹۹۰	۱
* **الحَراسیس** :	(حَرسُوسی)، ایک خانہ بدوش عربی قبیلہ۔	۹۹۱	۱
* **حَرام** :	حلال کی ضد ؛ رک به حلال و حرام۔	۹۹۳	۱
* **حَرْب** :	قتال، دو یا دو سے زیادہ فریقوں میں حالتِ جنگ۔	۹۹۳	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

جلد ۸

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حَرب : عالم اسلام میں فن حرب کے مختلف اطوار۔		۱	۱
* حَرب (بنو) : حجاز کا ایک طاقتور یمنی الاصل عربی قبیلہ۔		۵۵	۱
* حَرب بن اُمیّہ بن عَبدِ شمس : ابو سفیان کا باپ اور ابو لہب کا خسر ، مکے کی ایک اہم شخصیت۔		۵۵	۲
* حَرباء : (حربی ، جسرحریا) ، ضلع دُجَیل (عراق) کا ایک اجڑا ہوا شہر۔		۵۶	۱
* حَربَۃ : نیزہ۔		۵۷	۱
* حَربی : رک بہ (۱) امان ؛ (۲) دارالحرب ؛ (۳) مستأمن۔		۵۷	۲
* حربیہ : عسکری تربیت کے لئے ترکوں کا تعلیمی ادارہ۔		۵۷	۲
* الحُرّ بن عبدالرحمٰن الثقفی : اندلس کا ایک والی (از ۹۸ھ/۷۱۷ء تا ۱۰۰ھ/۷۱۹ء)۔		۵۹	۲
* الحُرّ بن یزید : بن ناجیہ الریاحی ، عبیداللہ بن زیاد کا ایک سالارِ لشکر اور بعد ازاں حضرت امام حسینؓ کا بہادر رفیق اور کربلا کا شہید (م ۶۱ھ/ ۶۸۰ء)۔		۶۰	۱
* الحُرّ العاملی : محمد بن الحسن العاملی المَشغری ، ایک اثنا عشری شیخ و مصنف (م ۱۱۰۴ھ/۱۶۹۲ء)۔		۶۱	۱
* حَرّان : دریائے جُلّاب کے کنارے شام و عراق کو جانے والے اہم کاروانی راستے پر واقع ایک عراقی شہر۔		۶۲	۲
* حَرّانی : رک بہ صابئۃ۔		۷۰	۱
* حرہ : پتھریلا بنجر علاقہ ؛ ایک مخصوص ارضیاتی اصطلاح۔		۷۰	۱
* الحَرّۃ : (حرۃ واقم) ، مدینۂ منورہ کے شمال مشرق جانب پھیلا ہوا علاقہ اور ۶۳ھ/ ۶۸۳ء میں اہل شام کے ساتھ مشہور لڑائی کا مقام		۷۰	۲
* حُرّیّۃ : آزادی ، شرافت ، حاکمیت میں آزادی ؛ ایک معروف اصطلاح۔		۷۳	۲
* حُرّیت و ائتلاف فِرقسی : انجمن آزادی و اتحاد ، ایک عثمانی سیاسی جماعت (تشکیل : ۲۱ نومبر ۱۹۰۰ء)۔		۹۰	۱
* حِرز یا حُرز : رک بہ حمائل۔		۹۲	۱
* الحَرسوسی : رک بہ الحراسیس۔		۹۲	۱
* حَرطانی : شمال مغربی افریقہ کے صحرائی نخلستانوں میں آباد بعض عناصر۔		۹۲	۱
* حَرف : ایک لسانی ، نحوی و صرفی اصطلاح۔		۹۳	۱
* حَرفُوش : بعلبک کے امرا کا ایک خاندان۔		۹۹	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حَرفوش**	(نیز خرفوش) ، بعض آوارہ ، بد معاش ، خصوصاً مملوک عہد میں ادنیٰ طبقے کے افراد ؛ قدیم وقائع ناموں کی ایک اصطلاح .	۹۹	۱
* **حَرقُوص بن زُهَیر السَّعدی**	سوق الاهواز کا فاتح اور بعد ازاں ایک خارجی قائد (م ۳۸ھ/۶۵۷ء) .	۱۰۱	۱
* **حَرَکت اُردوسی**	۱۷ اپریل ۱۹۰۹ء کو محمد پاشا شوکت (رک باں) کی قیادت میں ایک بغاوت کو فرو کرنے والی فوج .	۱۰۲	۲
* **حَرَکة و سکون**	فلسفہ اور الٰہیات ، نیز علم النحو وغیرہ میں مستعمل اصطلاح .	۱۰۳	۱
* **حَرَم**	ذاتُ حرمة (قابل عزت) ، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ارد گرد چند میل تک کا علاقہ .	۱۱۱	۱
* **الحَرَمین**	دو مقامات مقدسہ ، یعنی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ .	۱۱۱	۲
* **حُرُوب صَلیبیه**	رک بہ صلیبی جنگیں .	۱۱۳	۲
* **حرُوراء**	کوفے کے قریب ایک گاؤں یا ضلع .	۱۱۳	۲
* **حُرُوف (علم)**	رک بہ علم الحروف .	۱۱۸	۱
* **حُرُوف الهِجاء**	(حروف الفباء) ، حروف تہجی کے لیے ایک لسانی اصطلاح .	۱۱۸	۱
* **الحُرُوف المُقَطَّعات**	قرآنی سورتوں کے آغاز میں علٰحدہ علٰحدہ واقع حروف .	۱۲۴	۲
* **حُرُوفیه**	فضل اللہ استرابادی (۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء تا ۷۹۶ھ/۱۳۹۴ء) کا بنا کردہ باطنی اور قبائلی رجحانات کا حامل ایک بدعتی فرقہ .	۱۲۷	۱
* **حَرِیب**	جنوبی عرب کا ایک ضلع .	۱۳۱	۲
⊗ * **حَرِیر**	ریشم ، ایک مخصوص پارچہ ، اس کے استعمال کے بارے میں احکام اور اسلامی ممالک میں اس کی صنعت .	۱۳۳	۱
* **الحَرِیری**	(ابن الحریری) ، ابو محمد القاسم بن علی البصری (۴۴۶ھ/۱۰۵۴ء تا ۵۱۶ھ/ ۱۱۲۲ء)، عربی کا مشہور شاعر، ماہر لسانیات اور مقامات الحریری کا مصنف.	۱۶۲	۲
* **حَرِیریه**	دمشق میں رفاعیہ درویشوں کا ایک فرقہ؛ بانی : علی بن الحسن الحریری المروزی (م ۶۴۵ھ/۱۲۴۷ء) .	۱۶۵	۲
* **الحَرِیق**	یمامہ کے جنوب میں نجد کا ایک صوبہ .	۱۶۶	۱
⊗ * **حَرِیم**	ایک مختلف المعانی لفظ ، خصوصاً خانۂ کعبہ کے گرد ایک خصوصی قطعہ .	۱۶۶	۲
⊗ **حُرَیملا**	رک بہ حُرَیملَہ .	۱۶۷	۲
* **حُرَیملَه**	(حریملا) ، نجد کے ضلع محمل کا ایک قصبہ .	۱۶۷	۲
* **حِزْب**	ایک مختلف المعانی اصطلاح : (۱) جماعت ؛ (۲) نصیب و حَظ ؛ (۳) فوجی دستہ ؛ (۴) ہم خیال و ہم رائے لوگ ؛ (۵) ورد .	۱۶۸	۱
⊗ * **حِزقِیل**	بن بوری ، قرآن مجید میں بغیر نام کے مذکور ، عہد سابق کے ایک نبی .	۱۷۰	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊛* حزیران	شامی سال کا نواں مہینا۔	۱۷۰	۲
⊛ حَزِین	شیخ محمد علی بن ابی طالب الاصفہانی (۱۱۰۳ھ/۱۶۹۲ء تا ۱۱۸۰ھ/ ۱۷۶۶ء)، ایک فارسی گو شاعر، سیاح اور مصنف۔	۱۷۰	۲
* الحَسَا	(الاحسا)، مشرقی سعودی عرب میں ایک نخلستان یا نخلستانوں کا ایک مجموعہ۔	۱۷۱	۲
⊛* حِساب	گنتی، شمار، حساب کتاب؛ نیز ایک قرآنی اصطلاح۔	۱۷۴	۲
⊛ حِساب	رک بہ (۱) علم الحساب، (۲) محاسبہ۔	۱۷۵	۱
⊛* حِساب الجُمَّل	الفاظ کی عددی قیمتوں کے ذریعے تاریخ محفوظ کرنے کا طریقہ۔	۱۷۵	۱
* حِساب العَقد	انگلیوں پر شمار کرنے کا فن۔	۱۷۷	۲
* حِساب الغُبار	گرد و غبار کا حساب کرنا، ایران سے مستعار گنتی کا ایک طریقہ۔	۱۸۱	۲
* حُسام بن ضِرار الکلبی، ابو الخَطّار	رک بہ ابو الخطار۔	۱۸۳	۱
* حُسام الدّولۃ	رک بہ فارس بن محمد۔	۱۸۳	۱
* حُسام الدین	رک بہ تیمور تاش	۱۸۳	۱
* حُسام الدین (ابو الشوک)	رک بہ عَنّاز (بنو)۔	۱۸۳	۱
* حُسام الدّین چلبی	حسن بن محمد بن الحسن بن اخی ترک، مولانا جلال الدین رومی کے منظور نظر شاگرد اور خلیفہ ثانی (م ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء)۔	۱۸۳	۱
⊛* حسب و نسب	(مُزاوَجہ)، قرابت داری کی بنا پر کسی فرد یا قبیلے کا مقام اعزاز و اکرام متعین کرنے کے لئے ایک اصطلاح۔	۱۸۵	۱
* حِسبہ	امر بالمعروف و نہی عن المنکر، نیز عوام کے اخلاق کی نگرانی کرنے کے لیے اسلامی حکومتوں کا ایک اہم ادارہ۔	۱۸۷	۱
* حِسدای بن شپروط	(نواح ۲۹۴ھ/۹۰۵ء تا ۳۶۵ھ/۹۷۵ء)، دربار قرطبہ میں عربی، عبرانی اور لاطینی زبانوں اور ملکی عشقیہ کہانیوں پر عبور رکھنے والا ایک معزز یہودی عہدیدار۔	۲۰۳	۱
⊛ حَسرت موہانی	مولانا فضل الحسن (۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء تا ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۱ء)، بر عظیم پاک و ہند کے مشہور سیاسی رہنما اور اردو زبان کے نامور شاعر، محقق اور نقاد۔	۲۰۳	۲
* حِسّ	ادراک حسی، ایک طبیعیاتی اور الٰہیاتی اصطلاح۔	۲۰۵	۱
⊛* حَسّان بن ثابت	النجاری، نامور صحابی، مداح رسول، صاحب دیوان مخضرمی شاعر اور اسلامی مذہبی شاعری کے بانی (م نواح ۶۰ھ)۔	۲۰۷	۱
* حَسّان بن مالک	الکلبی، یزید اول کا ماموں زاد بھائی اور امیر معاویہ و یزید کے عہد میں فلسطین اور اُردن کا والی (م ۶۵ھ/۶۸۵ء)	۲۰۸	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ *	**حَسّان بن النُعمان الغَسّانی** : شاهان غسان کی اولاد میں سے ایک نامور مسلمان مدبر اور سپہ سالار ، فاتح قرطاجنہ ، بعہدِ امیر معاویہ والی افریقیہ اور بعہد عبدالملک عامل مصر (م ۸۶ھ/۷۰۵ء یا ۸۰ھ/ ۶۹۹ء).	۲۱۰	۱
*	**حَسّان ، بنو** : کندہ کے جنوب میں عربی قبیلے کی ایک شاخ (بطن).	۲۱۱	۱
*	**حَسَن** : خوب صورت ، اچھا ، ایک کثیر الاستعمال لفظ ، نیز علم حدیث کی اصطلاح .	۲۱۲	۱
*	**حَسَن** : الملک الناصر ، ناصر الدین ابوالمعالی بن محمد بن قلاوون ، مصری دولة الترک خاندان کا انیسواں مملوک سلطان (از ۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء تا ۷۶۳ھ/ ۱۳۶۲ء).	۲۱۳	۲
*	**الحَسَن بن اُستاذ هُرمُز** : ابو علی ، المخا طب عمید الجیوش ، والی خوزستان (م ۴۰۱ھ/ ۱۰۱۰-۱۰۱۱ء).	۲۱۳	۲
*	**حَسَن بن محمد العَطّار** : رک به العطار .	۲۱۴	۱
*	**حَسَن آغا** : الجزائر میں امیر البحر خیر الدین کا نامور نائب اور بعد ازاں وہاں کا والی (م ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء).	۲۱۴	۱
⊗ *	**حَسَن اَبدال** : ضلع اٹک (پاکستان) میں ایک تاریخی قصبہ.	۲۱۵	۱
*	**حَسَن الاُطْرُوش** : رک به الاطروش .	۲۱۷	۲
*	**حَسَن باہا** : (بابا حسن) ، الجزائر کا حکمران اور والی (از ۱۶۸۲ تا ۱۶۸۳ء).	۲۱۷	۲
*	**حسن بزرگ** : تاج الدُّنیا والدّین بن حسین گورگان ، المعروف به شیخ حسن ، ابو سعید ایلخانی کی وفات کے بعد بغداد میں جلائری خاندان کا بانی (از ۷۳۶ھ/ ۱۳۳۶ء تا ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء).	۲۱۸	۱
*	**حسن بے زادہ** : بن حسن بے کوچک ، ایک ترک مؤرخ اور سلیمان پاشا کے عہد وزارت میں رئیس الکُتّاب ، مصنف تاریخ آل عثمان (م ۱۰۴۶ھ/۱۶۳۶- ۱۶۳۷ء).	۲۱۹	۱
*	**حسن پاشا** : عثمانی دور میں ولایت بغداد کا گورنر (از ۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ء تا ۱۱۳۶ھ/ ۱۷۲۳ء) اور عراق کے مملوک حکمرانوں کے سلسلے کا بانی.	۲۲۰	۲
*	**حسن پاشا** : رک به (۱) صوقوللی ؛ (۲) جزائرلی حسن پاشا .	۲۲۰	۲
*	**حسن پاشا** : الجزائر کا بیگلر بیگ ، خیرالدین کا بیٹا اور الجزائر کا پاشا (م ۹۷۸ھ/ ۱۵۷۰ء).	۲۲۰	۲
*	**حسن پاشا** : جَنَّلجَلی ، عثمانی قپودان پاشا (امیر البحر) اور بودن کا بیلر بے (حیات ۱۰۴۱ھ/ ۱۶۳۱ء).	۲۲۲	۲
*	**حسن پاشا داماد** : ایک عثمانی وزیر اعظم ، (۱۱۱۵ء/ ۱۷۰۳ تا ۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ء) ،		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	بعد ازاں گورنر مصر، گورنر طرابلس اور بیگلر بیگی آناطولی (م ۱۲۵ھ/۱۷۱۳ء)۔	۲۲۳	۱
* حسن پاشا (السّید)	: عثمانی وزیر اعظم (از ۱۱۵۶ھ/۱۷۴۳ء تا ۱۱۵۹ھ تا ۱۷۴۶)، بعد ازاں ایچ ایل اور دیار بکر کا والی (م ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء)۔	۲۲۴	۲
* حسن پاشا شریف	: عثمانی قبوچی پاشا اور بعد ازاں صدر اعظم و سپہ سالار اعلی (م ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء)۔	۲۲۵	۱
* حسن پاشا	: معروف بہ یمشجی، ایک عثمانی صدر اعظم (از ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء)۔	۲۲۶	۱
* حَسَن پاشا بن حسین	: المعروف بہ یَمَنلی، البانیا کا باشندہ، اور تقریباً چوتھائی صدی تک (۹۸۸ھ/۱۵۸۰ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۴ء) یمن کا والی (م ۱۰۱۶ھ/ ۱۶۰۷ء)۔	۲۲۶	۲
* حَسَن چلبی قِنالی زادہ	: (۹۵۲ھ/۱۵۴۶-۱۵۴۷ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۴ء)، ایک مشہور ترکی عالم اور مصنف تذکرۃ الشعراء۔	۲۲۷	۲
* حَسَن چوبانی	: رک بہ چوبان (خانوادہ)۔	۲۲۸	۱
*⊗ حَسَن دہلوی	: امیر نجم الدین حسن دہلوی (سجزی) الملقب بہ سعدیِ ہندوستان، ۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء تا ۷۲۷ھ/۱۳۲۷ء یا ۷۳۸ھ/۱۳۳۷ء)، خواجہ نظام الدین اولیا کے مرید مشہور عالم اور شاعر، مصنف فوائد الفؤاد وغیرہ۔	۲۲۸	۱
* حَسَن دہلوی میر	: رک بہ میر حسن دہلوی۔	۲۲۹	۱
* حسن رُوملو	: قزلباش امیر اعلی سلطان روملو کا پوتا، قزوین اور ساوج بلاغ کا گورنر اور مصنف احسن التواریخ وغیرہ (حیات ۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء)۔	۲۲۹	۱
* حَسَن صَبّاح	: رک بہ الحسن بن الصباح۔	۲۳۰	۱
* حسن الصَّغانی	: (الصاغانی)، ابو الفضائل رضی الدین حسن (۵۷۷ھ/۱۱۸۱ء تا ۶۵۰ھ/ ۱۲۵۲ء)، مشہور عالم اور مصنف مشارق الانوار۔	۲۳۰	۱
⊗* حَسَن العسکری[ع]	(امام) : اثنا عشری شیعہ کے گیارھویں امام (م ۲۶۰ھ/۸۷۳ء)۔	۲۳۴	۱
* حسن فہمی	: ترک صحافی، مدیر اخبار سر بستی (م ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء)۔	۲۳۶	۱
* حسن فہمی	: عربی، فارسی اور فرانسیسی زبانیں جاننے والا ایک عثمانی سیاستدان، مدبر، وزیر، صدر مجلس، ماہر قانون اور مختلف علاقوں کا والی (م ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء)۔	۲۳۶	۲
* حسن فہمی افندی	: المعروف بہ آقشہرلی (۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵-۱۷۹۶ء تا ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱ء)، عثمانی شیخ الاسلام۔	۲۳۸	۱
* حسن کافی	: رک بہ آق حصاری۔	۲۴۰	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حسن کبیر الدّین**	: ابو قلندر ، پاکستان کے صوبۂ سندھ کے ایک نیم افسانوی بزرگ (م ۸۵۳ھ/۱۴۴۹ء).	۲۴۰	۱
* **حسن کوچک**	: حسن بزرگ [رکّ بآں] کا ہم عصر اور حریف (م ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء).	۲۴۰	۲
* **الحسن (مولای)**	: ابو علی ، سِجِلماسہ کے حسنی اشراف کا چودھواں فرمانروا اور مراکش کا سلطان (از ۱۲ ستمبر ۱۸۷۳ء تا ۹ جون ۱۸۹۴ء).	۲۴۱	۲
* **الحسن بن الخَصِیب ابوبکر**	: رکّ بہ الخصیبی.	۲۴۲	۲
* **الحسن بن زید بن حسنؓ**	: حضرت علیؓ کے نہایت متقی اور متدین پرپوتے اور مدینہ منورہ کے والی (از ۱۵۰ھ/۷۶۷ء تا ۱۵۵ھ/۷۷۲ء ؛ م ۱۶۷ھ/۷۸۳ء).	۲۴۲	۲
* **الحسن بن زید بن محمد**	: الحسن بن زید بن الحسن کے پر پوتے اور طبرستان میں ایک علوی حکمران خاندان کے بانی (از ۲۵۷ھ/۸۷۱ء تا ۲۷۰ھ/۸۸۳-۸۸۴ء).	۲۴۳	۱
* **الحسن بن سَہل بن عبداللہ السَّرخسی**	: خلیفہ المأمون کا خسر اور عرب و عراق کا والی (م ۲۳۵-۲۳۶ھ/۸۵۰ء).	۲۴۴	۱
* **الحسن بن صالح بن حَیّ الکوفی**	: ابو عبداللہ (۱۰۰ھ/۷۱۸-۷۱۹ء تا ۱۶۸ھ/۷۸۴-۷۸۵ء) ، محدث اور زیدی متکلم.	۲۴۵	۱
* **الحسن بن الصَّبّاح**	: (حسن صَبّاح) ، فرقۂ حشیشیین کا بانی ، قلعۂ الموت کا حکمران اور نزاری اسماعیلیوں کا سب سے پہلا داعی (م ۵۱۸ھ/۱۱۲۴ء).	۲۴۶	۱
* **الحسن بن عبداللہ**	: رکّ بہ ناصر الدولہ.	۲۴۹	۱
* **الحسن بن علی**	: رکّ بہ (۱) ابن ماکولا ؛ (۲) الاطروش ؛ (۳) نظام الملک.	۲۴۹	۱
* **الحسن بن علی**	: المهدیه کے زیری خاندان کا آخری حکمران (از ۵۱۵ھ/۱۱۲۱-۱۱۲۲ء تا ۵۴۳ھ/۱۱۴۸-۱۱۴۹ء).	۲۴۹	۱
* **الحسن بن علی**	: بن ابی الحسین الکلبی ، فاطمی خلیفہ المنصور کی طرف سے صقلیہ میں ایک عرب سپہ سالار اور والی (م ۳۵۴ھ/۹۶۵ء).	۲۵۰	۱
* **الحسنؓ بن علیؓ**	: بن ابی طالب (۳ھ/۶۲۵ء تا ۵۰/۶۷۰ء) ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے نواسے ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے پہلے صاحبزادے اور اثنا عشری شیعہ کے دوسرے امام.	۲۵۶	۱
* **الحسن بن محمد**	: رکّ بہ المُہلّبی.	۲۵۹	۲
* **الحسن بن محمد الوَزّان**	: (Leo Africanus) ، المعروف بہ یوحنا الاسد الغرناطی (۹۰۱ھ/۱۴۹۵ء تا ۹۵۷ھ/۱۵۵۰ء) ، مشہور عالم اور مصنف.	۲۵۹	۲
* **الحسن بن مَخلَد**	: رکّ بہ ابن مخلد (۱).	۲۶۰	۲

besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* الحسن بن هانی :	رک بہ ابو نواس .	۲۶۰	۲
* الحسن بن یوسف :	رک بہ الحلی .	۲۶۰	۲
* الحسن الاعصم :	بحرین کا مشہور قرمطی رہنما ، سپہ سالار اور جزوی حکمران (م ۳۶۶ھ/۹۷۷ء) .	۲۶۰	۲
* حسن البصری :	ابو سعید بن ابی الحسن یسار البصری (۲۱ھ/۶۴۲ء تا ۱۱۰ھ/۷۲۸ء)، اموی عہد میں بصرے کے مشہور واعظ ، صوفی اور سرخیل تابعین .	۲۶۲	۱
* حسنک :	ابو علی حسن بن محمد عباس ، سلطان محمود غزنوی کا آخری وزیر (م ۴۲۳ھ/۱۰۳۲ء) .	۲۶۵	۱
* حسنویہ :	ایک کرد سردار اور چوتھی-پانچویں صدی ہجری / دسویں-گیارھویں صدی عیسوی میں مغربی ایران اور بالائی الجزیرہ میں ایک کم و بیش خود مختار حکمران خاندان کا بانی (م ۳۶۹ھ/۹۷۹ء) .	۲۶۶	۱
* حسنی :	(جمع : حسنیون)، حضرت حسنؓ بن علیؓ کی اولاد میں سے مغربی مراکش کے علوی شریفوں کے دو حکمران خاندانوں (علوی یا سجلماسی اور سعدی یا زیدانی) کا نام .	۲۶۸	۲
* حسنی :	مراکش میں مولای الحسن کے حکم سے ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ء میں ڈھالے گئے سکے .	۲۷۱	۱
* حسین (بنو) :	تونس میں ۱۷۰۵ء سے ۱۹۵۷ء تک حکومت کرنے والا شاہی خاندان ؛ بانی : حسین بن علی (رک بآں) .	۲۷۱	۲
● حسین بن دلدار علی :	سید ، عرف میرن صاحب (۱۲۱۱ھ/۱۷۹۶ء تا ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۶ء) مرزا غالب کے معاصر ، لکھنؤ کے نامور شیعہ مجتہد اور مصنف .	۲۷۶	۱
● حسین بن سعید :	اہوازی ، ایک ممتاز شیعہ عالم (م بعد از ۲۵۶ھ/۸۷۰ء یا ۳۰۰ھ/۹۱۲ء) .	۲۷۶	۲
* حسین بن سلیمان :	المعروف بہ سلطان حسین مرزا (۱۰۷۹ھ/۱۶۶۸ء تا ۱۱۳۹ھ/۱۷۲۶ء) ، ایران کے صفوی حکمران سلیمان اول کا بڑا بیٹا اور جانشین (از ۱۱۰۵ھ/۱۶۹۴ء تا ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۲ء) .	۲۷۷	۲
* حسین بن الصدیق :	رک بہ الاہدل .	۲۸۰	۲
⊛ حسین بن محمد تقی :	المعروف بہ علامہ نوری (۱۲۵۴ھ/۱۸۳۹ء تا ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء) ، نامور شیعہ عالم ، محدث اور صاحب جامع کبیر وغیرہ .	۲۸۰	۲
* حسین آباد :	(حسین آباد بزرگ) ، بھارتی صوبۂ بنگال کے ضلع مالدا میں ایک شہر .	۲۸۱	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حسین افندی	: المعروف به جنجی خوجه ، عثمانی سلطان ابراهیم کا اتالیق اور منظور نظر (م ۱۰۵۸ھ/۱۶۴۸ء) .	۲۸۱	۲
* حسین پاشا	: (۱۱۹۰ھ/۱۷۷۶ء تا ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۹ء) ، المعروف به آغا حسین پاشا یا آغا پاشا ، عثمانی وزیر اور سر عسکر .	۲۸۳	۱
* حسین پاشا	: حاجی ، المعروف به مزه مورته ، الجزائر کا بحری مہم جو اور عثمانی امیر البحر (م ۱۱۱۳ھ/۱۷۰۱ء) .	۲۸۴	۲
* حسین پاشا دلی	: (یا دلاور) ، عثمانی قپودان پاشا اور مختلف ولایات کا والی (م نواح ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء) .	۲۸۶	۲
* حسین پاشا عموجه زاده	: عثمانی قپودان پاشا اور وزیر اعظم (۱۱۱۴ھ/۱۷۰۲ء) .	۲۸۷	۲
* حسین پاشا	: الملقب به کوچک ، عثمانی قپودان پاشا اور وزیر (م ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء) .	۲۸۹	۱
* حسین جاهد	: یَلِجین (۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء تا ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۷ء) ، ترک مصنف ، صحافی اور سیاست دان .	۲۹۰	۱
* حسین جَجَا دین اِنگراد	: رک به آ آ ، بار دوم ، تکمله .	۲۹۳	۱
* حسین جهان سوز	: علاء الدین غوری ؛ رک به جهان سوز .	۲۹۳	۱
* حسین حِلمی پاشا	: (۱۲۷۱-۱۲۷۲ھ/۱۸۵۵ء تا ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۲ء) ، ۱۹۰۹ء میں دوبار عثمانی وزیر اعظم .	۲۹۳	۱
* حسین رَحمی	: گورپنار (۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء تا ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۴ء) ، ترکی ناول نگار اور مختصر افسانه نویس .	۲۹۴	۲
* حسین شاه	: سید السادات علاء الدین ابو الظفر شاه حسین سلطان ، بنگاله کے حسین شاهی حکمران خاندان کا بانی (م ۹۲۶ھ/۱۵۱۹ء) .	۲۹۹	۱
* حسین شاه شرقی	: جونپور کی آزاد شرقی ریاست کا آخری بادشاه (۸۶۳ھ/۱۴۵۸ء تا ۸۹۲ھ/۱۴۸۶ء) ، ماهر موسیقی دان اور «خیال» کا موجد (م ۹۰۵ھ/ ۱۵۰۰ء) .	۳۰۰	۱
* حسین شاه اَرغون	: المعروف به مرزا شاه حسن (۸۹۶ھ/۱۴۹۰ء تا ۹۶۲ھ/۱۵۵۵ء) ، سنده کے ارغون خاندان کا بانی (از ۹۲۸ھ/۱۵۲۱ء) .	۳۰۲	۱
* حسین شاه چَک	: رک به کشمیر .	۳۰۴	۱
* حسین شاه لنگاه اول	: رائے سہرا الملقب به قطب الدین ، ملتان کے لنگاه خاندان کے بانی کا بیٹا اور جانشین (از ۸۷۴ھ/۱۴۶۹ء تا ۹۰۸ھ/۱۵۰۲ء) .	۳۰۴	۱
* حسن شاه لنگاه دوم	: ابن محمود لنگاه ، ملتان کا فرمانروا (از ۹۳۱ھ/۱۵۲۴-۱۵۲۵ء تا ۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء) .	۳۰۵	۲
* حسین عَولی پاشا	: (۱۲۳۶ھ/۱۸۲۰ء تا ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) ، ترکیه کا چار بار وزیر جنگ		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	اور سلطان عبدالعزیز کے عہد میں صدر اعظم۔	۳۰۶	۱
* حسین کامل	: (۱۲۷۰ھ/۱۸۵۳ء تا ۱۳۳۵ھ/۱۹۱۷ء) ، خدیو اسماعیل کا بیٹا اور برطانیہ کے زیر سیادت سلطان مصر (از دسمبر ۱۹۱۴ء تا اکتوبر ۱۹۱۷ء)۔	۳۰۷	۱
* حسین مرزا بن منصور بن بایقرا	: ابو الغازی (ولادت ۸۴۲ھ/۱۴۳۸ء) ، خراسان کا مشہور علم دوست بادشاہ (از ۸۷۳ھ/۱۴۶۹ء تا ۹۱۱ھ/ ۱۵۰۶ء)۔	۳۰۹	۲
* حُسین نِظام شاہ	: احمد نگر کا تیسرا نظام شاہی فرمانروا (از ۹۶۱ھ/۱۵۵۴ء تا ۹۷۲ھ/۱۵۶۵ء)۔	۳۱۱	۱
* حسین واعظ کاشفی	: رک بہ کاشفی۔	۳۱۲	۱
* حسین ہزار فن	: نقشبندی ، ترک مصنف ، صاحب تنقیح تواریخ الملوک وغیرہ (م ۱۱۰۳ھ/ ۱۶۹۱-۱۶۹۲ء)۔	۳۱۲	۱
* حُسین ہَمَدانی	: ایک بابی فاضل ، تاریخ جدید اور نقطة الکاف کا مصنف (م ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱-۱۸۸۲ء)۔	۳۱۳	۲
* الحُسین بن احمد	: رک بہ (۱) عبداللہ (المحتسب) الشیعی ؛ (۲) ابن خالویہ۔	۳۱۴	۱
* الحُسین بن الحُسین	: (نواح ۱۱۷۹ھ/۱۷۶۵ء تا ۱۲۵۴ھ/۱۸۳۸ء) ، الجزائر کا آخری دای۔	۳۱۴	۱
* الحُسین بن حَمْدان	: التَّغلبی ، حمدانی خاندان کا پہلا نامورفرد اور عہد عباسیہ کا ایک اہم عسکری و سیاسی کردار (م ۳۰۶ھ/۹۱۸ء)۔	۳۱۶	۱
* الحُسین بن الضَّحاک الباهلی	: ابو علی المعروف بہ الاشقر یا الخلیع ، دوسری-تیسری ہجری/آٹھویں-نویں صدی عیسوی میں بصرے کا ایک شاعر اور خلفاے عباسیہ کا ندیم (م ۲۵۰ھ/۸۶۴ء)۔	۳۱۹	۲
* الحُسین بن عبداللہ	: رک بہ ابن سینا۔	۳۲۳	۱
⊗ الحسین[ع] بن علی[ع]	: بن ابی طالب (۴ھ/۶۲۶ء تا ۶۸۰ھ/۶۸۱ء)، سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی[ع] اور حضرت فاطمہ[ع] کے دوسرے صاحبزادے ، سیدالشہداء ، اثنا عشریہ کے تیسرے امام۔	۳۲۳	۱
* الحُسین بن علی	: رک بہ (۱) ابن ماکولا ؛ (۲) الطغرائی ؛ (۳) المغربی۔	۳۳۴	۲
* الحسین بن علی	: تونس کا بای اور وہاں کے حکمران خاندان حسینی کا بانی (از ۱۱۱۷ھ/ ۱۷۰۵ء تا ۱۱۴۸ھ/۱۷۳۵ء)۔	۳۳۴	۲
* الحسین بن علی	: (الطالبی) ، خلیفہ الہادی کے عہد میں ایک علوی بغاوت کے قائد (م ۱۶۹ھ/۷۸۶ء)۔	۳۳۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **الحُسین بن محمد**	رک بہ الراغب الاصفہانی .	۳۳۹	۲
* **الحسین بن منصور**	رک بہ الحلاج .	۳۳۹	۲
* **الحسین الخلیع**	رک بہ الحسین بن الضحاک .	۳۳۹	۲
* **حُسینی**	(ج : حسینیون) ، حضرت حسینؓ بن علیؓ کے ساتھ اپنا شجرۂ نسب ملانے والے مراکش کے سادات (صقلیون و عراقیون) .	۳۳۹	۲
* **حُسینی دالان**	ڈھاکہ کا ایک قدیم شیعی امام باڑہ (تعمیر ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء) .	۳۴۰	۱
* **حُسینی سادات ، امیر**	شیخ بہاء الدین زکریا ملتانیؒ کے ممتاز صوفی شاگرد اور مصنف نزہۃ الارواح وغیر. (م ۷۲۹ھ/۱۳۲۸ء).	۳۴۱	۱
* **حَشْر**	رک بہ قیامت .	۳۴۲	۲
⊗ * **حَشر**	آغا حشر کاشمیری ، محمد شاہ (۱۲۹۶ھ/۱۸۷۹ء تا ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء) ، اردو کے ممتاز ترین ڈراما نگار اور شاعر .	۳۴۲	۲
* **الحَشر**	قرآن مجید کی انسٹھویں سورت.	۳۴۶	۲
* **الحَشّاشون**	(الحَشاشین) ، رک بہ الحَشیشیہ .	۳۴۷	۲
* **حَشمت**	ترکی کا ممتاز شاعر ، قادر انداز اور شمشیر زن (م ۱۱۸۲ھ/۱۷۶۸-۱۷۶۹ء) .	۳۴۷	۲
* **حَشو**	بمعنی زائد ؛ علم صرف و نحو اور عروض کی ایک اصطلاح .	۳۴۸	۲
* **حَشویہ**	ظواہر پر انحصار کرکے تجسیم باری کے قائل لوگوں کے لیے علم الکلام کی اصطلاح .	۳۴۹	۱
* **حَشیش**	(بھنگ) ، ایک نشہ آور بوٹی .	۳۴۹	۲
* **الحشیشیۃ**	(الحشیشیون ، الحشاشون ، الحشاشین) ، از منۂ وسطی میں اسمٰعیلی فرقے کی نزاری شاخ .	۳۵۴	۲
⊗ **الحَشیشیون**	رک بہ الحشیشیہ .	۳۵۷	۱
* **حِصار**	قصر ، قلعہ ، کوٹ ، گڑھی ؛ ایشیائے کوچک کے متعدد مقامات کے ناموں میں شامل ایک تعمیراتی اصطلاح .	۳۵۷	۱
* **حصار**	(محاصرہ) ، فن حرب کی ایک اصطلاح .	۳۵۷	۲
* **حِصار**	(Gissar) ، بخارا کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام .	۳۸۸	۱
⊗ * **حصار فیروزہ**	(موجودہ حصار) ، صوبہ ہریانہ (بھارت) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام .	۳۸۹	۲
* **حِصار لِق**	[= حصارجق] ، ایک بلند مقام ، قدیم شہر تروآ (Troja) کا محل وقوع .	۳۹۱	۲
* **حصہ**	رک بہ (۱) تیمار ؛ (۲) وقف .	۳۹۱	۲
* **حِصْن**	رک بہ (۱) قلعہ ؛ (۲) قصر .	۳۹۱	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حِصن الأکراد	: (حِصن السَّفح) ، سطح مرتفع البُقیعَة پر واقع ایک قلعہ .	۳۹۲	۱
* حِصن زیاد	: رک بہ خرپوت .	۳۹۳	۱
* حصن الغُراب	: جنوبی عرب میں بندرگاہ بئر علی مَجْدَحَة کے قریب ایک پہاڑی پر بنا ہوا قلعہ .	۳۹۳	۱
* حِصن کَیفا	: الجزیرہ میں دجلہ کے دائیں کنارے پر ایک شہر .	۳۹۵	۱
* حصن منصور	: مَلَطِیَہ کی سنجاق میں ایک قضا اور اس کا صدر مقام .	۳۹۸	۲
* الحُصَین بن نُمیر	: الکندی السَّکونی ، جنگ صفین میں ایک اموی سپہ سالار اور بعد ازاں حاکم حمص (م ۶۷ھ/۶۸۶ء) .	۳۹۸	۲
* حِضانة	: بچے کی سرپرستی کا حق ؛ ایک فقہی و قانونی اصطلاح .	۳۹۹	۲
* الحَضر	: (قدیم ہَترا) ، موصل کے جنوب مغرب میں ایک قدیم شہر (اب کھنڈر) .	۴۰۶	۲
* حَضرَة	: صوفیہ کی ایک اصطلاح ، بمعنی جناب باری تعالٰی میں قلباً حاضر ہونا .	۴۰۷	۲
* حَضرَ مَوت	: یمن کے مشرق میں ایک قدیم مملکت اور آجکل جمہوریۂ جنوبی یمن کا ایک اہم شہر .	۴۰۸	۱
* حُضُنہ	: (هدنه) ، الجزائر کے بالائی میدانوں میں ایک نشیبی علاقہ .	۴۱۴	۱
* حُضور	: (حضور نبی شعیب) ، جنوبی عرب کا ایک پہاڑ (بلندی ۹۴۰۰ فٹ) .	۴۱۴	۲
* حَضِیض	: سورج ، چاند یا سیارے کا زمین سے قرب ؛ ہیئت کی ایک اصطلاح .	۴۱۶	۰
* الحُضین	: بن المنذر ، ابو ساسان ، سربرآوردہ تابعی اور بصرے کے مقتدر شاعر (م نواح ۱۰۰ھ/۷۱۸-۷۱۹ء) .	۴۱۶	۱
* حِطّین	: (کَفر حَطّیه) ، طبریہ کے مغرب میں ایک گاؤں .	۴۱۷	۱
* الحُطَیئَہ	: (بونا)، جرول بن اوس ، ایک مخضرمی صاحب دیوان عرب شاعر (م ۳۰ھ/۶۵۰ء) .	۴۱۷	۲
* حطیم	: رک بہ کعبہ .	۴۱۹	۱
* حَفّاء	: رک بہ قرطاس .	۴۱۹	۱
* حُفاش	: جنوبی عرب میں ایک بلند پہاڑ .	۴۱۹	۱
* حَفرالباطن	: رک بہ باطن .	۴۱۹	۲
* حَفْرَک	: فارس کا ایک ضلع .	۴۱۹	۲
* حَفْص (بنو)	: مغرب اقصی کے مشرقی علاقے کا ایک حکمران خاندان (از ۶۲۷ھ/۱۲۲۹ء تا ۹۸۲ھ/۱۵۷۴ء) .	۴۲۰	۱
* حَفص بن سُلَیمان	: رک بہ ابو سَلَمہ .	۴۲۹	۱
* حَفص بن سلیمان بن المُغیرہ	: ابو عمر بن ابی داؤد الاسدی الکوفی الفاخری البزّاز (ولادت نواح ۹۰ھ/۷۰۹ء) ، قرآن مجید کے قراے سبعہ		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	میں سے مشہور قاری عاصم کے شاگرد اور ان کی قراءت کے راوی۔	۴۲۹	۱
* حَفْص الفَرد	: ابو عمرو (و ابو یحیٰی)، امام شافعیؒ کے عہد کا ایک عرب فقیہ۔	۴۲۹	۲
⊛ حَفصہ	ؓ: ام المؤمنین حضرت حفصہ بنت عمرؓ بن الخطاب (م ۴۱ھ/۶۶۱ء یا ۴۵ھ/۶۶۵ء)۔	۴۳۰	۱
* حفصہ بنت الحاج	: الرکونیہ (۵۳۰ھ/۱۱۳۵ء تا ۵۸۹ھ/۱۱۹۰-۱۱۹۱ء)، غرناطہ کی ایک رومانیت پسند شاعرہ۔	۴۳۲	۲
* حَفِیظ	: المعروف بہ مولای حفیظ (۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء تا ۱۳۵۶ھ/۱۹۳۷ء)، مراکش کا آخری علوی سلطان (از ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء تا ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۲ء)۔	۴۳۳	۱
* حَقائق	: اصطلاحاً اسمٰعیلیہ اور متعلقہ فرقوں کا نظام باطنی۔	۴۳۵	۱
⊛ حَق	: ایک معروف اسلامی، فلسفیانہ، متصوفانہ اصطلاح۔	۴۳۵	۲
* حَقّی	: رک بہ (۱) ابراھیم حقی؛ (۲) اسماعیل حقی؛ (۳) عبدالحق بن سیف الدین (الترک الدھلوی)۔	۴۳۹	۱
* حُقُوق	: ایک مصروف قانونی اصطلاح۔	۴۳۹	۱
* حَقیقۃ	: (ع)، کسی شے کی اصلیت، کنہ، ماھیت، داخلی مطلب، جوھر وغیرہ؛ ایک فلسفیانہ اصطلاح۔	۴۳۹	۲
* حکایہ	: ایک معروف ادبی اصطلاح۔	۴۴۳	۲
* الحکاری	: رک بہ عدی بن مسافر۔	۴۵۲	۱
* حَکَم	: منصف، ثالث؛ ایک معروف قانونی اصطلاح۔	۴۵۲	۱
* حُکم بن سَعد العَشیرۃ	: جنوبی عرب میں بنو مذحج کا ایک قبیلہ۔	۴۵۴	۱
* الحَکَم الاوّل	: بن ھشام بن عبدالرحمن، ابو العاصی، قرطبہ کا تیسرا اموی امیر (از ۱۸۰ھ/۷۹۶ء تا ۲۰۶ھ/۸۲۲ء)۔	۴۵۴	۲
* الحکم الثانی	: المستنصر باللہ، عبدالرحمن ثالث کا بیٹا اور اندلس کا اموی خلیفہ (از ۳۵۰ھ/ ۹۶۱ء تا ۳۶۶ھ/۹۷۶ء)۔	۴۵۶	۹
* الحَکَم بن عَبدل	: بن جبلہ الاسدی، ایک ھجو گو عرب شاعر (حیات ۷۴ھ/۶۹۳ء)۔	۴۵۸	۱
* الحکم بن عُکاشہ	: ایک اندلسی مہم جو اور قرطبہ اور بلنسیہ کا چند مہینوں کے لیے حکمران (م ۳۶۷ھ/۱۰۷۵ء)۔	۴۵۹	۱
* اَلحَکم بن محمد	: بن قنبر المازنی (ولادت نواح ۱۱۰ھ/۷۲۸ء)، بصرے کا ایک شاعر اور دو قصوں کا مصنف۔	۴۵۹	۲
⊛* حُکم	: ایک اسلامی، فقہی، نحوی اور فلسفیانہ اصطلاح۔	۴۶۰	۱
⊛* حِکمۃ	: ایک قرآنی اور فلسفیانہ اصطلاح۔	۴۶۷	۲
⊛ حِکمۃ الاِشراق	: شہاب الدین یحیٰی بن حبش بن امیرک السھروردی (م ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء)		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	کا بنا کردہ ایک فلسفیانہ مکتب ذکر۔	۲ ۴۷۲
⊗ حُکُومَة	: حکومت چلانے کے مفہوم میں ایک اہم اصطلاح اور اسکا اسلامی تصور۔	۲ ۴۷۵
* حَکیم	: طبیب ، دانشمند ، ماہر وغیرہ ؛ ایک اسلامی و فلسفیانہ اصطلاح۔	۲ ۴۷۹
* حکیم آتا	: خوارزم کے ایک ترک ولی اللہ (م ۵۶۲ھ/۱۱۶۶-۱۱۶۷ء)۔	۱ ۴۸۰
* حکیم باشی	: سلطنت عثمانیہ میں محل کے رئیس الاطباء کا لقب۔	۲ ۴۸۰
⊗ حَلال و حَرام	: حلّت و حرمت ، مشروع و ممنوع کے مفہوم میں ایک شرعی اصطلاح۔	۲ ۲۸۲
* حَلَب	: سابقاً شمالی شام کی ترک ولایت اور فی‌الوقت شام کا دوسرا بڑا شہر۔	۱ ۴۸۶
* الحَلَبی	: برہان الدین ابراہیم بن محمد بن ابراہیم ، ایک مشہور حنفی فقیہ اور متعدد کتب کا مصنف (م ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء)۔	۲ ۵۱۰
* الحَلبی	: نور الدین بن برہان الدین علی بن ابراہیم القاہری الشافعی (۹۷۵ھ/۱۵۶۷ء تا ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴ء)، ایک عرب مصنف اور سیرت نگار۔	۱ ۵۱۲
* حِلف الفُضُول	: عہد ما قبل اسلام میں ہونے والے دو معاہدات (جن میں سے ایک معاہدے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی شریک تھے)۔	۲ ۵۱۲
* الحَلفاء	: کاغذ سازی کی صنعت میں استعمال ہونے والی ایک مخصوص گھاس۔	۱ ۵۱۵
* حَلق الوادی	: تونس میں ایک ساحلی قصبہ۔	۲ ۵۱۷
* حَلقہ	: رک بہ تصوف۔	۱ ۵۱۹
* حَلقہ	: مزاب [رک بآں] کے اباضی، وہبی فرقہ کے بارہ عزابہ پر مشتمل ایک مذہبی مجلس۔	۱ ۵۱۹
* حَلقہ	: ایوبی اور مملوک عہد میں ایک معاشرتی و فوجی وحدت کے لیے مستعمل اصطلاح۔	۲ ۵۲۷
* الحَلّاج	: (منصور الحلاج) ، ابو المغیث الحسین بن منصور بن مُحمّی البیضاوی(۲۴۴ھ/۸۵۷ء تا ۳۰۹ھ/۹۲۲ء) ، ایک متنازع فیہ معروف صوفی اور عالم۔	۲ ۵۲۹
* الحُلل الموشیة	: کسی نا معلوم مصنف (غالباً ابو عبداللہ محمد بن ابی المعانی بن سماک) کی عربی زبان میں مرابطون اور موحّدون کی ایک تاریخ (تصنیف ۷۸۳ھ/۱۳۸۱ء)۔	۱ ۵۴۰
* الحِلّة	: ولایت بغداد کا ایک شہر اور اسی نام کی سنجاق کا صدر مقام۔	۱ ۵۴۱
* الحِلّی	: (۱) علامہ جمال الدین ابو منصور حسن بن یوسف (۶۴۸ھ/۱۲۵۰ء تا ۷۲۶ھ/۱۳۲۵ء) ، نامور امامیہ شیعی عالم اور مصنف ؛ (۲) نجم الدین جعفر بن حسین بن یحیٰی (۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء تا ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء) الملقب بہ المحقق ، مصنف شرائع الاسلام (شیعی فقہ) ؛ (۳) احمد بن فہد ، الملقب بہ شیخ المتأخرین (م ۸۰۶ھ/۱۴۰۳ء)۔	۲ ۵۴۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* الحِلّی	: صفی الدین عبدالعزیز الطائی (۶۷۷ھ/۱۲۷۸ء تا ۷۵۰ھ/۱۳۴۹ء یا ۷۵۲ھ/ ۱۳۵۱ء) ، ایک نامور عرب شاعر .	۵۴۴	۱
⊗ حِلم	: (بردباری) ، اسلامی اخلاقیات کی رو سے ایک صفت حسنہ .	۵۴۴	۲
* حُلم	: رکَ بہ رؤیا .	۵۴۸	۲
* حُلمانیہ	: صوفیوں کا ایک سلسلہ ؛ بانی : ابو حُلمان الفارسی الحلبی ، مرید ابن سالم البصری (م ۲۹۷ھ/۹۰۹ء) .	۵۴۸	۲
* حِلمی	: (احمد)، المعروف بہ شاہ بندر زادہ ، ایک ترک صحافی .	۵۴۹	۱
* حلمی	: (احمد افندی) ، انیسویں صدی عیسوی کا ایک ترک مترجم ؛ مصنف تاریخ عمومی (م ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء) .	۵۴۹	۱
* حِلمی	: (توتلی) ، ایک ترک مصنف اور سیاست دان (م ۱۳۴۷ھ/۱۹۲۸ء) .	۵۵۰	۱
* حُلوان	: زاگروس کے درّوں کے مدخل پر واقع ایک بہت قدیم اور آج کل ویران شہر.	۵۵۰	۲
* حِلوان	: قاہرہ سے پچیس کلو میٹر جنوب میں پر ایک شہر .	۵۵۱	۱
* حُلول	: ایک علمی و فلسفیانہ اصطلاح .	۵۵۲	۱
* حَلی	: سرحد حجاز و یمن پر پینتیس دیہات کا مجموعہ .	۵۵۴	۱
* الحَلیم	: خدا کا ایک نام ؛ رکَ بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الاسماء الحسنیٰ .	۵۵۴	۲
* حَلیمہ	: غسّان کے بادشاہ حارث جبلہ کی بیٹی .	۵۵۴	۲
* حَلیمہ	: قبیلہ بنو سعد بن بکر کی ایک خاتون اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی والدہ .	۵۵۵	۱
* حَماۃ	: وسط شام کا ایک تاریخی شہر .	۵۵۵	۲
* حِمار	: گدھا .	۵۶۰	۱
* حَماسَہ	: شجاعت ، بہادری یا اس سے متعلق کوئی ادب پارہ ؛ متعدد شعری مجموعوں کا نام ، مثلاً ابو تمام ؛ بعد ازاں عربی، فارسی اور ترکی اردو وغیرہ میں رزمیہ منظومات .	۵۶۰	۲
* حِمالَہ	: رکَ بہ حَمائل .	۵۸۲	۲
* حمالیہ	: ایک افریقی اسلامی تحریک ؛ بانی : شیخ سیدی محمد بن عبداللہ المعروف بہ شریف الاخضر (م ۱۹۰۹ء) .	۵۸۲	۲
* حمام	: نگلنے اور چہچہانے والے پرندے .	۵۸۶	۲
* حَماوَند	: کُردوں کا ایک قبیلہ .	۵۸۶	۲
* حَمائل	: تعویذ ، طلسم کے معنی میں ایک اصطلاح .	۵۸۷	۱
* حَمد	: تعریف ، ستائش ؛ رکَ بہ حمد لہ .	۵۹۰	۱
* صُبح ازل	: رک به (۱) بهاء الله ؛ (۲) بهائیت .	۴۶	۲
* صبحی محمد	: ایک ترک وقائع نویس اور تاریخ نگار (م ۱۱۸۲ھ/۱۷۶۹ء) .	۴۶	۲
⊗* صَبر	: ایک اهم اسلامی تصور اور اصطلاح .	۴۷	۱
* صَبر	: ایلوا ؛ افریقی ایلوے کے مختلف اقسام کے پودوں کے پتوں کا خشک کیا هوا رس.	۵۲	۱
* صِبیا	: عسیر (جنوبی عرب) کا ایک شهر اور ۱۹۳۲ء تک ادریسیوں کا دارالحکومت.	۵۲	۲
* صُبَیطلہ	: تونس کا ایک قدیم شهر .	۵۲	۲
⊗ صَحابہ[ص]	: (رفیق ، ساتھی)، ایک اصطلاح، بمعنی سرور کائنات صلی الله علیه وآله وسلم کا حالت ایمان میں دیدار کرنے والے خوش نصیب مسلمان اور آپ[ص] کے رفقاے کرام .	۵۴	۱
* صُحار	: عُمان کے ساحل پر ایک بندرگاه .	۶۴	۱
⊗ صَحافت	: رک به جریده .	۶۹	۲
* الصحراء	: بحر ظلمات کے مشرق اور دریاے نیل کے مغرب میں واقع افریقه کا مشهور ریگستان .	۶۹	۲
* صُحُف	: رک به صحیفه .	۷۴	۲
* صَحنہ	: ایران کے صوبه کرمانشاه میں ایک چھوٹا سا قریه .	۷۵	۱
⊗* صحیح	: سند کے اعتبار سے آخر تک ثقه راویوں کے ذریعے متصل اور باهم مربوط حدیث ، نیز ایسی احادیث پر مشتمل کتب حدیث، مثلاً صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے لیے ایک اصطلاح .	۷۵	۱
● صَحیفہ	: ایک کثیر المعانی اسلامی اصطلاح .	۷۶	۱
* صداق	: رک به مهر .	۷۹	۱
* (مُلّا) صدرا	: محمد بن ابراهیم بن یحیی قوامی شیرازی (۹۷۹ - ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء تا ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء)، دور آخر میں اسلامی فلسفے کا مجدد اور متعدد کتب فلسفه کا مصنف .	۷۹	۱
* صدر اعظم	: سلطان سلیمان القانونی کے زمانے سے ترکی وزراے اعظم کے لیے مستعمل لقب.	۸۳	۲
* صدر الدین پیر	: بن شهاب الدین ، خوجه اور ست پنتھ فرقوں کا اصل بانی ، مصنف دس اوتار وغیره (۷۸۲ھ/۱۳۸۰ء) .	۸۵	۱
⊗ صدر الصُّدور	: قدیم اسلامی حکومتوں میں علما کے لیے مخصوص ایک اهم اور بلند منصب .	۸۵	۱
* صَدَقه	: ایک اصطلاح ، بمعنی انفاق فی سبیل الله ، خیرات وغیره .	۹۳	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
*	**صَدَقہ بن مَنصُور** : بن دُبیس بن علی بن مَزْیَد، سیف الدولہ ابو الحسن الاسدی، حاکم الحِلّۃ (از ۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء - ۵۰۱ھ/۱۱۰۸ء تا ۱۱۰۸ء) .	۱۰۰	۲
*	**الصِّدِّیق**[ر] : پہلے خلیفہ اسلام حضرت ابوبکر[ر] کا لقب (رک بہ ابوبکر الصدیق) : نیز اسلام میں ایک بلند تر روحانی مقام .	۱۰۲	۱
⊗	**صدیق حسن خان قنوجی** : نواب امیر الملک والاجاہ (۱۲۴۸ھ / ۱۸۳۲ء تا ۱۳۰۷ھ/ ۱۸۸۹ء) ، اردو ، عربی اور فارسی کے نامور عالم دین ، ادیب ، شاعر؛ علوم و فنون کے قدر دان اور کثیر التصانیف مصنف .	۱۰۳	۱
⊗*	**صدیقی** : سلطنت خداداد میسور کا ایک طلائی سکہ .	۱۰۶	۱
*	**صَرْت** : (قدیم نام سارد Sardes) ، لیڈیا Lydia (ایشیاے کوچک) کا پاے تخت ، آج کل ایک چھوٹا سا گاؤں .	۱۰۶	۱
*	**صَرف** : مبادلۂ زر ، ایک فقہی اصطلاح .	۱۰۷	۲
●	**صرفی کشمیری** : شیخ یعقوب بن حسن ، کشمیر کا صوفی شاعر اور مصنف مغازی النبی (منظوم) ، وغیرہ (م ۱۰۰۳ھ/۱۵۹۴ء) .	۱۰۹	۱
*	**صِرواح** : جنوبی عرب کے دو ویران شہر .	۱۰۹	۲
*	**صَعدۃ** : یمن میں اسی نام کے ضلع کا صدر مقام .	۱۱۱	۲
*	**الصَّعید** : (=صعید مصر) ، قاہرہ کے جنوب سے اسوان کے بڑے جھرنے تک پھیلا ہوا بالائی مصر کا علاقہ .	۱۱۳	۱
⊗	**الصَّک** : رک بہ (۱) دفتر ؛ (۲) دستاویزات .	۱۱۸	۱
*	**الصفا** : مکہ مکرمہ میں ایک پہاڑی ، حج و عمرہ کے لیے سعی کرنے کی ایک حد .	۱۱۸	۱
*	**صِفۃ** : علم نحو ، علم بلاغت اور علم کلام وغیرہ کی ایک اصطلاح ، بمعنی تعریف ، وصف ، حالت و کیفیت وغیرہ .	۱۱۸	۲
*	**صَفَد** : آجکل اسرائیل میں شامل ایک تاریخی شہر .	۱۲۰	۱
*	**الصَّفَدی** : (۱) صلاح الدین ابوالصفاء خلیل بن ایبک بن عبداللہ (۶۹۶ یا ۶۹۷ھ/ ۱۲۹۶ - ۱۲۹۷ء تا ۷۶۴ھ/۱۳۶۳ء)، مختلف علوم کا کثیر التصانیف ماہر، مصنف الوافی بالوفیات، وغیرہ ؛ (۲) الحسن بن ابی محمد عبداللہ الہاشمی ، مصری سلطان الناصر بن قلاوون کا مقرب درباری اور مصنف نزھۃ المالک والمملوک فی مختصر سیرۃ من ولی مصر من الملوک (تصنیف ۷۱۷ھ/۱۳۱۶ و ۱۳۱۷ء) .	۱۲۱	۲
*	**صَفر** : اسلامی تقویم کا دوسرا مہینا .	۱۲۶	۱
*	**الصِّفر** : انگریزی زیرو Zero اور سنسکرت سونیا کے مترادف علم ریاضی کی ایک اصطلاح .	۱۲۶	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* صُفْرُوِي	: شمالی مراکش کا ایک چھوٹا سا قصبہ .	۱۲۷	۲
* الصُّفْرِية	: خوارج (رک بآں) کا ایک بڑا فرقہ (قیام ۶۵ھ/۶۸۴ء) ؛ بانی عبداللہ بن الصفار التمیمی .	۱۲۸	۱
* صَفّارِيَه	: (صفاری ، خانوادہ) ، خراسان کا ایک سلسلۂ سلاطین ؛ بانی : یعقوب بن لیث الصفار (م ۲۶۵ھ/۸۷۹ء) .	۱۳۰	۲
* صِفّين	: دریاے فرات کے کنارے حضرت علیؓ اور حضرت امیرمعاویہؓ کے مابین مشہور لڑائی کا مقام .	۱۳۱	۲
* صَفَوِيَّه	: اسلامی دور میں ایران کا مشہور حکمران خاندان ؛ بانی : اسماعیل اول (رک بآں) .	۱۳۶	۱
* صَفِّی	: فخر الدین علی بن الحسین الواعظ الکاشفی (م نواح ۹۳۹ھ/۱۵۳۳ء) ، ایک مشہور ایرانی فاضل ، ادیب اور شاعر ، مصنف لطائف الطوائف ، رشحات عین الحیات ، وغیرہ .	۱۳۸	۱
* صفی الدین	: شیخ (۶۵۰ھ/۱۲۵۲ء - ۱۲۵۳ء تا ۷۳۵ھ/۱۳۳۴ء) ، ایران کے صفوی بادشاہوں کے جد امجد اور صفوی درویشوں کے بانی .	۱۳۸	۲
* صفی الدین	: عبدالمؤمن بن یوسف بن فاخر الارموی البغدادی، علم موسیقی کا مشہور عرب مصنف ، صاحب الرسالة الشرفیه وغیرہ (م ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء) .	۱۴۰	۲
⊗ (حضرت) صفیہؓ	: ام المؤمنین ، اصل نام زینب ، یہودی قبیلہ بنو النضیر کے رئیس حُیَیّ بن اخطب کی دختر ، اخلاق اور علم و فضل میں ممتاز خاتون .	۱۴۳	۱
* صقالبه	: سلاف (Salv) کا عربی مترداف ؛ ساتویں صدی عیسوی میں صقلب ، بوزنطی مملکت کی سرحد پر آباد ایک قوم ؛ اندلس میں ابتداءً غیر ملکی اسیران جنگ ، نیز اموی خلفاے قرطبہ کے غیر ملکی مخالفین .	۱۴۴	۲
* صِقِلِّيَه	: (سسلی) ، مدت تک عربوں کی اسلامی حکومت کے زیر نگین بحیرہ روم کے وسط میں واقع ایک جزیرہ .	۱۴۹	۱
* صلاة	: رک بہ صلوٰۃ .	۱۶۶	۲
* صلاح الدین	: سلطان الملک الناصر صلاح الدین یوسف اول بن امیر نجم الدین ایوب (۵۳۲ھ/۱۱۳۸ء تا ۵۸۹ھ/۱۱۹۳ء) ، فاتح بیت المقدس ، مشہور و معروف سپہ سالار اور عادل حکمران (از ۵۶۴ھ/۱۱۶۹ء) .	۱۶۶	۲
⊗* صُلح	: رفع نزاع کے معنوں میں ایک اہم اسلامی اصطلاح .	۱۷۷	۲
⊗ صَلوٰة	: نماز ؛ اسلام کا رکن اول .	۱۷۹	۲
⊗ صِلَة	: عطیہ ، احسان ، نیز دو کلمات کو ملانے والے حرف یا حروف کے لیے ایک اصطلاح .	۲۰۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗* صُلَیب	: وسطی عرب اور ملحقہ علاقے میں آباد ایک قبیلہ .	۲۰۷	۱
⊗* الصَّلیب	؛ چلیپا ، سُولی ؛ نصاریٰ کا مذہبی نشان .	۲۰۸	۱
⊗ صلیبی جنگیں	: یورپ کی عیسائی حکومتوں کے اتحاد مذہبی کے نتیجے میں تقریباً دو سو سال تک مسلمانوں کے خلاف لڑی جانے والی مذہبی جنگیں .	۲۰۹	۱
* صُلَیحی	: یمن میں برائے نام مصر کا باجگزار حکمران خاندان ؛ بانی : علی بن محمد (م ۴۷۳ھ/۱۰۸۰ء) .	۲۲۱	۲
* صَمَد	: (الصمد)، رکّ بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الاسماء الحُسنی.	۲۲۲	۱
* صَمْصام الدولة	: ابو کالیجار المرزبان البویہی ، بنو بویہ کا ایک سرکردہ سردار اور امیر الامراء (م ۳۸۸ھ/۹۹۸ء) .	۲۲۲	۱
* صمصام الدولة	: شاہنواز خان شہید خوافی اورنگ آبادی (۱۱۱۱ھ/۱۷۰۰ء تا ۱۱۷۱ھ/۱۷۵۸ء) ، ہند کے دور مغلیہ کا ایک مدبر اور مؤرخ ، مصنف مآثر الامراء .	۲۲۳	۲
* صمصام السلطنة	: نجف قلی خان (ولادت ۱۸۴۶ء) ، ایک بختیاری سردار اور ایران کی قومی تحریک کا ایک رہنما (حیات ۱۹۱۹ء) .	۲۲۵	۱
* الصَّمصامة	: عرب بطل اور شاعر عمرو بن معدی کرب الزبیدی کی مشہور تلوار .	۲۲۶	۱
* الصُّمیل بن حاتم	: ابو جوشن الکلابی ، اندلس کا ایک عرب سردار اور اندلس میں عربوں کی ابتدائی تاریخ کی اہم شخصیت (م ۱۴۲ھ/۷۵۹ء) .	۲۲۸	۱
* صَنْج	: (صنج) مجیرے اور جھانجھ کی قسم کے جملہ آلات موسیقی کا عام نام .	۲۲۹	۲
* صَنْدَل	: ایک معروف درخت، جس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے .	۲۳۵	۱
* صَنْعاء	: یمن کا پائے تخت ، مشہور قدیم اور تاریخی شہر .	۲۳۵	۲
* صِنف	: حرفہ ، کار ؛ ہم پیشہ برادریاں ؛ اسلامی عہد میں مسلم کاریگروں کی جماعتوں کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .	۲۳۶	۲
* صَنَم	: خدا کے علاوہ پوجی جانے والی شے کے لیے ایک معروف اصطلاح .	۲۳۸	۲
* صَنهاجه	: بربر قوم کی ایک شاخ یا برادری .	۲۴۰	۲
* صُو	: (ترکی) ، پانی ، سیال ، عرق .	۲۴۲	۱
* صواع	: رکّ بہ صاع .	۲۴۲	۱
* صُوباشی	: (قائد عسکر) ، ترکیہ کے زیر اثر ممالک میں رائج ایک فوجی لقب .	۲۴۳	۱
* صوبه	: ملک کے الگ الگ حصوں کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .	۲۴۳	۲
* صوبه دار	: [صوبیدار] مغلیہ دور میں حاکم صوبہ کا لقب، انگریزی عہد میں ایک چھوٹے درجے کا فوجی افسر .	۲۴۴	۱
* صوحار	: رکّ بہ صحار .	۲۴۴	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* صُور	(Tyre)، ایک جزیرے میں آباد فنیقیہ (Phoenicia) کا ایک شہر ، عہد عمارنہ سے شام کے شمالی ساحل پر ایک مالدار تجارتی مرکز .	۲۴۴	۲
* صُوَرة	رک بہ (۱) تصویر ؛ (۲) فن (مصوری) .	۲۴۵	۲
* صُوفی	رک بہ تصوف .	۲۴۵	۲
* صوقو للی	محمد پاشا ، الملقب بہ طویل ، ایک مشہور ترکی وزیر اعظم (م ۹۸۷ھ/ ۱۵۷۹ء) .	۲۴۵	۲
* صولاق	سلطنت عثمانیہ کی قدیم فوجی تنظیم میں سلطان کے محافظ دستے کے تیر انداز .	۲۴۹	۱
* صولاق زادہ	محمد ، المتخلص بہ همدمی ، ایک ترکی مؤرخ ، مصنف فہرست شاهان (م ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۷ - ۱۶۵۸ء) .	۲۴۹	۲
* الصولی	ابو بکر محمد بن یحیی ، ایک مؤرخ ، ادیب اور ماہرِ شطرنج ، مصنف کتاب الاوارق فی آل اخبار العباس واشعارهم (م ۳۳۵ھ/۹۴۶ء) .	۲۵۰	۱
⊗ صَوم	روزہ ، اسلام کا چوتھا رکن .	۲۵۳	۲
* صُومالیَہ	بلاد الصومال ، مشرقی افریقہ کا ایک وسیع علاقہ .	۲۶۰	۱
* صُومای	ترکی سرحد کے قریب ایران کا ایک کُردی ضلع .	۲۶۲	۱
* صِہیَون	(۱) Zion ، یروشلم کا ایک مشہور مقام ؛ (۲) شمالی شام میں ایک قلعہ .	۲۶۲	۱
* صَیداء	(صِیدا ، Sidon) ، شام میں قدیم فنیقیہ کا مشہور شہر .	۲۶۳	۱
⊗ صیرفی	الصرّاف ، روپیہ پرکھنے والا ، نقدی کا لین دین کرنے والا .	۲۶۳	۱
⊗ الصِین	یا چین ؛ آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ، موجودہ سرکاری نام عوامی جمہوریۂ چین .	۲۶۴	۱
* صین کلان	منگول عہد میں کینٹن کی بندرگاہ کا عربی و فارسی نام .	۲۸۹	۲

ض

* ض	عربی حروف تہجی کا پندرھواں ، فارسی کا اٹھارھواں اور اردو کا اکتیسواں حرف .	۲۹۱	۱
* ضابِط	ترکیہ میں بعض کارکنوں اور افسروں ، بالخصوص فوجی افسروں کے لیے مستعمل لقب	۲۹۳	۱
* ضِباب	رک بہ عامر بن ضَعْضَعَہ .	۲۹۳	۲
* ضَب	کانٹے دار دم والی گوہ ، سو سمار .	۲۹۳	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ضَبّہ بن اُدّ	: بن طابخة بن الیاس (خِندف) بن مضر بن نزار بن مَعَد ، اسی نام کے معروف عرب قبیلے کا ایک بطل اور اس کا مورث اعلیٰ .	۲۹۳	۲
* الضَّبّی	: ابو جعفر احمد بن یحیی بن احمد بن عُمیرة ، ایک اندلسی فاضل اور مصنف بغیة الملتمس فی تاریخ رجال اهل الاندلس (م ۵۹۹ھ/۱۲۰۳ء) .	۲۹۵	۲
* الضَّبّی	: ابو عکْرِمة ؛ رکَ به المُفضّل .	۲۰۶	۱
* ضَبْط	: ایک مالیاتی اصطلاح ، بمعنی پیمائش کے ذریعے قابل لگان زمین کا محصول مقرر کرنا .	۲۹۶	۲
* ضَبطیه	: عثمانی عہد کے اواخر میں پولیس اور ژاندرمہ کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .	۲۹۶	۱
⊗ الضحاک بن سفیان	: ابو سعید، سیّافِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، مشہور صحابی اور شہسوار (م ۱۱ھ/۶۳۲ء) .	۲۹۶	۲
* الضحاک بن قیس الشیبانی	: خارجیوں کا قائد اور مروان ثانی کا حریف (م ۱۲۸ھ/ ۷۴۶ء) .	۲۹۷	۲
* الضّحاک بن قیس الفهری	: ابو انیس (ابو عبدالرحمن)، خلافت بنی امیہ کے اوائل عہد کی ایک اہم شخصیت (م ۶۴ھ/۶۸۴ء) .	۲۹۹	۲
* ضُحیٰ	: رکَ به صلٰوة .	۳۰۱	۲
⊗ الضُّحیٰ	: قرآن مجید کی ترانویں سورة .	۳۰۱	۲
* ضِد	: (۱) علم منطق کی ایک اصطلاح بمعنی معکوس یا نقیض .	۳۰۲	۲
* ضِد	: (۲) علم فلسفہ کی ایک اصطلاح بمعنی مخالف اور مقابل .	۳۰۳	۱
⊗ ضرار بن الازور الاسدی	: ایک صحابی رسولؐ اور قرون اولیٰ کی جنگوں کے نامور مجاہد (م ۱۱ھ/۶۳۳ء) .	۳۰۳	۲
* ضرار بن الخطاب	: ابن مرداس الفهری ، مکے کا ایک شاعر ، جنگ فجار [رکَ بآں] میں قبیلہ محارب بن فہر کا سردار (حیات ۱۲ھ/۶۳۳ء) .	۳۰۵	۲
* ضَرب	: رکَ به (۱) دارالضرب ؛ (۲) سکه .	۳۰۵	۲
* ضَرب خانه	: رکَ به دارالضرب .	۳۰۵	۲
* ضِرغام	: ابو الاشبال الضرغام بن عامر بن سوار ، عہد بنی فاطمہ کا مشہور سپہ سالار اور ان کے آخری خلیفہ العاضد کا وزیر (۵۵۹ھ/۱۱۶۴ء) .	۳۰۵	۲
* ضَرورة	: (احتیاج ، اضطرار) ، اسلامی فقہ کی ایک اصطلاح .	۳۰۹	۱
* ضَریبَه	: اسلامی حکومت میں محصولات شرعی کے علاوہ نافذ کیے گئے دیگر محصولات کے لیے ایک اصطلاح .	۳۱۱	۱
* ضَریر	: مصطفیٰ ، ایک نابینا ترکی مصنف اور شاعر (حیات ۷۹۵ھ/۱۳۹۲ - ۱۳۹۳ء) .	۳۵۳	۱
* ضَریه	: نجد میں ایک گاؤں اور چشمہ .	۳۵۳	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ضَعیف	رک به الجرح و التّعدیل .	۳۵۴	۲
* ضَفیر	جنوب مغربی عراق کا ایک معروف مالکی قبیله .	۳۵۴	۲
* ضَمان	ایک فقہی اصطلاح ، بمعنی دیوانی ذمه داری ، یا هرجانه وغیره .	۳۵۵	۱
* ضِمان	محصولات کی اجاره داری (استجارة) ؛ رک به بیت المال .	۳۵۶	۱
* ضَمّه	رک به حرکة (و سکون) .	۳۵۶	۱
* ضَمیر	رک به نحو .	۳۵۶	۱
* ضیا گوک الپ	رک به گوک الپ ، ضیا .	۳۵۶	۱
* ضیاء الدین برنی	رک به برنی .	۳۵۶	۱
* ضیافة	رک به (۱) ضیف ؛ (۲) مهمان ؛ (۳) مسافر .	۳۵۶	۱
* ضَیْعَة	ایک مالیاتی اصطلاح ، بمعنی جاگیر .	۳۵۶	۲
* ضَیف	عربی اصطلاح ، بمعنی مهمان .	۳۵۸	۲
* ضَیفه خاتون	(صفیه) بنت الملک العادل (۵۸۱-۵۸۲ھ/۱۱۸۵-۱۱۸۶ء تا ۶۳۰ھ/ ۱۲۳۲ء) ، سلطان صلاح الدین ایوبی کی بهتیجی اور بهو .	۳۵۸	۲

ط

⊗ ط	عربی حروف تهجی کا سولهواں ، فارسی کا انیسواں اور اردو کا بتیسواں حرف .	۳۶۱	۱
⊗ الطّارق	قرآن مجید کی چهیاسیویں سورة .	۳۶۱	۱
⊗ طارق[7] بن زیاد	بن عبدالله ، مشهور اسلامی سپه سالار ، هسپانیه کا فاتح اور پهلا والی (از ۹۲ھ/۷۱۱ء تا ۹۳ھ/۷۱۲ء ؛ م ۱۰۲ھ/۷۲۰ء) .	۳۶۲	۲
* طاش کوپری زاده	ایک گاؤں طاش کوپری سے منسوب، ترک علما کا ایک خاندان : (۱) مصطفیٰ بن خلیل الدین (۸۵۷ھ/۱۴۵۳ء تا ۹۳۵ھ/۱۵۲۸ء) ، سلطان سلیم کے اتالیق اور متعدد کتب فقه کے شارح ؛ (۲) احمد بن مصطفیٰ بن خلیل، ابوالخیر عصام الدین (۹۰۱ھ/۱۴۹۵ء تا ۹۶۸ھ/ ۱۵۶۱ء) ، مشهور و معروف مؤرخ ، سوانح نویس ، مصنف الشقائق النعمانیة، وغیره ؛ (۳) کمال الدین محمد بن احمد ، ایک ترک مؤرخ ، قاضی عسکر ، مصنف تاریخ صاف یا تحفة الاصحاب، وغیره (حیات ۱۶۱۷ء) .	۳۶۵	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ **طالب آملی**	: (طالبا)، مولانا محمد طالب، ایک خوش‌گو فارسی شاعر، دربار جہانگیر کا ملک الشعرا (م ۱۰۳۵ھ/۱۶۲۵ء)؛	۳۶۷	۱
* **طالقان**	: ایران کے دو شہر: (۱) بلخ اور مَروالروذ کے مابین طخارستان میں؛ (۲) قزوین اور ابہر کے درمیان دیلم میں۔	۳۶۹	۲
*⊗ **طالوت**	: قرآن مجید میں مذکور بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ (تورات میں شاؤل)۔	۳۷۰	۱
* **طاؤسی**	: اصفہان کے آغا محمد کاظم تمباکو فروش، المعروف بہ طاؤس العرفاء (م ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) کے نام سے منسوب ایک فرقہ۔	۳۷۳	۲
* **طاہر**	: رک بہ باہا طاہر۔	۳۷۸	۱
* **طاہر بن الحسین**	: (۱۵۹ھ/۷۷۶ء تا ۲۰۷ھ/۸۲۲ء)، خراسان میں خاندان طاہریہ کا بانی اور مشہور سپہ سالار۔	۳۷۸	۱
⊗ **طاہر پٹنی**	: رک بہ محمد طاہر پٹنی۔	۳۷۹	۱
⊗ **(شیخ) طاہر الجزائری**	: بن صالح بن احمد بن موہوب بن ابی القاسم الجزائری (۱۲۶۸ھ/۱۸۵۲ء تا ۱۳۳۸ھ/۱۹۲۰ء)، ایک شامی لغت دان، ماہر السنۂ شرقیہ اور متعدد کتابوں کا مصنف۔	۳۷۹	۱
* **طاہر شاہ دکنی حسینی**	: احمد نگر کے سلطان برہان نظام شاہ کو فرقہ اثنا عشری میں داخل کرنے والا ایران کا ایک مذہبی عالم اور جدید تحقیق کی رو سے الموت کے اماموں کا وارث (م مابین ۹۵۲ھ/ ۱۵۴۵ء و ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء)۔	۳۸۱	۲
* **طاہر عمر**	: رک بہ ظاہر العمر۔	۳۸۳	۱
* **طاہر وحید**	: محمد عمادالدولہ، قزوین کا ایک ایرانی شاعر (م ۱۱۱۰ھ/۱۶۹۸-۱۶۹۹ء)۔	۳۸۳	۱
⊗ **طاہریہ**	: (آل طاہر)، خراسان کا ایک حکمران خاندان (از ۲۰۵ھ/۸۲۱ء تا ۲۵۹ھ/ ۸۷۳ء)؛ بانی: طاہر بن الحسین۔	۳۸۳	۱
* **الطائع لامراللہ**	: عبدالکریم بن الفضل (۳۱۷ھ/۹۲۹-۹۳۰ء تا ۳۹۳ھ/۱۰۰۳ء)، ایک عباسی خلیفہ (از ۳۶۳ھ/۹۷۴ء تا ۳۸۱ھ/۹۹۱ء)۔	۳۹۳	۲
⊗ **طائف**	: مکہ مکرمہ سے جنوب مشرق میں عرب کا ایک مشہور شہر اور صحت‌افزا مقام۔	۳۹۴	۲
* **طباشیر**	: مشرق میں ایک مقبول عام دوا۔	۳۹۷	۱
* **طب**	: رک بہ علم (طب)۔	۳۹۸	۱
* **طبرستان**	: ایران کے صوبہ مازندران کا عربی نام۔	۳۹۸	۱
* **طَبَرقہ**	: (تبرکہ)، الجزائر کی سرحد سے دس میل مشرق میں تونس کا ایک ساحلی شہر۔	۴۰۰	۱
* **الطَّبَری**	: (۱) ابو الطیب الطبری، طاہر بن عبداللہ بن طاہر (م۳۴۸ھ/۹۵۹-۹۶۰ء تا		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء)، ایک شافعی فقیہ، الخطیب البغدادی اور ابواسحق الشیرازی کے استاد، مصنف شرح مختصر المزنی؛ (۲) محب الدین الطبری، ابو العباس احمد بن عبداللہ بن محمد بن ابی بکر (۶۱۵ھ/۱۲۱۸ - ۱۲۱۹ء تا ۶۹۴ھ/ ۱۲۹۴ - ۱۲۹۵ء)، مکہ مکرمہ میں شافعی مذہب کے فقیہ اور محدث، مصنف المختصر فی الحدیث وغیرہ۔	۲	۴۰۰
* **الطَّبَری**	: ابو جعفر محمد بن جریر (۲۲۴ھ/۸۳۹ء تا ۳۱۰ھ/۹۲۳ء)، مشہور مفسر و مؤرخ، تاریخ الرسل و الملوک المعروف بہ تاریخ طبری کے مصنف۔	۲	۴۰۲
* **طَبریہ**	: (Tiberias)، بحیرہ طبریہ (Sea of Galilee) کی مغربی جانب واقع ایک شہر۔	۲	۴۰۵
* **طَبس**	: ایران کے صوبۂ خراسان میں ایک (بلکہ اصل میں دو) شہر۔	۲	۴۰۶
* **طَبقات**	: کتاب اصناف۔	۲	۴۰۶
* **طَبْل**	: ڈھول (drum) کی قسم کا ایک آلۂ موسیقی۔	۲	۴۰۸
* **طَبل خانہ**	: اسلامی ممالک میں فوجی باجے اور ان کے رکھے جانے والے مکان کے لیے ایک اصطلاح۔	۲	۴۱۲
* **طُبْنَہ**	: مراکش کا ایک قدیم اور آج کل معدوم شہر۔	۱	۴۲۴
* **طَبُور**	: (طابور)، مربع یا دائرے کی شکل میں گاڑیوں سے مورچہ بندی، ایک ترکی فوجی اصطلاح۔	۲	۴۲۵
* **الطَّحاوی**	: ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ بن عبدالملک الازدی الطحاوی (۲۳۹ھ/ ۸۵۳ - ۸۵۴ء تا ۳۲۱ھ/۹۳۳ء)، مصر کے ایک بڑے حنفی عالم، فقیہ، محدث اور معانی الآثار وغیرہ کے مصنف۔	۲	۴۲۵
* **طُخارستان**	: (تُخارستان، طُخَیرستان)، آمودریا کی بالائی گزرگاہ پر واقع ایک ضلع۔	۱	۴۲۹
⊗ **طَرابزَون**	: رک بہ طربزون۔	۲	۴۳۰
* **طرابُلُس**	: اطرابُلُس، ٹریپولی (Tripolis)، جمہوریہ لیبیا کا دارالحکومت، اہم بندرگاہ اور تاریخی شہر۔	۲	۴۳۰
* **طَرابُلُس یا اَطرابُلُس**	: (یونانی ٹیریپولس Tripolis)، بحیرہ روم کے ساحل پر لبنان کا دوسرا بڑا شہر۔	۱	۴۴۱
* **طَراز**	: (تلس کا عربی نام)، وسط ایشیا کا ایک دریا اور اس پر واقع ایک شہر (شاید موجودہ اولیا اتا [رک بآں] کے قریب)۔	۲	۴۴۳
* **طِراز**	: رک بہ فن، طراز۔	۲	۴۴۴
* **طَرّاکُونہ**	: (طرکونہ Tarragona)، ہسپانیہ میں بحیرۂ روم کے ساحل پر ایک قصبہ اور اسی نام کے صوبے کا دارالحکومت۔	۲	۴۴۴
* **طَرَب**	: رک بہ فن (موسیقی)۔	۱	۴۴۵

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* طَرَبْزُون	: (Trebizond)، بحیرۂ اسود کے جنوب مشرقی گوشے میں پہاڑی ساحل پر واقع ایک شہر .	۳۴۵ ۱
* طَرسُوس	: ایشیائے کوچک اور شام کی سرحد پر ایک قدیم مشہور شہر اور پولوس کی جائے ولادت .	۳۴۹ ۱
* طُرسُون بک	: رک بہ طُورسون بک .	۳۵۱ ۲
* طُرسُون فقیہ	: رک بہ طورسون فقیہ .	۳۵۱ ۲
* طَرطُوس	: (اَنطَرطُوس ، انطرسُوس) ، شام کے ساحل پر جزیرہ ارادو (Arados) کے بالمقابل واقع ایک شہر .	۳۵۱ ۲
* طُرطُوشہ	: (Tortosa)، دریائے ابرہ (Ebro) کے بائیں کنارے پر ہسپانیہ کا ایک شہر .	۳۵۲ ۱
* الطُرطُوشی	: رک بہ ابن ابی رندقہ .	۳۵۲ ۲
* طُرفان	: رک بہ تورفان .	۳۵۲ ۲
* طَرَفَۃ بن عبد البکری	: عہد جاہلیت کا ممتاز عرب شاعر اور سبعہ معلقہ کے طویل ترین قصیدے کا مصنف .	۳۵۲ ۲
* الطرمّاح بن حکیم الطائی	: پہلی صدی ہجری کا مشہور صاحب دیوان عرب شاعر (م نواح ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) .	۳۵۶ ۱
* طَریف	: ۹۱ھ/۷۱۰ء میں ہسپانیہ کے ساحل پر اترنے والی فوج کا قائد اور موسیٰ بن نُصیر کا متوسل (مولیٰ) .	۳۵۷ ۱
* طَریف (جزیرہ)	: (طریفہ) انداس میں آبنائے جبل الطارق کے شمالی ساحل پر موسیٰ بن نصیر کے مولیٰ طریف کی طرف منسوب ایک چھوٹا سا شہر .	۳۵۸ ۱
* طَریقہ	: راستہ ؛ اہل تصوف کی عملی رہنمائی کے لیے اخلاقی نفسیات کا ایک طریق ؛ مختلف سلاسل تصوف میں عام زندگی کے لیے روحانی تعلیم کا دستور العمل : احکام اسلام کے علاوہ مخصوص آداب و قواعد پر مبنی معاشرہ .	۳۵۸ ۱
* طَسم بن لاوز بن سام بن نوح	: زمانہ قبل از تاریخ میں عربوں کا ایک افسانوی قبیلہ .	۳۷۰ ۲
* طَعام	: ایک اسلامی و قرآنی اصطلاح ، بمعنی کھانا، کھانے میں مباح امور کا خیال رکھنا.	۳۷۰ ۱
* طُغا تیمور	: رک بہ تغا تیمور .	۳۷۳ ۲
* طُغتگین بن عبداللہ	: امین الدولہ ظہیر الدین ابو منصور ، دمشق کے حکمران خاندان بوری کا بانی ، ایک قابل اور عاقل فرمانروا (از ۴۹۷ھ/۱۱۰۳ء تا ۵۲۲ھ/۱۱۲۸ء) .	۳۷۳ ۲
* طُغرٰی	: (طغرا) اوغوز کی رمزیہ تحریر یا خوش خط نشان (بعد ازاں سلجوقی اور عثمانی فرمانرواؤں کا اختیار کردہ) .	۳۷۵ ۲
* طُغرا	: ملا طغرا مشہدی ، جہانگیر کے عہد میں ہندوستان میں وارد ہونے والا ایک	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	ایرانی ادیب ، شاعر اور مصنف رسالہ مرآۃ الفتوح (م قبل از ۱۱۳۰ھ/۱۷۱۷ - ۱۷۱۸ء) .	۴۸۵	۲
* **الطُّغرائی**	: مؤید الدین فخرالکتّاب ابو اسماعیل الحسین بن علی ، ایک مشہور عربی شاعر، صاحب لامیۃ العجم (م ۵۱۵ھ/۱۱۲۱ - ۱۱۲۲ء) .	۴۸۷	۱
* **طُغرِل (اول)**	: بن محمد ، عراق کا ایک سلجوق بادشاہ (از ۵۲۶ھ/۱۱۳۲ء تا ۵۲۹ھ/ ۱۱۳۴ء) .	۴۸۹	۱
* **طُغرل (ثانی)**	: بن ارسلان ، عراق کا آخری سلجوق سلطان (از ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء تا ۵۹۰ھ/۱۱۹۴ء) .	۴۹۰	۱
* **طُغرِل بیگ**	: رکن الدین ابو طالب محمد بن میکائیل ، پہلا سلجوق سلطان (از ۴۲۹ھ/ ۱۰۳۷ء تا ۴۵۵ھ/۱۰۶۳ء) .	۴۹۱	۱
* **طُغرل شاہ**	: مغیث الدین طغرل شاہ بن قلیج ارسلان ، ایشیائے کوچک کا ایک سلجوق حکمران (از ۵۹۷ھ/۱۲۰۰ - ۱۲۰۱ء تا ۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء) .	۴۹۳	۱
* **اَلطَّف**	: کوفے کے مغرب میں دریائے فرات کے کنارے کے سیلابی میدان میں واقع ایک صحرائی علاقہ .	۴۹۵	۱
* **طِفلی**	: احمد چلبی ، سترھویں صدی عیسوی کا ایک ترکی شاعر اور قصیدہ گو (م ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۰ - ۱۶۶۱ء) .	۴۹۵	۲
* **طفیلی**	: عربی ، فارسی اور ترکی زبانوں میں مفت خورے کے لیے مستعمل اصطلاح .	۴۹۷	۱
* **طَلائع بن رُزِیک**	: الملک الصالح ، ایک فاطمی وزیر (۴۹۵ھ/۱۱۰۲ء تا ۵۵۶ھ/ ۱۱۶۱ء) .	۴۹۸	۱
⊗* **طَلاق**	: ایک معروف قانونی و فقہی اصطلاح ، بمعنی خاوند کا اپنی بیوی کو نکاح سے آزاد کر دینا .	۴۹۹	۱
⊗ **الطَّلاق**	: قرآن مجید کی پینسٹھویں سورۃ .	۵۲۶	۲
* **طَلبیرہ**	: (Talavera) ، ہسپانیہ میں متعدد مقامات .	۵۲۷	۲
⊗* **طلحۃ بن عبیداللہ**	: عشرہ مبشرہ میں شامل، صاحب ثروت و سخاوت اور نامور صحابی (م ۳۶ھ/۶۵۶ء) .	۵۲۸	۱
* **طِلسم**	: (طِلَسم) ، علم نجوم و جوتش اور جادو وغیرہ کی علامات و نقوش پر مشتمل کتبہ وغیرہ .	۵۳۰	۲
* **طَلْمَنْکَہ**	: رک بہ شَلْمَنکہ .	۵۳۱	۱
* **طُلَیحَۃ بن خُویلد**	: بن نوفل الاسدی ، ایک قبائلی شیخ ، جھوٹا مدعی نبوت اور بعد از قبول اسلام ایک بہادر مجاہد (م ۲۱ھ/۶۴۲ء) .	۵۳۱	۱
* **طُلَیطُلہ**	: (Toledo)، میڈرڈ سے ساٹھ میل جنوب مشرق میں ہسپانیہ کا ایک قدیم شہر .	۵۳۲	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* اَلطُّلَیْطُلی	: ابو القاسم سعید بن احمد الاندلسی، المعروف بہ قاضی سعید (۴۲۰ھ/۱۰۲۹ء تا ۴۶۲ھ/۱۰۷۰ء)، فقہ، تاریخ، ریاضی اور علم نجوم کے ماہر، مصنف طبقات الامم وغیرہ۔	۵۳۸	۲
* طَنْبُور	: ایک آلۂ موسیقی۔	۵۴۰	۱
* طَنجہ	: (Tangier)، آبنائے جبل الطارق پر واقع مراکش کا ایک شہر۔	۵۴۴	۱
* طَنطا	: مصر کے صوبۂ غربیہ کا صدر مقام۔	۵۴۹	۱
⊗ طَنطاوی (شیخ)	: بن جوہری المصری، الاستاذ الحکیم، الفیلسوف الاسلامی (ولادت ۱۲۸۷ھ/۱۸۷۰ء)، مصر کے ایک ممتاز عالم، فلسفی اور مفسر قرآن مجید، مصنف الجواہر فی تفسیر القرآن الکریم۔	۵۵۰	۱
* اَلطَّنطاوی	: محمد عیاد (۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء تا ۱۲۷۸ھ/۱۸۶۱ء)، ایک عرب عالم اور مصنف، سینٹ پیٹرز برگ یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر۔	۵۵۱	۲
* طواشی	: ترکی اور مصری زبانوں میں خواجہ سرا کے لیے ایک اصطلاح،	۵۵۴	۱
⊗ طَواف	: حج و عمرہ کا ایک رکن؛ اصطلاحاً بیت اللہ شریف کے گرد مخصوص طریقے سے سات چکر لگانا اور دعا مانگنا۔	۵۵۴	۱
* طُوپال عثمان پاشا	: (م ۱۱۰۴ھ/۱۶۹۲ء تا ۱۱۴۶ھ/۱۷۳۳ء)، ترکیہ کا ایک صدر اعظم۔	۵۵۷	۱
* طُوپال عثمان پاشا	: (شریف)، (۱۲۱۹ھ/۱۸۰۴ء تا ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء)، مملکت عثمانیہ کا نائب امیر البحر اور بوسنہ کا کامیاب والی۔	۵۵۸	۱
⊗ اَلطُّور	: قرآن مجید کی باونویں سورۃ۔	۵۶۰	۱
* اَلطُّور	: قرآن مجید میں مذکور ایک پہاڑ، حضرت موسیٰ پر وحی نازل ہونے کی جگہ؛ نیز متعدد مقامات کا نام۔	۵۶۱	۲
* طُوران	: (طواران)، بلوچستان (پاکستان) کا ایک پرانا ضلع۔	۵۶۵	۱
* طور خان بیگ	: رک بہ تُرخان بیگ۔	۵۶۶	۲
* طور سُون بیگ	: المتخلص بہ لبیبی، ایک عثمانی مؤرخ، مصنف تاریخ ابوالفتح (تصنیف ۹۰۳ھ/۱۴۹۷ء تا ۹۰۵ھ/۱۵۰۰ء)۔	۵۶۶	۲
* طورسون فقیہ	: ایک عثمانی فقیہ اور سلطان عثمان غازی کا ہم زلف (م ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء)۔	۵۶۷	۱
* طُور عَبدین	: شمالی عراق عرب میں ایک پہاڑی سطح مرتفع۔	۵۶۷	۱
* طُور غُود	: سلطان عثمان اول کا مصاحب اور سپہ سالار (حیات ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء)۔	۵۷۰	۱
* طُور غُود	: ایشیائے کوچک کا ایک ترکی قبیلہ۔	۵۷۰	۲
* طُور غُودلی	: طور غود کا وطن، ایشیائے کوچک کا ایک علاقہ۔	۵۷۰	۲
* طُوس	: خراسان کا ایک ضلع۔	۵۷۱	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* طُوسان	: مروالشاهجان سے دوفرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں .	۵۷۳	۱
* طُوسقه	: رکَ به آرناودلق .	۵۷۳	۲
* الطُّوسی	: الشیخ محمد ین الحسن بن علی ابو جعفر (۳۸۵ھ/۹۹۵ء تا ۴۶۰ھ/۱۰۶۷ء)، ایک شیعہ مجتہد ، عالم، فلسفی اور متعدد شیعی کتب علم کلام و فقہ کا مصنف.	۵۷۳	۲
* الطُّوسی	: نصیرالدین ابو جعفر محمد بن محمد بن الحسن (۵۹۷ھ/۱۲۰۱ء تا ۶۷۲ھ/ ۱۲۷۴ء) , ایک منجم ، مؤرخ ، شیعہ سیاستدان ، ہلاکو کا معتمد وزیر اور چند کتابوں کا مصنف .	۵۷۴	۲
* طُوطی نامه	: رکَ به نخشبی ، ضیاء الدین شیخ .	۵۷۷	۲
* طُوغ	: یاک یا گھوڑے کی دم ، سلطنت عثمانیہ میں ایک فوجی و عسکری نشان .	۵۷۷	۲
* طُوغانجی	: ایک ترکی اصطلاح ، بمعنی باز کا شکاری، نیز بازدار .	۵۷۸	۱
* طُوفان	: رکَ به نوح" .	۵۸۰	۱
⊗ طولمه باغچه	: رکَ به استانبول .	۵۸۰	۱
* طُولُون (بنو)	: مصر کا ایک خود مختار حکمران خاندان (از ۲۵۴ھ/۸۶۸ء تا ۲۹۲ھ/۹۰۵ء)؛ بانی : احمد طولون .	۵۸۴	۱
* طولومبه جی	: (تولومبه جی)، آگ بجھانے والا رضاکار، استعارۃً غیر مہذب شخص.	۵۸۴	۱
* طومان بای ثانی	: الملک الاشرف (بن قانصوه الغوری) ، مصر کا آخری مملوک سلطان (از ۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) .	۵۹۱	۱
* طُویس	: ابو عبدالمنعم عیسی بن عبدالله الذائب ، پہلی صدی ہجری کا ایک مغنی .	۵۹۳	۲
⊗ طویل	: علم عروض کی ایک بحر .	۵۹۴	۲
* طَویله	: جنوبی عرب کا ایک سکه ؛ رکَ به لاری .	۵۹۶	۱
* طَوِیْلَه	: جنوبی عرب کا ایک شہر .	۵۹۶	۱
⊗ طٰهٰ	: قرآن مجید کی بیسویں سورۃ .	۵۹۶	۲
* طٰهٰ حسین	: (ولادت ۱۸۸۹ء) عالم عرب کے ممتاز اور نامور نابینا ادیب ، نقاد ، الشاپرداز ، متعدد ادبی و تنقیدی کتب مثلاً فی الشعرالجاهلی کے مصنف اور مصر کے وزیر تعلیم .	۵۹۸	۱
⊗ طہارت	: ایک اسلامی اصطلاح بمعنی پاکیزگی ؛ کسی چیز سے نجاست کا دور ہو جانا .	۶۰۲	۲
* طہران	: رکَ به تہران .	۶۰۸	۲
* طَہماسْپ اول	: شاہ اسماعیل کا بڑا بیٹا اور ایران کے صفوی خاندان کا دوسرا حکمران (از ۹۳۰ھ/۱۵۲۴ء تا ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء) .	۶۰۸	۲
* طَہماسْپ ثانی	: ایران کا دسواں صفوی بادشاہ (از ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۲ء تا ۱۱۴۴ھ/ ۱۷۳۱ء) .	۶۰۹	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* طَہمان بن عمرو الکلابی	: عہد بنی امیہ کا ایک صاحب دیوان عرب شاعر .	۶۱۰	۶
* طَہمورث	: ایران کے پاستانی دور میں پیشدادی خاندان کا دوسرا فرمانروا .	۶۱۲	۱
* الطیالسی	: رک بہ ابوداؤد الطیالسی .	۶۱۶	۲
* طَیبَہ	: رک بہ المدینۃ المنورۃ .	۶۱۶	۲
* الطیر	: رک بہ علم (نجوم) .	۶۱۶	۲
* طَیّی	: قدیم عرب کا ایک یمنی الاصل قبیلہ .	۶۱۶	۲

ظ

⊗ ظ	: عربی ہجاء کا سترھواں، فارسی کا بیسواں اور ترکی کا تئیسواں اور اردو کا تینتیسواں حرف.	۶۱۹	۱
* الظافر	: رک بہ بنو فاطمہ .	۶۲۰	۱
* الظاہر	: رک بہ (۱) الباطن ؛ (۲) الاسماء الحسنیٰ .	۶۲۰	۱
* الظاہر	: رک بہ (۱) بیبرس الاول ؛ (۲) برقوق ؛ (۳) بنو فاطمہ ،	۶۲۰	۱
* الظاہر العُمر	: شام کے ایک بدوی قبیلے بنو زیدان کے شیخ عمر کا بیٹا اور ایک ربع صدی تک باب عالی کے اقتدار سے ٹکر لینے والا ایک بدوی سردار (م۱۷۷۵ء).	۶۲۰	۱
* الظاہر بِاَمرِ اللہ	: ابو نصر محمد بن الناصر ، ایک عباسی خلیفہ (از ۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء تا ۶۲۳ھ/۱۲۲۶ء) .	۶۳۱	۱
* الظاہر غازی (الملک)	: (۵۶۸ھ/۱۱۷۲ - ۱۱۷۳ء تا ۶۱۳ھ/۱۲۱۵ء) ، سلطان صلاح الدین ایوبی کا دوسرا بیٹا ، حلب کا والی .	۶۲۲	۱
* الظاہریہ	: الفاظ قرآن اور سنت کے ظاہری معانی سے احکام کا استخراج کرنے والا ایک دبستان فقہ .	۶۲۲	۱
⊛ ظَرافَت	: رک بہ مزاح و ظرافت .	۶۲۵	۲
* ظَفَار	: (۱) جنوبی یمن میں حمیری سلطنت کا دارالحکومت اور آجکل کھنڈروں کا مجموعہ؛ (۲) صنعاء کے جنوب مغرب میں ایک ویران جگہ ؛ (۳) صنعاء کے جنوب مغرب میں ایک پہاڑی ؛ (۴) عرب کے جنوب مشرقی کونے میں واقع ایک قدیم (اب ویران) شہر .	۶۲۵	۲
⊗ ظُہران	: (الظہران)، سعودی عرب کے صوبے الحساء میں خلیج فارس پر ایک بندرگاہ .	۶۲۸	۲
⊛ ظہوری تُرشیزی	: مولانا نور الدین محمد (نواح ۹۴۴ھ/۱۵۳۷ء تا مابین ۱۰۲۴ھ/		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۱۶۱۶ء و ۱۰۲۶ھ/۱۶۱۷ء) ، ایک مشہور فارسی صاحب دیوان شاعر اور مصنف سہ نثر ظہوری وغیرہ .	۶۲۹	۱
* ظہیر الدّین (سید)	: مرعشی (ولادت ۸۲۵ھ/۱۴۱۲ء) ، ایک ایرانی مدبر اور مؤرخ (حیات ۸۶۸ھ/۱۴۶۳ء) .	۶۳۲	۲
⊗* ظہیر فاریابی	: ابو الفضل طاہر بن محمد ظہیر الدین فاریابی ، مشہور ایرانی قصیدہ گو (م ۵۹۸ھ/۱۲۰۱ء) .	۶۳۴	۱

ع

⊗ ع	: عربی حروف تہجی کا اٹھارھواں ، فارسی کا اکیسواں اور اردو کا چونتیسواں حرف.	۶۳۷	۱
* عاتکۃ[ر]	: ایک صحابیہ ، یکے از سابقین اسلام ، حضرت عمر فاروق[ر] اور ان کی شہادت کے بعد حضرت زبیر[ر] بن العوام کی اہلیہ (حیات ۳۶ھ/۶۵۷ء) .	۶۳۸	۲
* عاج	: ہاتھی دانت اور اس کی مصنوعات .	۶۳۹	۱
⊗* عاد	: (قوم ہود)، قرآن مجید میں مذکور ایک قدیم قبیلہ .	۶۴۷	۲
* عادَۃ	: رک بہ (۱) شریعت (شرع) ؛ (۲) قانون (اسلامی) .	۶۵۰	۲
* عادِل	: رک بہ عدل .	۶۵۰	۲
* العادِل	: دو ایوبی بادشاہوں کا لقب : (۱) الملک العادل ابوبکر محمد بن ایوب (ولادت ۵۴۰ھ/۱۱۴۵ء یا ۵۳۸ھ/۱۱۴۳ء) ، سلطان صلاح الدین کا بھائی ، مدد گار ، روحانی وارث اور سلطان مصر و شام (از ۵۹۶ھ/۱۲۰۰ء تا ۶۱۵ھ/۱۲۱۸ء)؛ (۲) الملک العادل ثانی ابو بکر سیف الدین بن الملک الکامل (رک بآں) ، الملک العادل اول کا پوتا اور مصر کی حکومت پر الکامل کا جانشین (از ۶۳۵ھ/۱۲۳۸ء تا ۶۳۷ھ/۱۲۴۰ء ؛ م ۶۴۵ھ/۱۲۴۸ء) .	۶۵۰	۲
* العادل بن السّلار ابوالحسن علی	: ارتقی خاندان کے ایک سردار کا بیٹا اور فاطمی وزیر (حیات ۵۴۶ھ/۱۱۵۱ء) .	۶۴۳	۲
* عادل شاہیہ	: اسلامی دور میں بیجا پور (ہند) پر حکمرانی کرنے والا خاندان (از ۸۹۵ھ/۱۴۸۹ء تا ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء) .	۶۵۴	۱
* عادلہ خاتون	: بغداد کے عثمانی والی سلیمان پاشا مرزاقلی کی بااثر بیوی (حیات ۱۱۷۸ھ/۱۷۶۴ء) .	۶۵۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ العدیت	: قرآن مجید کی سوویں سورت .	۶۵۶	۱
* العارض	: نجد کا وسطی ضلع .	۶۵۷	۱
* عارف حکمت بے	: (۱۲۰۱ھ/۱۷۸۶ء تا ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۹ء) ، عربی ، فارسی اور ترکی کا ایک شاعر اور شیخ الاسلام، مصنف تذکرۂ شعراء وغیرہ .	۶۵۸	۱
* عارفی پاشا	: (۱۲۴۶ھ/۱۸۳۰ء تا ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵ - ۱۸۹۶ء) ، ایک ترک سیاستدان اور ترکیہ کا وزیر خارجہ .	۶۶۶	۱
* العارۃ	: یمن کے جنوبی ساحل پر ایک مقام .	۶۶۶	۲
* عاریہ	: ایک فقہی اصطلاح ، بمعنی دوسروں سے مانگی ہوئی یا مستعار چیز .	۶۶۷	۲
* عاشِق	: کسی سے شدید محبت کرنے والا ؛ عموماً ایک اصطلاح تصوف .	۶۶۷	۲
* عاشِق پاشا	: علاء الدین علی (۶۷۰ھ/۱۲۷۲ء تا ۷۳۳ھ/۱۳۳۳ء) ، ایک ترکی شاعر اور صوفی ، مصنف غریب نامہ وغیرہ .	۶۶۸	۱
* عاشق پاشا زادہ	: (۸۰۳ھ/۱۴۰۰ء تا نواح ۸۸۹ھ/۱۴۸۴ء) ، عاشق پاشا شاعر کا پرپوتا ، عثمانی عہد کا ایک قدیم مؤرخ ، مصنف تواریخ آل عثمان .	۶۶۹	۲
* عاشق چلبی	: پیر محمد بن علی بن زین العابدین بن محمد نطاع (ولادت ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء؛ حیات ۹۷۲ھ/۱۵۶۴ء) ، ایک ترک ادیب اور شاعر ، مصنف مشاعر الشعراء وغیرہ .	۶۷۰	۱
* عاشق، محمد بن عثمان بن بایزید	: (ولادت ۹۶۴ھ/۱۵۵۵ء ؛ حیات ۱۰۰۶ھ/۱۵۹۸ء)، ایک ترک جغرافیہ نویس ، مصنف مناظر العوالم .	۶۷۱	۲
⊗ عاشوراء	: اسلامی سال کے پہلے مہینے محرم کی دسویں تاریخ ؛ یوم شہادت حضرت امام حسینؓ .	۶۷۲	۲
* عاصِم	: ابوبکر عاصم بن بہدلہ ابی النّجود الاسدی ، یکے از قرائے سبعہ ، روایت حفص کے راوی حفص بن سلیمان کے استاد (م ۱۲۷ - ۱۲۸ھ/۷۴۵ء) .	۶۷۶	۱
* عاصِم	: احمد ، سلطنت عثمانیہ کا ایک شاہی وقائع نویس اور متعدد کتب کا مترجم (م ۱۲۳۵ھ/۱۸۱۹ء) .	۶۷۷	۱
* عاصم الندی اسمٰعیل	: رک بہ چلبی زادہ .	۶۷۸	۱
* العاصی	: (Orontes) ، شمالی شام کا اہم ترین دریا .	۶۷۸	۱
* العاضد لدین اللہ	: ابو محمد عبداللہ بن یوسف، مصر کا گیارھواں اور آخری فاطمی خلیفہ (۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء تا ۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء) .	۶۷۸	۲
* عاقِل	: رک بہ بالغ .	۶۸۱	۱
* عاقلہ	: رک بہ فرائض .	۶۸۱	۱
* عالَم	: ایک فلسفیانہ اور قرآنی اصطلاح ، بمعنی جہان ، قوم ، لوگ .	۶۸۱	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **عالِم**	: رک بہ علماء .	۶۸۸	۱
⊗ **عالمگیر**	: رک بہ محی الدین اورنگ زیب .	۶۸۸	۱
* **عالِمہ**	: عالم وماہر عورت ؛ مصر کی مغنیات کا ایک طبقہ .	۶۸۸	۱
* **عالی افندی**	: رک بہ عالی مصطفی بن احمد .	۶۸۸	۱
* **عالی پاشا محمد امین**	: (۱۸۱۵ تا ۱۸۷۱ء) ، ایک عثمانی صدر اعظم .	۶۸۸	۱
* **عالی مصطفی بن احمد**	: بن عبدالمولی چلبی (۹۴۸ھ/۱۵۴۱ء تا ۱۰۰۸ھ/۱۶۰۰ء) ، ترکی زبان کا ممتاز ادیب اور شاعر ، مصنف منہر و ماہ وغیرہ.	۶۹۱	۲
* **عامر (بنو)**	: رک بہ بنو عامر .	۶۹۴	۱
* **عامر اول**	: (الملک الظافر صلاح الدین) ، یمن میں اپنے بھائی کے ساتھ مل کر خاندان بنو طاہر کا بانی اور فرمانروا (از ۸۵۰ھ/۱۴۴۶ء تا ۸۷۰ھ/۱۴۶۶ء) .	۶۹۴	۱
* **عامر ثانی**	: الملک الظافر صلاح الدین بن عبدالوہاب ، خاندان بنو طاہر کا آخری حکمران (از ۸۹۴ھ/۱۴۸۸ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) .	۶۹۴	۱
* **العامر**	: جنوبی عرب کا ایک قبیلہ ، رک بہ جعدۃ .	۶۹۴	۲
⊗* **عامر بن صَعْصَعَة**	: وسط عرب میں مغربی قبائل کا بڑا گروہ .	۶۹۴	۲
⊗* **عامِر بن الطُّفَیل**	: زمانۂ جاہلیت کا عرب شہسوار ، شاعر اور بئر معونہ میں صحابہ[۳] کی ایک جماعت کا سفاک قاتل (م ۱۰ھ/۶۳۲ء) .	۶۹۷	۱
* **عامر بن عبدالقیس**	: عبداللہ العنبری، بصرے کے ایک زاہد تابعی (م بعہد امیر معاویہ[۳]).	۶۹۹	۲
* **عامری**	: بلاد بنو عامر .	۷۰۰	۱
* **العامِری**	: رک بہ ابو الحسن العامری .	۷۰۰	۲
* **عامِریہ**	: منصور بن ابی عامر[رک بآں] کی اولاد اور موالی .	۷۰۰	۲
* **عامِل**	: کارکن ، اصطلاحاً محصل ، والی صوبہ .	۷۰۱	۱
* **عامل**	: ایک نحوی اصطلاح ، بمعنی عربی کلام کے الفاظ کی آخری حرکت پر اثر انداز ہونے والے اسباب یا مؤثرات .	۷۰۳	۲
* **عامِلہ**	: شمالی مغربی عربستان کا ایک قدیم قبیلہ .	۷۰۴	۲
* **العاملی، الحُر**	: رک بہ الحُر العاملی .	۷۰۵	۲
* **العاملی**	: محمد بن حسین بہاءالدین المتخلص بہ بہائی (۹۵۳ھ/۱۵۴۷ء تا ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء) ، فارسی شاعر اور متعدد عربی و فارسی کتب کا مصنف .	۷۰۵	۲
* **عانانیّہ**	: عانان بن داود (نواح ۷۶۰ء) کے پیروؤں پر مشتمل یہودیوں کا ایک فرقہ .	۷۰۶	۱
* **عانہ**	: (عانات، عنہ) ؛ دریائے فرات کے دائیں کنارے پر عراق جدید کا ایک قصبہ .	۷۰۷	۱
● **عائشہ بنت ابی بکر[۳]، ام المؤمنین**	: حضرت عائشہ صدیقہ[۳] حضرت ابو بکر[۳] کی دختر، سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چہیتی		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	زوجہ ، دو ہزار سے زائد روایات کی راویہ اور صحابیات میں نہایت عالمہ و فاضلہ خاتون (م ۵۸ھ/ ۶۷۸ء) .	۷۰۷	۲
⊛ عائشہ بنت طلحہ	: حضرت طلحہؓ بن عبداللہ کی صاحبزادی، حضرت ابوبکرؓ کی نواسی، اور عرب کی ایک نامور اور با اثر خاتون .	۷۱۳	۲
⊗ عائشہ بنت یوسف	: رک بہ الباعونی .	۷۱۴	۲
* عائشہ المنوبیہ	: عائشہ بنت عمران بن الحجاج سلیمان المعروف بہ السیّدۃ، تونس کی ایک پاکباز زاہدہ (م ۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء یا ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء) .	۷۱۴	۱
* عائلہ	: خاندان ، عیال یا اہل خانہ ،	۷۱۵	۲
* عباء	: (کساء) ، رک بہ اہل البیت .	۷۱۸	۱
* عَبابَدَۃ	: باجہ (Bedja) کا ایک عربی زبان بولنے والا قبیلہ .	۷۱۸	۱
⊛ * عبادات	: ایک اسلامی اصطلاح ، بمعنی اللہ تعالی کی پرستش ، اس سے دعا کرنا اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری .	۷۱۸	۲
* عبادت	: رک بہ عبادات .	۷۲۱	۱
* عَبّاد (بنو)	: جنوب مغربی اندلس (دارالحکومت : اشبیلیہ) کا ایک عربی النسل حکمران خاندان (۴۱۴ھ/۱۰۲۳ء تا ۴۸۴ھ/۱۰۹۱ء) ؛ بانی : ابو القاسم محمد بن اسماعیل بن عباد .	۷۲۱	۱
* عَبّاد بن زیاد	: بن ابی سفیان ، ایک اموی سالار عسکر ، فاتح قندھار ، والی سجستان (حیات ۶۴ھ / ۶۸۴ء) .	۷۲۶	۱
* عباد بن سلیمان الصیمری	: (یا الصیمری) بصرے کا ایک نامور معتزلی عالم (م ۲۵۰ھ/ ۸۶۴ء) .	۷۲۶	۱
* عبّاد بن محمد	: رک بہ عباد ، بنو .	۷۲۷	۱
* عَبّادان (آبادان)	: شط العرب کے بائیں کنارے پر اسی نام کے ایک جزیرے میں واقع ایک شہر .	۷۱۷	۱
* العَبّادی	: ابو عاصم محمد بن احمد بن محمد بن عبداللہ بن عباد المعروف بن القاضی الہروی (۳۷۵ھ/۹۸۵ء تا ۴۵۸ھ/۱۰۶۶ء) ، ایک مشہور شافعی فقیہ ، ہرات کے قاضی اور متعدد کتابوں کے مصنف .	۷۲۷	۲
* عَبّاس اول	: عباس مرزا الملقب بہ اعظم،ایران کے صفوی خاندان کے بادشاہ محمدخدا بندہ کا دوسرا بیٹا اور اس کا جانشین (از ۹۹۵ھ/۱۵۸۷ء تا ۱۰۳۸ھ/۱۶۲۹ء) .	۷۲۸	۱
* عَبّاس ثانی	: رک بہ صفویہ .	۷۳۱	۱
* عَبّاس بن ابی الفتوح	: یحیی بن تمیم بن معز بن بادیس الصنہاجی ، ۵۰۹ھ/۱۱۱۵ء تا		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۵۴۹ھ/۱۱۵۴ء)، شمالی افریقہ کے بنو زیری سے تعلق رکھنے والا ایک فاطمی وزیر۔	۷۳۱	۱
* عباس بن فرناس	: وردوس، ابو القاسم، اندلس کا ایک شاعر اور نحوی (م ۲۷۴ھ/ ۸۸۷ء)۔	۷۳۲	۲
* عباس بن ناصح الثقفی	: ابو العلاء، ایک اندلسی شاعر اور امیر الحکم اول کا معتمد خاص (م حدود ۲۳۸ھ/۸۵۲ء)۔	۷۳۳	۲
* عباس (بنو)	: رک بہ عباسیہ۔	۷۳۴	۱
* العباس بن الاحنف	: رک بہ ابن الاحنف (نیز دیکھیے EI² لائڈن، بار دوم، بذیل العباس بن الاحنف)۔	۷۳۴	۱
* العباس بن الحسین الشیرازی	: ابو الفضل؛ معز الدولہ بویہی اور اس کے جانشین عزالدولہ بختیار کا وزیر (حیات ۳۶۲ھ/۹۷۳ء)۔	۷۳۴	۱
* العباس[ر] بن عبدالمطّلب	: ابو الفضل، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا، ایک جلیل القدر صحابی اور خلفاے بنو عباس کے جد امجد (م ۳۲ھ/ ۶۵۳ھ)۔	۷۳۴	۲
* العباس بن عمرو الغنوی	: خلفاے عباسیہ کا مشہور سپہ سالار اور عامل (۳۰۵ھ/۹۱۷ء)۔	۷۳۵	۲
* العباس بن المأمون	: مشہور عباسی خلیفہ المأمون کا بیٹا اور المعتصم کے عہد میں مدعی خلافت (م ۲۲۳ھ/۸۳۸ء)۔	۷۳۶	۲
* العباس بن محمد	: بن علی بن عبداللہ، عباسی خلفا السفاح اور المنصور کا بھائی اور بوزنطیوں کے خلاف مہمات کا نامور سالار (۱۸۶ھ/۸۰۲ء)۔	۷۳۷	۱
* العباس[ر] بن مرداس	: بن ابی عامر بن حارثہ بن عبد قیس السلمی، ایک عرب شاعر اور صغیر صحابی (م بعہد حضرت عمر فاروق[ر] [۱۳ تا ۲۴ھ])۔	۷۳۷	۲
* العباس بن الولید	: خلیفہ الولید اول کا بیٹا اور ایک اموی سپہ سالار (م ۱۳۲ھ/ ۷۵۰ء)۔	۷۳۸	۲
* عباس آباد	: ایران میں متعدد مقامات کا نام۔	۷۳۹	۲
* عباس الندی	: رک بہ بہاء اللہ۔	۷۴۰	۱
* عباس حلمی اول	: خدیو مصر (از ۱۸۴۸ء تا ۱۸۵۴ء)۔	۷۴۰	۱
* عباس حلمی ثانی	: خدیو مصر (از ۱۸۹۲ء تا ۱۹۱۴ء)۔	۷۴۱	۱
* عباس میرزا	: (۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء تا ۱۲۴۹ھ/ ۱۸۳۳ء)، ایران کے قاچاری بادشاہ فتح علی شاہ کا بیٹا اور ولی عہد۔	۷۴۲	۱
* عَبّاسَہ	: عباسہ بنت احمد بن طولون کے نام سے موسوم مصر کا ایک قصبہ۔	۷۴۲	۲
* عَبّاسَہ	: خلیفہ ہارون الرشید کی بہن، ایک معروف عباسی خاتون۔	۷۴۳	۲
* عَبّاس (بنو)	: رک بہ عباسیہ۔	۷۴۴	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* **عَبّاسیہ** :	(بنو العباس) ، حضرت عباسؓ کی اولاد میں (۱) خلفاے بغداد کا خاندان (از ۱۳۲ھ/۷۵۰ء تا ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) ؛ (۲) برائے نام خلفاے مصر کا خاندان (از ۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) .	۲ ۷۴۴
* **اَلعَبّاسیہ** :	قیروان سے تین میل دور تونس کا ایک قدیم شہر .	۱ ۷۶۷
* **عَبْد** :	ایک عام عربی اصطلاح ، بمعنی غلام ، بندہ ، نیز ایک روحانی مرتبۂ کمال .	۱ ۷۶۸
* **عبداللہ بن اباض** :	رک بہ اباضیہ .	۲ ۷۶۸
* **عبداللہ بن ابراھیم** :	رک بہ اغالبہ .	۲ ۷۶۸
* **عبداللہ (محمد)** :	بن ابراھیم الثانی بن احمد، ابو العباس؛ رک بہ اغالبہ .	۲ ۷۶۸
* **عبداللہ بن ابی اسحٰق** :	الحضرمی ، بصرے کا ایک نحوی اور قاری (م ۱۱۷ھ/۷۳۵ - ۷۳۶ء) .	۱ ۷۶۹
* **عبداللہ بن اُبَی** :	بن سلول ، قبیلہ خزرج کی شاخ بنو الحُبلٰی کا سردار اور رئیس المنافقین (م ۹ھ/۶۳۱ء) .	۱ ۷۶۹
* **عبداللہ بن احمد** :	بن حنبل ؛ رک بہ احمد بن حنبل .	۲ ۷۷۰
* **عبداللہ بن اسعد** :	رک بہ الیافعی .	۲ ۷۷۰
* **عبداللہ بن اسکندر** :	الشیبانی (۹۴۰ھ/۱۵۳۳ء تا ۱۰۰۶ھ/۱۵۹۸ء)، میانکال اورکرمینہ وغیرہ کے علاقے کا حاکم اور بنو شیبان [رک بآں] کا سب سے بڑا امیر .	۲ ۷۷۰
* **عبداللہ بن اسمٰعیل** :	مراکش کا ایک علوی]رک بآں] سلطان (از ۱۱۴۱ھ/۱۷۲۹ء تا ۱۱۷۱ھ/۱۷۵۷ء) .	۲ ۷۷۲
* **عبداللہ بن اَفطَس** :	المنصور بن محمد بن مسلمہ ، اندلس کے شاہی خاندان بنو افطس [رک بآں] کا بانی (عہد حکومت تا ۴۲۲ھ/۱۰۳۱ء) .	۲ ۷۷۳
* **عبد ابن بَرّی** :	رک بہ ابن بری .	۲ ۷۷۳
* **عبداللہ بن بُلُکّین** :	بن بادیس بن حبوس بن زیری ، سلطنت غرناطہ کے زیری صنہاجی بربری خاندان کا تیسرا اور آخری حکمران (از نواح ۴۵۶ھ/۱۰۶۴ء تا ۴۸۳ھ/۱۰۹۰ء) .	۲ ۷۷۳
* **عبداللہ بن ثور** :	رک بہ ابو فدیک .	۱ ۷۷۵
* **عبداللہؓ بن جعفرؓ** :	بن ابی طالب ، الملقب بہ بحر الجود ، حضرت علیؓ کے بھتیجے (م مابین ۸۰ھ/۶۹۹ء و ۹۰ھ/۷۰۸ء) .	۱ ۷۷۵
* **عبداللہؓ بن جَحش** :	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھپی زاد بھائی اور صحابی ، مہاجر حبشہ ، غزوۂ احد (۳ھ/۶۲۴ء) کے شہید .	۲ ۷۷۵
* **عبداللہ بن جُدعان** :	چھٹی صدی عیسوی کے اواخر میں قبیلہ تمیم بن مرہ کا ایک ممتاز	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	اور صاحب ثروت قریشی .	۷۷۶	۱
* عبداللہ بن الحسن :	بن الحسن، علویوں کے سردار اور خلیفہ منصور کے زمانے میں خروج کرنے والے دو ائمہ محمد اور ابراھیم کے والد (م نواح ۱۴۵ھ/ ۷۶۲ء) .	۷۷۷	۱
⊗ عبداللہ بن الحسین :	شرق اردن کا امیر اور بعد ازاں المملکۃ الاردنیۃ الھاشمیہ کا بادشاہ (از ۱۹۲۱ء تا ۱۹۵۱ء) .	۷۷۸	۲
* عبداللہ بن حمدان :	رک بہ حمدان (بنو) .	۷۷۹	۱
* عبداللہ بن حنظلہ :	بن ابی عامر الانصاری ، یزید اول کے خلاف مدینہ منوّرہ میں برپا ہونے والے انقلاب کے ایک سربراہ (م ۶۳ھ/۶۸۳ء) .	۷۷۹	۱
* عبداللہ بن خازم السلمی :	عہد بنی امیہ میں والی خراسان اور مشہور سپہ سالار (م ۷۳ھ/ ۶۹۲ - ۶۹۳ء) .	۷۷۹	۲
* عبداللہ بن رشید :	رک بہ ابن رشید .	۷۸۰	۲
* عبداللہ بن رواحہ :	مشہور صحابی ، سپہ سالار ، شاعر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقرر کردہ بارہ نقیبوں میں سے ایک (م ۸ھ/۶۲۹ء) .	۷۸۰	۲
⊗ * عبداللہ بن الزبیر[رض] :	(ولادت ۱ھ/۶۲۲ء تا ۷۳ھ/۶۹۲ء)، حضرت زبیر[رض] بن العوام اور حضرت اسماء بنت ابی بکر[رض] کے صاحبزادے، صغیر صحابی ، مجاھد اور سالار عسکر ، حجاز و عراق کے خود مختار حاکم اور خلیفۃ المسلمین (۶۴ھ/۶۸۳ء تا ۷۳ھ/۶۹۲ء) .	۷۸۱	۲
* عبداللہ بن سبأ :	(نیز ابن السوداء ، ابن حرب و ابن وھب) ، ایک متنازع فیہ شخصیت اور اسلام کے ابتدائی دور میں متعدد فتنوں کا محرک .	۷۸۴	۱
* عبداللہ بن سُریج :	(عبیداللہ بن سریج) ، رک بہ ابن سریج .	۷۸۵	۱
* عبداللہ بن سعد :	حضرت عثمان[رض] کا رضاعی بھائی ، عہد خلافت راشدہ کا ایک سپہ سالار اور ماھر مالیات مدبر (م ۳۷ھ/۶۵۷ - ۶۵۸ء) .	۷۸۵	۱
* عبداللہ بن سعود :	رک بہ ابن سعود .	۷۸۶	۲
* عبداللہ بن سلام :	سابقاً ایک یہودی (نام : الحصین) ، صحابی رسول[ص] (م ۴۳ھ/۶۶۳ - ۶۶۴ء) .	۷۸۶	۲
* عبداللہ بن طاھر :	(۱۸۲ھ/۷۹۸ء تا ۲۳۰ھ/۸۴۴ء) ، ایک شاعر ، سپہ سالار ، مدبر ، خلفاے عباسیہ کا معتمد اور والی خراسان کی حیثیت سے ایک خودمختار طاھری فرمانروا .	۷۸۸	۱
* عبداللہ بن عامر :	(۴ھ/۶۲۶ء تا نواح ۵۹ھ/۶۸۰ء)، والی بصرہ ، حضرت عثمان غنی[رض] کے عہد میں ممتاز سپہ سالار اور بعد ازاں امیر معاویہ[رض] کے حامی .	۷۸۹	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊛* **عبداللہ بن العباسؓ**	: ابو العباس ، الملقب به الحبر (م ۶۸ھ/۶۸۷ء) ، رسول اللہؐ کے ابن عم اور ایک ممتاز صحابی ، راوی حدیث ، فقیه ، محدث اور مفسر قرآن .	۷۹۰	۲
* **عبداللہ بن عبداللہ**	: رکَ به المیورقی .	۷۹۳	۲
* **عبداللہ بن عبدالظاہر**	: رکَ به ابن الظاهر .	۷۹۳	۲
* **عبداللہ بن عبدالقادر**	: الملقب به منشی ، ملائی کا جدت طراز ادیب اور متعدد کتب کا مصنف (م ۱۸۵۴ء) .	۷۹۳	۳
⊛ **عبداللہ بن عبدالمطلب**	: نبی کریم صلی اللہ علیه وسلم کے والد ماجد (م ۵۷۰ء) .	۷۹۶	۲
* **عبداللہ بن عبدالملک**	: (نواح ۶۰ھ/۶۸۰ء - ۶۸۱ء تا ۱۳۲ھ/۷۴۹ء - ۷۵۰ء) ، خلیفه عبدالملک بن مروان کا بیٹا ، رومیوں کے خلاف متعدد جنگوں میں سپه سالار .	۷۹۸	۱
* **عبداللہ بن علی**	: عباسی خلفا السفاح اور المنصور کا چچا اور آخری اموی خلیفه کے خلاف متعدد معرکوں کا قائد (م ۱۴۷ھ/۷۶۴ء) .	۷۹۸	۲
* **عبداللہ بن عمرؓ**	: حضرت عمر فاروقؓ کے صاحبزادے ، نامور صحابی اور احادیث نبوی کے مشہور راوی (م ۷۳ھ/۶۹۳ء) .	۷۹۹	۲
* **عبداللہ بن عمرؒ**	: حضرت عمرؓ بن عبدالعزیز کے بیٹے اور کچھ وقت کے لیے والی عراق (م ۱۳۲ھ/۷۴۹ء - ۷۵۰ء) .	۸۰۱	۲
* **عبداللہ بن محمد**	: رکَ به ابن الفرضی .	۸۰۲	۱
* **عبداللہ بن التعائشی**	: ایک مشہور فقیه اور محمد احمد مہدی کی وفات (۱۸۸۵ء) پر اس کا جانشین (م ۱۸۹۹ء) .	۸۰۲	۱
* **عبداللہ بن محمد**	: شریف مکه ؛ رکَ به مکه .	۸۰۴	۱
* **عبداللہ بن محمد**	: بن عبدالرحمٰن المروانی ، قرطبه کا ساتواں اموی امیر (از ۲۷۵ھ/۸۸۸ء تا ۳۰۰ھ/۹۱۲ء) .	۸۰۴	۱
* **عبداللہ بن محمد**	: بن علی ، ابو اسمٰعیل عبداللہ بن ابی المنصور محمد بن علی الانصاری (۳۹۶ھ/۱۰۰۶ء تا ۴۸۱ھ/۱۰۸۸ء) المعروف به عبداللہ انصاری ، پیر هرات ، متشدد حنبلی صوفی ، سلسلۂ انصاریه کے بانی اور مصنف رساله مناجات وغیره .	۸۰۴	۲
* **عبداللہ بن مسعود**	: رکَ به ابن مسعود .	۸۰۶	۲
* **عبداللہ بن مسلم**	: رکَ به ابن قتیبه .	۸۰۶	۲
* **عبداللہ بن مطیع**	: بن الاسود العدوی، مدینه منوره میں یزید اول کے خلاف بغاوت کرنے والے تابعی بزرگ .	۸۰۶	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عبداللہ بن معاویہ	: اموی حکومت کے خلاف خروج کرنے والے ایک سخی اور بہادر علوی شاعر (م ۱۲۹ھ/۷۴۶ء) .	۸۰۷	۱
* عبداللہ بن المعتز	: رک بہ ابن المعتز .	۸۰۸	۱
* عبداللہ بن المقفع	: رک بہ ابن المقفع .	۸۰۸	۱
* عبداللہ بن موسی	: فاتح ہسپانیہ و المغرب موسیٰ بن نصیر کا بڑا بیٹا اور اپنے والد کے بعد افریقیہ کا منتظم اور گورنر (م ۱۰۲/۷۲۰ء) .	۸۰۸	۱
* عبداللہ بن میمون	: دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی کی ایک اہم شخصیت ، امام جعفر صادقؑ کے رفیق اور راوی حدیث ؛ مخالفین کی رو سے فرقہ اسمعیلیہ کا بانی .	۸۰۸	۲
* عبداللہ بن وَہب	: الراسبی ، ایک خارجی سردار (م ۳۸ھ/۶۵۸ء) .	۸۱۰	۲
* عبداللہ بن ہلال	: الحمیری الکوفی ، الحجاج کا ایک ہم عصر جادوگر .	۸۱۱	۱
* عبداللہ بن ہمام	: السلونی، پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی کا ایک عرب شاعر (م نواح ۹۶ھ/۷۱۵ء) .	۸۱۱	۲
* عبداللہ بن یاسین	: الجزولی ، مرابطی سلسلے کا بانی .	۸۱۲	۱
* عبداللہ پاشا	: محسن زادہ چلبی، ایک ترک مدبر اور سپہ سالار (م ۱۱۶۲ھ/۱۷۴۹ء).	۸۱۳	۱
* عبداللہ ٹونکی (مفتی)	: رک بہ یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور .	۸۱۳	۲
* عبداللہ جودت	: رک بہ جودت عبداللہ .	۸۱۳	۲
⊛ عبداللہ خویشگی	: قصوری ، المتخلص بہ عہدی ، شاہجہانی و عالمگیری عہد کا ایک کثیر التصانیف عالم ، شاعر ، مؤرخ اور تذکرہ نویس ، مصنف اخبار الاولیاء وغیرہ (حیات ۱۱۰۶ھ/۱۶۹۴ء) .	۸۱۳	۲
* عبداللہ سلطان پوری	: رک بہ مخدوم الملک .	۸۱۷	۱
* عبداللہ صاری	: رک بہ صاری ، عبداللہ افندی .	۸۱۷	۲
* عبداللہ الغالب باللہ	: ابو محمد ، مراکش کے خاندان سعدیہ کا ایک بانی سلطان (از ۹۶۴ھ/۱۵۵۷ء تا ۹۸۱ھ/۱۵۷۳ء) .	۸۱۷	۱
⊛ عبداللہ الغزنوی	: رک بہ غزنوی .	۸۱۸	۱
* عبدالبہا	: رک بہ (۱) بہائیت ؛ (۲) بہاء اللہ .	۸۱۸	۱
* عبدالجبّار بن احمد	: بن عبدالجبار الہمدانی الاسدآبادی ، ابو الحسن ، ایک معتزلی عالم دین ، شافعی مکتب فقہ کا پیرو اور متعدد کتب کا مصنف (م ۴۱۵ھ/۱۰۲۵ء) .	۸۱۸	۱
* عبدالجبّار بن عبدالرحمن	: الازدی ، والی خراسان ، عہد عباسیہ کی نامور شخصیت (م ۱۴۲ھ/۷۵۹-۷۶۰ء) .	۸۱۹	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
● عبدالجلیل (سید)	: بلگرامی (۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء تا ۱۱۳۸ھ/۱۷۲۵ء)، عربی، فارسی، ترکی اور ہندی زبانوں کے شاعر، ممتاز عالم دین اور عربی و فارسی کے ایک فاضل مصنف۔	۸۱۹	۲
● عبدالحق	: "بابائے اردو" ڈاکٹر مولوی عبدالحق (۱۸۷۰ تا ۱۹۶۱ء)، ہندوستان میں تحریک اردو کے نامور قائد، صاحب طرز انشا پرداز، محقق اور متعدد کتابوں کے مصنف۔	۸۲۲	۱
* عبدالحق حامد	: (۱۸۵۲ تا ۱۹۳۷ء)، ایک ترکی عالم، نثر نگار، شاعر اور مصنف۔	۸۲۶	۲
* عبدالحق حقی	: بن سیف الدین (الترک) الدہلوی البخاری القادری، ابو المجد (۹۵۸ھ/۱۵۵۱ء تا ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء)، دہلی کی ایک برگزیدہ شخصیت، علوم دینی و معقولات کے ممتاز عالم اور مصنف مدارج النبوۃ، وغیرہ۔	۸۳۰	۱
● عبدالحق خیر آبادی	: شمس العلما علامہ؛ عربی اور منطق و حکمت کے عالم ۱۲۴۳ھ/۱۸۲۸ - ۱۸۲۹ء تا ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۹ء)، سلسلۂ علمائے خیر آباد کی آخری کڑی اور مصنف زبدۃ الحکمۃ۔	۸۳۲	۱
● (ملا) عبدالحکیم سیالکوٹی	: ہندوستان کے ایک ممتاز عالم دین، ماہر کلام و فلسفہ و منطق اور متعدد کتب و حواشی کے مصنف (م ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۶ء)۔	۸۳۴	۲
● میاں عبدالحکیم کاکڑ	: (۱۰۷۰ھ/۱۶۵۹ء تا ۱۱۵۳ھ/۱۷۴۰ء)، ایک مشہور افغان عالم دین اور ولی اللہ۔	۸۴۴	۱
* عبدالحمید بن یحیی بن سعد	: عربی فن ترسل کا بانی، بلاغت میں ضرب المثل، صاحب طرز انشا پرداز، ادیب و کاتب (م حدود ۱۳۲ھ/۷۵۰ء)۔	۸۴۵	۱
* عبدالحمید اول	: ایک عثمانی سلطان (از ۱۱۸۷ھ/۱۷۷۴ء تا ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء)۔	۸۴۷	۱
* عبدالحمید ثانی (غازی)	: چھتیسواں عثمانی سلطان (از ۱۸۷۶ء تا ۱۹۰۹ء)۔	۸۴۹	۲
● عبدالحمید لاہوری	: مغلیہ دور میں برعظیم پاک و ہند کا مشہور مؤرخ، ایک صاحب اسلوب انشا پرداز اور مصنف بادشاہ نامہ وغیرہ (م ۱۰۷۳ھ/۱۶۶۳ء)۔	۸۵۴	۲
* عبدالحی	: (۱۲۸۶ھ/۱۸۶۹ء تا ۱۳۴۱ھ/۱۹۲۳ء)، ہندوستان کے ایک مشہور و ممتاز عالم دین، فقیہ، سوانح نگار، مؤرخ اور مصنف نزہۃ الخواطر وغیرہ۔	۸۵۵	۱
● عبدالحئی فرنگی محلی	: ابو الحسنات محمد (۱۲۶۴ھ/۱۸۴۸ء تا ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۶ء)، ہندوستان کے ایک عالم دین، فقیہ، مؤرخ اور متعدد کتابوں کے مصنف۔	۸۵۷	۲
* عبدالرحمن	: اندلس کے متعدد اموی حکمران و خلفا: (۱) عبدالرحمن اول الملقب بہ		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	الداخل بن معاویه بن هشام ، ۱۳۲ھ/۷۴۹ء کے انقلاب سے بچ کر اندلس پہنچنے اور وہاں ایک آزاد و خود مختار اموی سلطنت قائم کرنے میں کامیاب ہونے والا شہزادہ (م ۱۷۲ھ/۷۸۸ء) ؛ (۲) عبدالرحمن الثانی بن الحکم بن هشام بن عبدالرحمن بن معاویه اپنے باپ الحکم اول کا جانشین اور اندلس کا ایک قابل و زیرک حکمران (از ۲۰۶ھ/۸۲۲ء تا ۲۳۸ھ/۸۵۲ء) ؛ (۳) عبدالرحمن الثالث بن محمد بن عبدالله ، هسپانیه کا سب سے بڑا اموی حکمران اور الاندلس کا خلیفه اول (از ۳۰۰ھ/۹۱۲ء تا ۳۵۰ھ/۹۶۱ء) ؛ (۴) عبدالرحمن الرابع، المرتضی (۴۰۸ھ/۱۰۱۸ء)؛ (۵) عبدالرحمن الخامس، المستظهر بالله (۴۱۴ھ/۱۰۲۳ء) .	۱ ۸۶۰
* عبدالرحمن بن ابی بکرؓ : خلیفه اول کے صاحبزادے اور صحابی رسولؐ (م۵۸ھ/۶۷۸ء).	۲ ۸۶۶
* عبدالرحمن بن حبیب : بن ابی عبیده (یا عبده) الفهری ، ایک مشهور تابعی ، اموی خلافت کے آخری ایام میں افریقیه کا خود مختار والی (م ۱۳۷ھ/۷۵۵ء) .	۲ ۸۶۷
* عبدالرحمن بن خالدؓ : بن الولید المخزومی ، مشهور مسلم سپه سالار حضرت خالد بنؓ ولید کے بیٹے اور بعض جنگوں میں مہمات سر کرنے والے (م ۴۶ھ/۶۶۶ء) .	۱ ۸۶۸
* عبدالرحمن بن رستم : رک به الرستمیه .	۱ ۸۶۹
* عبدالرحمن بن سمره : بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی، فاتح کابل، مشرقی خراسان اور سجستان میں دوباره اسلامی حکومت قائم کرنے والا مسلم سپه سالار (۵۰ھ/۶۷۰ء) .	۱ ۸۶۹
* عبدالرحمن بن طغایرک : سلجوقی اقتدار کے عهد ثانی کا ایک بااثر ترک امیر (م ۵۴۱ - ۵۴۲ھ/۱۱۴۶ - ۱۱۴۷ء) .	۲ ۸۶۹
* عبدالرحمن بن عبدالله الغافقی : مشهور سپه سالار اور اندلس کے والی (از ۱۱۱ھ/ ۷۳۰ھ سے ۱۱۴ھ/۷۳۲ء) .	۱ ۸۷۰
* عبدالرحمن بن عبدالقادر الفاسی : (۱۰۴۰ھ/۱۶۳۱ء تا ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۵ء)، ایک مراکشی عالم ، فقیه اور مصنف العمل الفاسی .	۲ ۸۷۰
* عبدالرحمن بن علی : رک به ابن الربیع .	۱ ۸۷۱
* عبدالرحمن بن عمر الصوفی ابوالحسین : (۲۹۱ھ/۹۰۳ء تا ۳۷۶ھ/۹۸۶ء) ، ایک ممتاز هیئت دان اور مصنف صورالکواکب الثابتة .	۱ ۸۷۱
⊗ عبدالرحمن بنؓ عوف : صحابی رسول صلی الله علیه وآله وسلم، عشره مبشره میں شامل، ایک متمول تاجر (م ۳۲ھ/۶۵۲ء) .	۱ ۸۷۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عبدالرحمٰن بن عیسیٰ	: رک بہ ابن الجراح .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن القاسم	: رک بہ ابن القاسم .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن محمد	: رک بہ ابن خلدون .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن محمد بن ابی عامر	: المعروف بہ شنخول یا سنخول (Sanchuelo)، مشہور حاجب المنصور (رک بآں) کا بیٹا اور اپنے بڑے بھائی عبدالملک المظفر کا جانشین (۳۹۹ھ/۱۰۰۸ء) .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن مروان بن یونس	: المعروف بہ ابن الجلیقی ، اندلس میں باغیوں کا سرغنہ اور بعد ازاں وادی آنہ کا خود مختار حکمران (از ۲۷۱ھ/۸۸۴ء تا ۲۷۶ھ/۸۸۹ء) .	۸۸۰	۲
* عبدالرحمٰن بن ہشام	: (ولادت ۱۲۰۴ھ/۱۷۸۹ء) ، مراکش کا ایک علوی سلطان (از ۱۲۳۸ھ/۱۸۲۲ء تا ۱۲۷۶ھ/۱۸۵۹ء) .	۸۸۱	۱
* عبدالرحمٰن خان	: بن افضل خان بن امیر دوست محمد، افغانستان کا ایک ممتاز حکمران (از ۱۸۴۴ء تا ۱۹۰۱ء) .	۸۸۲	۲
* عبدالرحیم بن علی	: رک بہ القاضی الفاضل .	۸۸۵	۱
* عبدالرحیم بن محمد	: رک بہ ابن نباتہ .	۸۸۵	۱
* عبدالرحیم خان خانان	: میرزا (۹۶۴ھ/۱۵۵۶ء تا ۱۰۳۶ھ/۱۶۲۷ء)، اکبر کے اتالیق بیرم خان کا بیٹا ، سپہ سالار ، مدبر ، عالم ، شاعر ، اپنے عہد کا نامور امیر .	۸۸۵	۱
* عبدالرزاق (مولٰی) بن علی	: بن حسین گیلانی، لاہیجی ، قمی، صفوی دور کا ایک فلسفی حکیم و شاعر اور متعدد کتب و حواشی کا مصنف (م ۱۰۷۲ھ/ ۱۶۶۱ء) .	۸۸۸	۲
* عبدالرزاق کمال الدین بن الغنائم القاشانی	: ایک مشہور صوفی ، لطائف الاعلام وغیرہ متعدد کتب تصوف کا مصنف (م ۷۳۰ھ/ ۱۳۲۹ء) .	۸۸۹	۲
* عبدالرزاق کمال الدین بن جلال الدین اسحٰق السمرقندی	: (۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء تا ۸۸۷ھ/ ۱۴۸۲ء) ، ایک ایرانی مؤرخ اور مطلع سعدین و مجمع بحرین کا مصنف .	۸۹۴	۲
* عبدالرشید بن عبدالغفور	: الحسینی المدنی التتوی ، مشہور فارسی لغت نگار ، فرہنگ رشیدی یا رشیدی فارسی کا مصنف (حیات ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۸ء).	۸۹۶	۲
* عبدالرؤف بن علی الجاوی	: الفنصوری السنکلی (۱۰۳۰ھ/۱۶۲۰ء تا ۱۱۰۵ھ/۱۶۹۳ء)،		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	مصنف عمدة المحتاجين الى سلوك مسلك المفردين .	۸۹۷	۱
* عبدالسّلام بن احمد	: رک به ابن غانم .	۸۹۸	۱
* عبدالسّلام بن مَشِيش الحسنی	: تصوف میں قطب کا درجہ رکھنے والے مراکش کے ایک مقبول عام صوفی بزرگ (م ۶۲۵ھ/۱۲۲۷-۱۲۲۸ء) .	۸۹۸	۱
* عبدالصّمد بن عبدالله الپَلِمبانی	: بانی طریقہ سمانیہ محمد السمان کا شاگرد اور امام غزالیؒ کی احیاء علوم الدین کا ملائی مترجم (حیات ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء) .	۸۹۹	۱
* عبدالصّمد شیریں قلم	: خواجہ ، ایرانی مصور اور خطاط ، ہندوستان میں مغل مصوری کا ایک بانی (حیات ۱۵۹۳ء) .	۹۰۰	۱
* عبدالعزیز	: بن سلطان محمود ثانی ، بیسواں عثمانی سلطان (۱۲۷۷ھ/۱۸۶۱ء تا ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) .	۹۰۶	۱
* عبدالعزیز بن ابراهیم	: الشینی الاسجنی (۱۱۳۳ھ / ۱۷۲۰ء تا ۱۲۲۳ھ/۱۸۰۸ء)، فرقہ ابـاضیہ کا مشہور عالم اور مصنف کتاب النیل و شفاء العلیل، وغیرہ .	۹۰۷	۱
* عبدالعزیز بن ابی دُلف	: رک به الدلفی .	۹۰۸	۱
* عبدالعزیز بن الحجّاج	: بن عبدالملک ، ایک اموی سپہ سالار اور اپنے عمزاد بھائی یزید ثالث کا ممتاز معاون (م ۱۲۷ھ/۷۴۴ء) .	۹۰۸	۱
* عبدالعزیز بن الحسن	: اپنے والد مولای الحسن کا جانشین ، ایک مراکشی سلطان (از ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۴ء تا ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء) .	۹۰۹	۱
* عبدالعزیز بن سعود	: رک به ابن سعود .	۹۱۰	۱
* عبدالعزیز بن محمد	: بن ابراهیم الصنهاجی الفشتالی (۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء تا ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء)، ایک مراکشی عالم اور مؤرخ، مصنف مناهل الصفا فی اخبار الملوک الشرفاء وغیرہ .	۹۱۰	۱
* عبدالعزیز بن محمد	: بن سعود ؛ رک به (۱) ابن سعود ؛ (۲) عرب (جزیرة العرب) .	۲۱۰	۲
* عبدالعزیز بن مروان	: خلیفہ مروان اول کا بیٹا اور خلیفہ عمرؓ بن عبدالعزیز کا والد (م ۸۵ھ/۷۰۴ء) .	۹۱۰	۲
* عبدالعزیز بن موسیٰ	: اندلس کے شہرہ آفاق فاتح موسیٰ بن نصیر کا بیٹا اور اپنے باپ کے بعد اندلس کا پہلا والی (از ۹۵ھ/۷۱۴ء تا ۹۷ھ/۷۱۶ء) .	۹۱۱	۱
* عبدالعزیز بن ولید	: خلیفہ ولید اول کا بیٹا اور ایک اموی سپہ سالار (م ۱۱۰ھ/۷۲۹ء) .	۹۱۱	۲
* عبدالعزیز افندی	: قره چلبی زاده ؛ رک به قره چلبی زاده .	۹۱۲	۱
* عبدالعزیز شاه دہلوی	: رک به شاه عبدالعزیز دہلوی .	۹۱۲	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عبدالغفار بن عبدالکریم	: رک بہ القزوینی .	۹۱۲	۱
* عبدالغفار الاخرس	: رک بہ الاخرس .	۹۱۲	۱
⊛ عبدالغفور میاں	: رک بہ اخوند صاحب سوات .	۹۱۲	۱
* عبدالغنی بن اسماعیل النابلسی	: دمشق کے ایک صوفی، عالم دین ، شاعر اور بہت سی کتابوں کے مصنف (۱۰۵۰ھ/۱۶۴۱ء یا ۱۱۴۳ھ/۱۷۳۱ء).	۹۱۲	۱
* عبدالفتاح فومنی	: ایک ایرانی مؤرخ ،مصنف تاریخ گیلان وغیرہ (حیات ۱۰۳۸ھ/ ۱۶۲۸ء) .	۹۱۳	۲
* عبدالقادر (سر ، شیخ)	: (۱۸۷۳ تا ۱۹۵۰ء)، اردو کے ایک نامور ادیب، برعظیم پاک و ہند کے ممتاز قانون دان .	۹۱۴	۱
* عبدالقادر بن علی	: بن یوسف الفاسی (۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء تا ۱۰۹۱ھ/۱۶۸۰ء) ، مراکش کے فاسی خاندان کا معروف ترین فرد اور قصر الکبیر میں زاویۂ شاذلیہ کا شیخ اعظم .	۹۱۶	۱
* **کَختا**	: یا کیخته : (۱) دریاے فرات کے ایک معاون کختا صو کے کنارے ملطیه سے ۳۰ میل دور ایک مقام ؛ (۲) ماوراے بیکال کے علاقے میں ایک شہر .	۱۲۷	۱
* **کُدُمّل**	: ایک چھوٹا سا آتش فشانی جزیره .	۱۳۲	۱
* **کُر**	: (کره) ، قفقاز کا طویل ترین دریا .	۱۳۲	۱
* **اَلکَرَبیسی**	: یعنی بزاز ، متعدد عرب مصنفین کی نسبت : (۱) احمد بن عمر ، ایک ریاضی دان اور اقلیدس کے ترجمے کی ایک شرح کا مصنف ؛ (۲) ابو علی الحسین بن علی بن یزید المهلبی ، محدث اور شافعی فقیه (م ۲۴۵ھ/۸۵۹ء) .	۱۲۳	۲
⊗ **کَراچی**	: پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور بہترین بندرگاه ، صوبۂ سندھ کا دارالحکومت.	۱۳۳	۲
* **کَرامَة**	: اسلامی شریعت و تصوف کی ایک اصطلاح ، بمعنی صحابه کرام ، اولیا اور نیک لوگوں کے ہاتھوں سرزد ہونےوالے خوارق عادت افعال .	۱۳۸	۲
* **کرامت علی**	: جونپوری ، سید احمد شہید کے ایک مخلص پیرو اور ان کی وفات کے بعد بہار و بنگال میں ان کی تحریک کے سرگرم داعی ، مبلغ اور مصنف (م ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء) .	۱۴۰	۲
* **کرامرس**	: J.H. Kramers (۱۸۹۱ء تا ۱۹۵۱ھ) ، بیسویں صدی عیسوی کا ایک ولندیزی مستشرق اور عربی زبان کی متعدد کتابوں کا طابع اور علوم اسلامیه پر متعدد کتابوں اور مقالات کا مصنف .	۱۴۳	۲
⊗ **کربلاء**	: (کربلاے معلّی) ، عراق میں حضرت امام حسینؓ اور دیگر بزرگوں کے مزارات اور شہادت گاه ہونے کی وجه سے مشہور اور مرکز عقیدت .	۱۴۴	۲
* **کَرْت**	: ہرات پر ڈیڑھ سو سال (۶۴۳ھ/۱۲۴۵ء تا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء) حکومت کرنے والا ایک حکمران خاندان .	۱۴۹	۲
* **الکُرة**	: علم جغرافیه و ہیئت کی ایک اصطلاح ، بمعنی گلوب (globe) .	۱۵۱	۱
* **کَرْج**	: (گرجستان) ، بحیرۂ اسود سے لے کر تفلس کے شمال مشرق میں ۶۰ میل سے زیاده پھیلا ہوا ماوراے قفقاز کا علاقه .	۱۵۳	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* کرچ	: روس میں شامل جزیرۂ قریم (کریمیا) کا ایک قصبہ اور قلعہ .	۱۵۵	۲
* الکَرخ	: قدیم بغداد کا ایک مشہور محلہ .	۱۵۷	۱
* کرخا	: خوزستان (ایران) کا ایک دریا .	۱۶۰	۱
* الکَرخی	: ابو بکر بن الحسن (الحسین) ، بویہی دور کا ایک نامور ریاضی دان اور مؤلف (م مابین ۳۴۰ھ/۱۰۱۹ء و ۴۲۰ھ/۱۰۲۹ء) .	۱۶۱	۲
* کِرد	: رک بہ اقریطش (Crete) .	۱۶۲	۲
*⊗ کُرد	: ایران ، ماوراے قفقاز ، ترکیہ اور العراق میں آباد مشرق قریب کی ایک قدیم ایرانی قوم .	۱۶۲	۲
* کُردِستان	: (۱) سلجوقیوں کے زمانے میں آذر بیجان اور لُرستان کا درمیانی علاقہ ؛ (۲) ایران میں کردوں کا علاقہ اور ایک مستقل ولایت (صوبہ) .	۲۱۹	۲
* الکُرّاز	: (دورک) ، تنگ گلے کا مٹی کا برتن یا گھڑا .	۲۲۴	۲
* کَرّامیہ	: ابو عبداللہ محمد بن کرام (م ۲۵۵ھ) سے منسوب ایک ملحد فرقہ .	۲۲۴	۲
* کرسُون	: (قدیم Cerasus) ، ایشاے کوچک میں بحیرۂ اسود کے کنارے ایک قصبہ اور بندرگاہ .	۲۲۷	۱
* کُرسی	: ایک کثیر المعانی لفظ بمعنی تخت ، نشست ، جاے قیام ، چوکھٹا ، سیڑھی ، لاکٹ وغیرہ .	۲۲۸	۱
* کرش	: رک بہ کرچ .	۲۲۹	۱
* کَرشُونی	: ایک نا معلوم الاصل اصطلاح ، بعد از تصرف عربی زبان کے مطابق بنا لیے جانے والے سریانی حروف تہجی .	۲۲۹	۲
* کَرشی	: اویغور زبان کا ایک لفظ ، بمعنی قلعہ اور محل .	۲۳۰	۱
* گَرَک	: رک بہ حصن الاکراد .	۲۳۰	۱
* الکَرَک	: بحیرۂ مردار کے مشرق میں واقع ایک قلعہ .	۲۳۰	۱
* کَرکَرَہ لی	: قازقوں کا ایک قصبہ اور ضلعی صدر مقام .	۲۳۱	۱
* کَرکُور	: پتھروں بالخصوص مقدس پتھروں کا ایک ڈھیر .	۲۳۱	۲
* کَرکُوک	: عراق کا ایک قدیم قصبہ .	۲۳۳	۱
* کَرم	: (بنو الکرم) ، بنو مسعود اور بنو عباس ابی الزریع کی دو شاخوں پر مشتمل ، عدن میں اسمعیلی حکومت قائم کرنے والا ایک خاندان (از ۴۷۶ھ/۱۰۸۳ء تا ۵۳۳ھ/۱۱۳۸ء) .	۲۳۶	۱
* کِرماستی	: آناطولی (ترکیہ) میں اسی نام کی ایک قضا کا صدر مقام .	۲۳۸	۲
* کرمان	: ایران کا ایک صوبہ اور اس کا موجودہ صدر مقام .	۲۳۹	۲
* کرمان شاہ	: ایران کا ایک صوبائی صدر مقام .	۲۵۰	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **کرمانی** :	کمال الدین ابو العطا محمود بن علی ؛ رک بہ خواجو کرمانی.	۲۵۴	۱
* **کرمسین** :	رک بہ کرمان شاہ .	۲۵۴	۱
* **کُرَمَة** :	ترکستان میں آباد ایک ترک قبیلہ .	۲۵۴	۱
* **کرمیان** :	رک بہ گرمیان .	۲۵۵	۲
* **کرناٹک** :	(۱) بھارت میں کینری زبان بولی جانے والا علاقہ ؛ (۲) ریاست ہائے میسور و حیدرآباد (دکن) اور صوبہ مدراس کے بعض اضلاع پر مشتمل بھارت کا ایک صوبہ ؛ صدر مقام : بنگلور .	۲۵۵	۲
⊗ **کرنال** :	بھارتی پنجاب کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام .	۲۵۶	۱
* **کَرنک** :	رک بہ الاقصر .	۲۵۸	۱
⊗ **کرنکو** :	Fritz Krenkow (۱۸۷۲ء تا ۱۹۵۳ء) ، عربی زبان و ادب سے گہرا شغف رکھنے اور متعدد عربی دواوین شائع کرنے والا ایک جرمن مستشرق .	۲۵۸	۱
* **کروجا** :	رک بہ کرویو ، در II لائڈن ، بار دوم .	۲۵۹	۱
* **کروسیڈز** :	(Crusades) ، رک بہ صلیبی جنگیں .	۲۵۹	۱
* **کرویا** :	(قرویہ)، البانیہ کا ایک قصبہ اور قلعہ، عہد سابق میں سکندر بیگ کا صدر مقام .	۲۵۹	۱
* **کُرَیْبیَہ** :	کیسانیہ [رک بآں] کا ایک فرقہ .	۲۶۰	۱
* **کریٹ** :	رک بہ اقریطش .	۲۶۱	۲
* **کریم** :	(فیاض ، مہربان ، کشادہ دل ، معزز ، شریف) ، انسانوں اور اللہ تعالی دونوں کے لیے مستعمل ایک صفت ؛ رک بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الاسماء الحسنی .	۲۶۱	۲
* **کریم خان زند** :	(محمد)، اٹھارھویں صدی عیسوی کے اواخر میں ایران کا حقیقی فرمانروا (م ۱۱۹۳ھ/۱۷۷۹ء) .	۲۶۲	۱
⊗ **کریمر** :	رک بہ فان کریمر .	۲۶۳	۱
⊗ **کریمیا** :	رک بہ قریم .	۲۶۳	۱
* **کسائی** :	حکیم مجد الدین ابو اسحق (یا ابو الحسن) کسائی (۳۴۱ھ/۹۵۳ء تا ۳۹۲ھ/ ۱۰۰۲ء) ، ایران کا ایک صاحب دیوان فارسی شاعر .	۲۶۳	۱
* **الکسائی** :	ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ یا محمد بن احمد یا حسن بن محمد ، پانچویں صدی ہجری میں قصص الانبیاء کا مصنف .	۲۶۴	۱
* **الکسائی** :	علی بن حمزہ بن عبداللہ بن بہمن بن فیروز الکوفی ، ایک نامور نحوی، ادیب اور قاری (م ۱۸۹ھ/۸۰۵ء) .	۲۶۵	۱
* **کسب** :	تلاش کرنا ، حاصل کرنا ، کمانا ، کام کرنا .	۲۶۶	۲
* **کَسْر** :	علم ریاضی کی ایک اصطلاح ، اعداد کے مزید حصے کرنا .	۲۶۷	۲
* **کَسَر** :	رک بہ کسرہ .	۲۶۸	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* **کَسْرہ** : لغوی معنی توڑنا ، زیر کی علامت .		۲۶۸
* **کِسریٰ** : ساسانی خاندان کے دو ایرانی بادشاہوں کا عربی نام ، بعد ازاں ہر ایرانی بادشاہ کا لقب .		۲۶۸ ۱
* **کَسف** : رک بہ خَسوف .		۲۶۸ ۲
* **کسف** : رک بہ کشف .		۲۶۸ ۲
* **کَسْکَر** : عراق کا ایک قدیم شہر .		۲۶۹ ۲
* **کُسْکُس** : (Couscous) ، تمام شمال مغربی افریقہ میں خوراک کا ایک اہم جز ، میدے سے تیار کیا جانے والا ایک کھانا .		۲۶۹ ۱
* **کَسَلَة** : (عربی : کسلة) ، اینگلو مصری سودان کا ایک صوبہ اور شہر .		۲۷۱ ۱
* **کِسْوَة** : رک بہ کعبہ ؛ محمل .		۲۷۳ ۲
* **کُسُوف** : سورج گرہن ، چاند گرہن .		۲۷۳ ۲
* **کُسَیلة بن لمزم الاوربی** : (بن کمرم البربری) ، تلمسان سے مغرب کی سمت میں آباد قبیلہ اوربہ کے قائد سکردید الأوربی کا رفیق کار اور جانشین .		۲۷۷ ۱
* **کَش** : روس کے علاقہ بخارا میں واقع موجودہ شہر سبز .		۲۷۸ ۱
*⊗ **کشف** : (کھولنا ، ظاہر کرنا ، حجاب دور کرنا) ، ایک اصطلاح : (۱) علم عروض : ایک زحاف کا نام ؛ (۲) علم تصوف : صوفی کے سامنے سے حجابات کا بمراتب اٹھ جانا وغیرہ .		۲۷۹ ۲
* **کشکول** : کچکول ؛ بھیک مانگنے کے لیے ایک زنجیر سے کندھے پر لٹکا لیا جانے والا دھات یا لکڑی یا ناریل کا ایک بیضوی پیالہ .		۲۸۰ ۲
* **کشم** : (۱) خلیج فارس میں بندر عباس کے بالمقابل ایک جزیرہ ؛ (۲) قدیم زمانے میں دریائے جیحون کے بالائی طاس میں واقع ایک شہر .		۲۸۱ ۱
*⊗ **کَشْمیر** : (۱) بر عظیم پاک و ہند کی ایک سرسبز و شاداب وادی ؛ (۲) شہر کشمیر ، یعنی سرینگر ؛ (۳) سابق ریاست جموں و کشمیر .		۲۸۲ ۱
⊗ **کشمیری زبان و ادب** : جموں کے بعض علاقوں ، وادی کشمیر (مقبوضہ بھارت) اور آزاد کشمیر میں بولی جانے والی زبان اور اس کا ادب .		۳۰۷ ۱
* **کَشیش طاغی** : مسیہ میں واقع کوہ اولمپس کے لیے عثمانیوں کا دیا ہوا نام .		۳۱۳ ۱
* **کَعب (بنو)** : ایران کے صوبہ خوزستان میں آباد ایک عرب قبیلہ .		۳۱۳ ۲
* **کَعب بن الاَشرف** : مدینہ منورہ کا ایک دشمن رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہودی (م ۴ھ/۶۲۵ء) .		۳۱۴ ۲
* **کعب بن جُعیل التغلبی** : پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی کا ایک غیر معروف عرب شاعر (حیات ۸۶ھ/۷۰۵ء) .		۳۱۵ ۲
⊗* **کعب بن زہیر** : عرب کے مشہور صاحب معلقہ شاعر زہیر بن ابی سُلمٰی کے فرزند ،		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	مشہور صحابی اور ایک ممتاز شاعر .	۳۱۷	۱
* کعب بن مالک	: ابو عبداللہ (نیز ابو عبدالرحمن) ، مدینہ منورہ میں بنو خزرج کے قبیلہ سَلَمہ سے تعلق رکھنے والے صحابی رسول اور نامور شاعر (م ۵۳ھ/ ۶۷۳ء) .	۳۱۸	۱
* کَعب الاحبار	: ابو اسحٰق کعب بن ماتع بن ہیسوع ، عربوں کے یہاں اسرائیلیات میں قدیم ترین مستند راوی (م ۳۲ھ/۶۵۲ء یا ۳۴ھ/۶۵۴ء) .	۳۱۹	۱
⊗ کعبہ	: مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام کے وسط میں واقع دنیا میں خدا کا پہلا گھر ، مسلمانوں کا قبلہ اور نماز کے لیے متعین جہت .	۳۲۱	۱
⊗ کَفّ	: علم عروض کی ایک اصطلاح .	۳۳۵	۲
* کَفّارہ	: (تاوان ، تلافی) ، اسلامی شریعت کی ایک اصطلاح ، کسی گناہ کا صدقہ ، غلام کی آزادی یا روزے کی صورت میں تاوان ادا کرنا .	۳۳۶	۱
* کفالہ	: علم فقہ کی ایک اصطلاح ، کسی شخص (کفیل) کا قرض خواہ (مکفول لہ) کے لیے قرضدار (مکفول بہ) کا ضامن ہونا .	۳۳۶	۲
* کُفر	: رک بہ کافر .	۳۳۷	۱
* کُفرہ	: صحرائے مشرقی (لیبیا) میں برہ اور ودای کے مابین نخلستان کا ایک مجموعہ .	۳۳۷	۱
* کفہ	: (کفہ)، جزیرہ نمائے قریم کے جنوبی ساحل پر ازمنہ وسطیٰ کا ایک شہر .	۳۳۷	۲
*⊗ کَفیل	: رک بہ کفالۃ .	۳۳۸	۲
* کلاب بن ربیعہ	: بنو کلاب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ . . . ، ضریہ اور ربذۃ کی چراگاہوں میں آباد ایک مشہور عرب قبیلہ .	۳۳۸	۲
* الکلاباذی	: ابو بکر محمد بن ابی اسحٰق ابراہیم بن یعقوب البخاری ، تصوف کے ابتدائی دور کے لیے ایک مستند مصنف (م ۳۸۵ھ/۹۹۵ء) ،	۳۳۹	۲
* کلات نادری	: روس اور ایران کی سرحد پر خراسان کا ایک قصبہ .	۳۴۰	۲
* کلام	: (۱) گفتار ، بات چیت ؛ (۲) علم نحو کی ایک اصطلاح بمعنی بآواز بلند ادا کیا جانے والا لفظ ؛ (۳) علم کلام (رک بہ علم) .	۳۴۱	۱
* کلانتر	: کسی شہر کا ایک اہم ترین شخص ، جیسے رئیس بلدہ .	۳۴۲	۲
* کَلب	: کتا .	۳۴۳	۱
* الکلب	: علم ہیئت کا ایک ستارہ (شعرٰی الیمانیہ ، کلب الجبار) .	۳۴۵	۱
* کلب بن وَبَرہ	: بنو کلب کا جد امجد .	۳۴۶	۱
* کلبرگہ	: رک بہ احسن آباد ، گلبرگہ .	۳۴۸	۱
* الکَلبی	: کوفی علما کا ایک خانوادہ : (۱) الکلبی الکبیر ، ابو النضر محمد بن السائب ، لغت اور اخبار العرب کا عالم اور تفسیر القرآن کا معلم (م ۱۴۶ھ/۷۶۳ء) ؛		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	(۲) ابو المنذر هشام الکلبی ، ایام العرب اور اخبار العرب کا عالم اور تقریباً ایک سو چالیس کتابوں کا مصنف (م ۲۰۴ھ/۸۱۹ء یا ۲۰۶ھ/۸۲۱ء) .	۳۴۸	۱
* کُلثُوم بن عیاض القُشیری	: اموی عہد کا ایک نامور سپہ سالار (۱۲۳ھ/۷۴۱ء) .	۳۴۹	۲
* کلاک	: لمبے لٹھوں یا شہتیروں کو باہم رسوں سے یاندھ کر بنایا جانے والا بیڑہ .	۳۵۰	۱
*⊗ کَلْکَتہ	: بھارت کا سب سے بڑا شہر ، مشہور بندر گاہ اور صوبہ بنگال کا صدر مقام .	۳۵۰	۲
* کلاز	: حلب اور عین تاب کے درمیان شمالی شام کا ایک قصبہ .	۳۵۳	۱
⊗ کَلِمَۃ	: مختلف علوم کی ایک اصطلاح : (۱) علم نحو : مفرد مفہوم کے لیے وضع کیا گیا لفظ واحد ؛ (۲) عرف شرعی : کلمہ طیبہ ؛ (۳) قرآن مجید : معانی عدیدہ، مثلاً کلمۃ اللہ (حضرت عیسیٰ) ؛ (۴) احادیث نبویہ : وسیع مفہوم ؛ (۵) منطق : اپنے صیغے اور وزن سے معنی اور زمانے پر دلالت کرنے والا لفظ ؛ (۶) تصوف : اعیان ثابتہ .	۳۵۴	۱
* کِلوہ	: ساحل مشرقی افریقہ کے متعدد مقامات اور جزائر سے مربوط نام ، بالخصوص ٹانگانیکا کا ایک ضلع اور دو بندرگاہیں : کلوہ کونجہ اور کلوہ کسونی .	۳۵۶	۱
* کَلّہ	: (نیز کلاہ ، کلا اور کِلّہ)، ازمنۂ وسطی میں ہندوستان ، چین اور عرب کے درمیان تجارت اور جہاز رانی کے سلسلے میں رابطے کا کام دینے والا ایک جزیرہ یا جزارہ نما .	۳۵۸	۱
* الکلی	: رک بہ القلی .	۳۶۰	۲
* کُلَیب بن ربیعہ	: عہد جاہلیت میں بنو تغلب کا ایک اہم شیخ (جس کا قتل حرب بسوس کا باعث بنا) .	۳۶۰	۲
* کلید البحر	: در دانیال کے سب سے تنگ حصے میں ایک قلعہ اور چھوٹا سا قصبہ .	۳۶۲	۱
* کلیلہ و دِمنہ	: شاہزادوں کی ہدایت کے لیے مرتب کی جانے والی ایک قدیم کتاب.	۳۶۳	۱
⊗ کلیم ، ابو طالب	: ہندوستان میں دور مغلیہ کا ایک نامور فارسی شاعر (م ۱۰۶۱ھ) .	۳۷۲	۲
* کلیم اللہ	: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اعزازی لقب .	۳۷۹	۱
* (شاہ) کلیم اللہ جہاں آبادی	: (۱۰۶۰ھ / ۱۶۵۰ء تا ۱۱۴۲ھ / ۱۷۲۹ء) ، بر عظیم پاک و ہند کے ایک نامور چشتی بزرگ اور کثیر التصانیف عالم .	۳۷۹	۲
⊗ الکلینی	: ابو جعفر محمد بن یعقوب رازی کلینی ، ایک ممتاز شیعی عالم ، فقیہ ، محدث اور کتاب الکافی (شیعہ حدیث) وغیرہ کے مصنف (م ۳۲۹ھ/۹۴۱ء) .	۳۸۳	۱
* کماخ	: (کماخ ، کمخ)، دریاے فرات (قرہ صو) کے جنوبی کنارے پر ایک قلعہ .	۳۸۶	۲
* کماک	؛ (کیماک) ، دریاے ارتش کی زیریں گزر گاہ پر آباد ترک .	۳۸۷	۱
* کمال پاشا زادہ	: شمس الدین احمد بن سلیمان بن کمال پاشا ، ایک عثمانی مؤرخ ، فقیہ اور صاحب طرز انشا پرداز (م ۹۴۱ھ/۱۵۳۵ء) .	۳۸۷	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **کمال خجندی** :	کمال الدین مسعود ، عہد تیموری کے ایک صوفی اور فارسی شاعر (م ۷۹۲ھ/۱۳۹۰ء یا ۸۰۳ھ/۱۴۰۰ء) .	۳۹۰	۲
* **کمال الدین** :	ابوالقاسم عمر بن احمد بن ہبۃ اللہ بن ابی جرادۃ بن العدیم العقیلی ، مؤرخ حلب (م ۶۶۰ھ/۱۲۶۲ء) .	۳۹۱	۲
* **کمال الدین اسمٰعیل** :	بن جمال الدین عبدالرزاق، اصفہان کا ایک فارسی شاعر (م۶۳۵ھ/ ۱۲۳۷ء) .	۳۹۳	۱
⊗ **کمال الدین پارسی** :	فارس کا مشہور فلسفی عالم ، مصنف تنقیح المناظر (م ۷۲۰ھ/ ۱۳۲۰ء) .	۳۹۳	۲
* **کمال رئیس** :	سلطان با یزید ثانی کے عہد حکومت کا ایک ترک بحری چھاپہ مار اور قپودان .	۳۹۷	۱
* **کمال محمد نامق** :	(۱۲۵۶ھ/۱۸۴۰ء تا ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸ء) ، ترکی کا نامور شاعر ، صاحب طرز انشا پرداز اور مصنف ، جدید ترکی نثر کا بانی اور عصر حاضر کا ایک ممتاز محب وطن .	۳۹۸	۱
* **کمان کش** :	علی پاشا ، ایک عثمانی صدر اعظم (از ۱۰۳۲ھ تا ۱۰۳۳ھ/۱۶۲۳ء) .	۴۰۷	۲
*⊗ **کمبایت (کھمبایت)** :	بھارت کے صوبہ گجرات کی ایک سابقہ ریاست .	۴۰۹	۱
* **کُمبرہ جی** :	رک بہ خمبرہ جی .	۴۰۹	۲
* **الکُمیت** :	(۶۰/۶۷۹ء تا ۱۲۶ھ/۷۴۳ء) ، بنو سعد بن ثعلبہ کا عرب شاعر اور صاحب الہاشمیات .	۴۰۹	۲
* **کِنانہ** :	زمانہ جاہلیت میں مکہ مکرمہ کا ایک بڑا قبیلہ .	۴۱۱	۲
⊗ **کُنجاہ** :	پنجاب (پاکستان) کے ضلع گجرات کا ایک مردم خیز قصبہ .	۴۱۳	۱
* **کَنْدُوری** :	(کندورہ) ، دسترخوان وغیرہ کے معنوں میں ایک کثیر الاستعمال لفظ .	۴۱۵	۲
* **کِندہ** :	(کندۃ الملوک) ، جنوبی عرب کا ایک قلیل التعداد قبیلہ .	۴۱۶	۲
* **الکِندی** :	ابو عمر محمد بن یوسف بن یعقوب (۲۸۳ھ/۸۹۷ء تا ۳۵۰ھ/۹۶۱) ، مصر کا ایک مشہور عرب مؤرخ ، صاحب تسمیۃ ولاۃ مصر .	۴۱۸	۲
* **الکِندی** :	ابو یوسف یعقوب بن اسحق ، المعروف بہ فیلسوف العرب ، ایک نامور عرب فلسفی اور عالم ، متعدد کتابوں کا شارح اور مصنف (حیات ۲۵۷ھ/۸۷۰ء) .	۴۲۰	۱
* **الکِندی** :	عبدالمسیح بن اسحق ، عیسائیت کی حمایت میں ایک عربی تصنیف رسالۃ الی عبداللہ بن اسمٰعیل الہاشمی کے مصنف کا فرضی نام .	۴۲۲	۲
* **کَنعان** :	تاریخ قدیم کے تین افراد کا نام : (۱) حضرت نوح کا بیٹا ؛ (۲) ان کا پوتا ؛ (۳) بابل کے مشہور بادشاہ نمرود کا باپ .	۴۲۳	۲
* **کَنعان پاشا** :	(نیز صاری کنعان پاشا) ، سلطنت عثمانیہ کا ایک قپودان پاشا ، یعنی		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	امیر البحر (م ۱۶۵۹ء) .	۴۲۳	۲
* **کنفری** : (کنفری، چنگری) ، آنا طولی کی ایک لوا (ضلع) اور اس کا صدر مقام .		۴۲۶	۱
* **کَنکوَر ، کَنْکور ، کُنْکور** : ایران کا ایک ضلع اور شہر .		۴۲۸	۱
* **کَنّنور (کَنانور)** : کیرالا (بھارت) کے ضلع مالا بار میں ایک بندر گاہ .		۴۲۸	۱
* **کُنْیَة** : بیٹے یا بیٹی کی نسبت سے رکھا جانے والا نام .		۴۲۸	۱
* **کَنیسة** : کنشت ، یہودیوں اور عیسائیوں کی عبادت گاہ .		۴۲۹	۲
* **کوئٹہ** : (کوطّہ) ، صوبہ بلوچستان (پاکستان) کا صدر مقام ، نیز ایک ضلع .		۴۳۱	۱
* **کوئل** : رک بہ علیگڑھ .		۴۳۳	۱
* **کَوار** : صحرائے اعظم میں نخلستان کا ایک مجموعہ .		۴۳۳	۱
* **کَوپری** : آناطولی کی سنجاق اماسیہ میں ایک قضا کا صدر مقام .		۴۳۴	۱
* **کوپری حصار** : ایشیائے کوچک میں صوبہ خداوندگار کا ایک گاؤں .		۴۳۴	۲
* **کوپریلی** : (کو پرولو) ، سلاطین آل عثمان کے وزرا کا ایک خاندان : (۱) کوپریلی محمد پاشا (۱۵۸۳ تا ۱۶۶۱ء) ، صدر اعظم یا ناظم سلطنت ؛ (۲) کوپریلی زادہ فاضل احمد پاشا (۱۶۳۵ تا ۱۶۷۶ء) : سابق الذکر کا بیٹا ، صدر اعظم : (۳) کوپریلی زادہ مصطفی پاشا : (۱۶۳۷ تا ۱۶۹۱ء) ، محمد پاشا کا دوسرا بیٹا ، صدر اعظم ؛ (۴) کوپریلی زادہ حسین پاشا : محمد پاشا کا بھتیجا ، صدر اعظم (م ۱۱۱۴ھ/۱۷۰۲ء) ؛ (۵) کوپریلی زادہ نعمان پاشا : مصطفی پاشا کا بیٹا ، صدر اعظم (م ۱۱۳۱ھ/۱۷۱۹ء) .		۴۳۵	۱
* **کوپک** : ایران اور ماوراء النہر کا ایک سکہ .		۴۴۲	۱
* **کُوتاهیه** : ایشیائے کوچک میں صوبہ خداوند گار کی ایک سنجاق کا صدر مقام .		۴۴۲	۱
* **کُوت العمارة** : العراق میں بغداد اور عمارہ کے درمیان واقع ایک مقام .		۴۴۳	۱
* **کوتل** : پہاڑی درہ .		۴۴۳	۱
* **کوٹ مِٹھن** : پاکستان کی قسمت ڈیرہ غازیخان میں پنجند اور دریائے سندھ کے سنگھم کے قریب واقع ایک قدیم قصبہ .		۴۴۳	۱
* **الکوثر** : قرآن مجید کی ایک سو آٹھویں سورت .		۴۴۵	۱
* **کُوثی** : عراق کا ایک قدیم قصبہ .		۴۴۷	۱
* **کوچک بیرام** : رک بہ (۱) عید الفطر ؛ (۲) بیرام .		۴۴۸	۱
* **کوچک قینارجه** : گرم پانی کا چھوٹا چشمہ .		۴۴۸	۱
* **کوچک (میرزا) وصال** : محمد شفیع ، ایک ایرانی شاعر (م ۱۲۶۲ھ/۱۸۴۶ء) .		۴۴۸	۱
* **کوچم خان** : سائبیریا کا ایک تاتاری خان (۱۰۰۳ھ/۱۵۹۴ - ۱۵۹۵ء) .		۴۴۸	۲
* **کُورانی** : (نیز گورانی) ، شمس الدین احمد بن اسمٰعیل مُلّا ، استانبول کے شیخ الاسلام ،			

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	نامور فقیہ اور مصنف (م ۸۹۳ھ/۱۴۸۸ء) .	۳۴۹	۲
* کور اوغلو	: ترکی زبان کی ایک مقبول عام رومانی داستان کا ہیرو .	۳۵۰	۲
* کوردفان	: مصری سودان کا ایک صوبہ .	۳۵۱	۱
* کوڑا	: اتر پردیش (بھارت) ایک قدیم قصبہ .	۳۵۱	۲
* کوزہ گری	: رک بہ فن .	۳۵۲	۱
* کوسم والدہ	: ماہ پیکر ، عثمانی سلطان احمد الاول کی بیوی اور سلطان مراد چہارم اور سلطان ابراہیم اول کی والدہ ، متعدد اداروں کی بانی اور ایک شریف النفس و مقبول عوام خاتون (م ۱۰۶۱ھ/۱۶۵۱ء) .	۳۵۲	۱
* کوسہ میخال	: ایک نو مسلم عثمانی سپہ سالار (حیات ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء) .	۳۵۳	۱
* کوشک	: باغ میں بنا ہوا بنگلہ ، خلفا کا دیہاتی محل .	۳۵۳	۲
* کوطہ	: رک بہ کوئٹہ .	۳۵۴	۱
* الکوفہ	: عراق کا ایک قدیم تاریخی شہر .	۳۵۴	۱
* کوفیہ	: بادیۂ شام میں سر پر باندھنے کا ریشمی رومال .	۳۵۸	۲
* کوکب	: منور جرم فلکی ، ستارہ ، علم ہیئت کی ایک اصطلاح .	۳۵۹	۱
* کوکبان	: جنوبی عرب میں چند مقامات کا نام : (۱) ایک عبادت گاہ ؛ (۲) ظفار کے قریب ایک قلعہ ؛ (۳) وادی سلامہ کے دائیں جانب ایک چھوٹا سا گاؤں ؛ (۴) صنعا کے شمال مغرب میں ایک صوبے کا صدر مقام ؛ (۵) علاقۂ طویلہ میں ایک چھوٹی سی جگہ .	۳۶۰	۱
* کوکبری	: (کوکبوری) ، ابو سعید مظفر الدین بن علی بن بکتگین (۵۴۹ھ/۱۱۵۴ء تا ۶۳۰ھ/۱۲۳۳ء) ، فرمانروائے اربل ، خاندان بکتگین کا سب سے مشہور بادشاہ (از ۵۸۶ھ/۱۱۹۰ء) .	۳۶۱	۱
* کوکہ	: بورنو (رک بآں) کا صدر مقام .	۳۶۲	۲
* کوکچہ	: رک بہ بدخشان .	۳۶۲	۲
* کوکلتاش	: خان جہان میرزا عزیز کوکلتاش ، اکبر اعظم کا رضاعی بھائی اور ممتاز منصب دار (م ۱۰۳۳ھ/۱۶۲۶ء) .	۳۶۲	۲
* کولوم بشار	: ضلع صحراء کا ایک بڑا اور جدید شہر .	۳۶۶	۱
* کومک	: (قومق) ، داغستان کے شمالی حصے میں آباد ایک ترک قبیلہ .	۳۶۶	۱
* کومیہ	: ازمنۂ وسطی میں الموحدون کا حامی ایک اہم قبیلہ .	۳۶۷	۱
* کونگ	: (کپون) ، ساحل عاج (Ivory Coast) کی موجودہ فرانسیسی نو آبادی کے شمال میں ایک سرحدی مقام .	۳۶۷	۲
کوّرت	: (التکویر) ، قرآن مجید کی اکیاسویں سورۃ .	۳۶۸	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
*⊗ کوہاٹ	: پاکستان کے صوبہ سوحد کا ایک ضلع ، اس کا صدر مقام اور چھاؤنی .	۴۷۰	۲
* کوہ بابا	: (کوہ بُک ، کوہ مالک سیاہ، کوہ سفید ، کوہ سیاہ ، کوہ تافتان) کوہ ہندوکش کا عظیم مغربی سلسلہ اور افغانستان کا سب سے بڑا کوہستانی نظام .	۴۷۱	۲
⊗ کوہِ مکلی	: مشرقی ممالک کے سب سے بڑے گورستان کی وجہ سے معروف، پاکستان کے علاقہ سندھ میں واقع پہاڑوں کی ایک شاخ .	۴۷۲	۱
⊗ کوہِ نور	: ہندوستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ شہرت رکھنے والا ہیرا .	۴۷۶	۱
* کُوی	: مغربی ترکی میں بمعنی گاؤں ، متعدد مقامات کے ناموں میں مستعمل لفظ .	۴۷۹	۱
⊗ الکویت	: جزیرہ نمائے عرب کے شمال مشرقی ساحل پر واقع ایک آزاد و خود مختار ریاست .	۴۷۹	۱
⊗* کہانی	: (افسانہ ، مختصر افسانہ) ، رک بہ (۱) حکایۃ ؛ (۲) حدیث ؛ (۳) روایۃ ؛ (۴) سمر ؛ (۵) قصہ [نیز (۶) اردو ؛ (۷) عربی ؛ (۸) فارسی وغیرہ] .	۴۸۶	۱
* کہربا	: (کاہ ربا ؛ Amber) ، تنکوں کو اپنی طرف کھینچنے والی ایک شے .	۴۸۶	۱
⊗ الکہف	: قرآن مجید کی اٹھارھویں سورۃ .	۴۸۷	۱
* الکُہان	: (واحد : کاہن) ، دور جاہلیت کے عرب میں غیب دانی کا دعویٰ اور پیشگوئیاں کرنے والے پیشہ ور لوگ .	۴۹۰	۱
* کیا	: (کیا یا) ، رک بہ کتخدا .	۴۹۵	۱
* کَیخُسرو	: ایران کا ایک اساطیری کیانی بادشاہ .	۴۹۵	۱
* کَیخُسرو	: ایشیائے کوچک کے تین سلجوقی فرمانروا : (۱) کیخسرو اول : غیاث الدین بن قِلج ارسلان ، اپنے باپ کی جگہ ایشیائے کوچک کا حکمران (از ۵۸۸ھ/ ۱۱۹۲ء تا ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء و از ۶۰۰ھ/۱۲۰۳ء تا ۶۰۷ھ/۱۲۱۰ء) ؛ (۲) کیخسرو دوم : غیاث الدنیا و الدین بن کیقباد (از ۶۳۴ھ/۱۲۳۷ء تا ۶۴۳ھ/ ۱۲۴۵ء) ؛ (۳) کیخسرو سوم : غیاث الدین بن رکن الدین قِلج ارسلان (از ۶۶۶ھ/۱۲۶۷ء تا ۶۸۲ھ/۱۲۸۳ء) .	۴۹۶	۱
* کیسان	: ابو عمرہ ، المختار الثقفی کا ایک مقرب اور محکمہ پولیس کا سربراہ (م ۶۷ھ/ ۶۸۶ء) .	۴۹۹	۲
* کیسانیہ	: ابتداءً کیسان کی زیر قیادت شیعی گروہ ، بعد ازاں مختار کے عقائد و افکار کا حامل اور محمد بن الحنفیہ کو حضرت علیؓ کا بلا واسطہ جانشین امام ماننے والا شیعی فرقہ .	۵۰۰	۱
* کَیقُباد	: ایران کا ایک اساطیری کیانی بادشاہ .	۵۰۲	۱
* کَیقُباد	: ایشیائے کوچک کے تین سلجوقی فرمانروا : (۱) کیقباد اول : علاء الدنیا و الدین ابو الفتح کیقباد بن کیخسرو ، اپنے بھائی کیکاؤس کا جانشین (از ۶۱۶ھ/		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	۱۲۱۹ء تا ۶۳۴ھ/۱۲۳۷ء) ؛ (۲) کیقباد دوم : علاء الدین بن کیخسرو ، اپنے دو بھائیوں کیکاؤس اور قلیج ارسلان کے ساتھ مل کر ایشیائے کوچک کا حکمران (م ۶۵۵ھ) ؛ (۳) کیقباد سوم : علاء الدین کیقباد بن فرامرز بن کیکاؤس (از ۶۹۷ھ/۱۲۹۸ء تا ۷۱۷ھ/۱۳۱۷ء) .	۱ ۵۰۳
* کیکاؤس	: ایران کا ایک لسلطیری کیانی بادشاہ .	۲ ۵۰۷
* کیکاؤس	: ایشیائے کوچک کے دو سلجوقی فرمانروا : (۱) کیکاؤس اول : السلطان الغالب عز الدنیا و الدین کیکاؤس بن کیخسرو اول (از ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء تا ۶۱۶ھ/۱۲۱۹ء) ؛ (۲) کیکاؤس دوم : عزالدنیا و الدین کیکاؤس بن کیخسرو دوم (از ۶۴۳ھ/۱۲۴۵ء تا ۶۷۸ھ/۱۲۷۹ - ۱۲۸۰ء) .	۲ ۵۰۸
* کیکاؤس	: بن سکندر بن قابوس بن وشمگیر ، عنصر المعالی ، والی جرجان و طبرستان (از ۴۴۱ھ/۱۰۴۹ء تا ۴۶۲ھ/۱۰۶۹ء) .	۱ ۵۱۲
* کیل	: پیمائش کے لیے سب سے عام اصطلاح .	۲ ۵۱۳
* کَیْلَجَه	: وزن کا ایک پیمانہ .	۱ ۵۱۴
* کیمیا	: رک بہ علم (الکیمیا) .	۲ ۵۱۴
* الکیمیا	: رک بہ علم (کیمیا) .	۲ ۵۱۴
* اَلکَیّال	: احمد الکیال الخصیبی ، تیسری صدی ہجری کا ایک فلسفی .	۲ ۵۱۴

گ

⊛ گ	: فارسی زبان کا چھبیسواں ، اردو کا چالیسواں اور ہندی کا تیسرا حرف .	۱ ۵۱۵
* گابون	: (Gabon) ، افریقہ کا ایک ملک .	۱ ۵۱۶
* گارڈا فوئی	: (Guardafui) ، راس عسیر ، افریقہ کی انتہائی مشرقی راس .	۱ ۵۱۷
* گارسیف	: (گرسیف ، اکرسیف) ، مشرقی مراکش کا ایک قصبہ .	۲ ۵۱۷
* گازرون	: رک بہ کازرون .	۲ ۵۱۸
* گاگوز	: (Gagauzes) ، نسلاً ترک ، مذہباً مسیحی ، خالص ترکی زبان بولنے والی ایک قوم .	۲ ۵۱۸
* گاور	: (G. Aur) ؛ رک بہ گبر .	۱ ۵۱۹
* گاور طاغی	: (جبل برکت) ، کوہ امانوس کے شمالی حصے کا نام .	۲ ۵۱۹

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* گاؤوس	: آچے [رک بآں] میں آباد ایک قبیلہ .	۵۱۹	۲
⊗ گِب	: E.J.W. Gibb (۱۸۵۷ء تا ۱۹۰۱ء) ، سکاٹ لینڈ کا ایک معروف مستشرق اور مصنفِ *A History of Ottoman Poetry* وغیرہ .	۵۱۹	۲
* گِب (ہملٹن)	: Sir A.R.H. Gibb (۱۸۹۶ء تا ۱۹۷۵ء) ، عربی زبان و ادب کی نمایاں خدمات انجام دینے والا انگلستان کا ایک نامور مستشرق .	۵۲۰	۱
* گَبر	: آتش پرستوں کے لیے فارسی زبان و ادب کی ایک تحقیر آمیز اصطلاح .	۵۲۱	۱
* گَبِن	: (Gabnopert) ، آرمینیا میں ایک پہاڑی قلعہ .	۵۲۱	۲
⊗ گِبن	: Edward Gibbon (۱۷۳۷ء تا ۱۷۹۴ء) ، مشہور برطانوی مؤرخ ، مستشرق اور *The History of Decline and Fall of the Roman Enpire* ، کا نامور مصنف .	۵۲۱	۲
⊗* گجرات	: پنجاب (پاکستان) کا ایک ضلع اور مشہور صنعتی شہر .	۵۲۲	۱
⊗* گُجرات	: بھارت کا ایک صوبہ .	۵۲۳	۱
* گُجراتی	: مغربی ہندوستان کے متعدد صوبوں ، گجرات ، کاٹھیاواڑ اور کچھ میں بولی جانے والی ایک انڈو آریائی مقامی زبان .	۵۳۸	۲
⊗ گُجرانوالہ	: رک بہ گوجرانوالہ .	۵۴۰	۲
* گُدالہ	: صحرانشین صنہاجہ سے متعلق ایک مختصر بربر قبیلہ .	۵۴۰	۲
⊗ گرامی	: شیخ غلام قادر (نواح ۱۸۵۷ء تا ۱۹۲۷ء) ، برصغیر پاکستان و ہند میں آخری دور کے ممتاز ترین فارسی شاعر .	۵۴۲	۱
* گِرای	: تین صدیوں (نویں سے بارھویں صدی ہجری/پندرھویں سے اٹھارھویں صدی عیسوی) تک جزیرہ نمائے قریم (کریمیا) پر حکومت کرنے والا ایک تاتاری خاندان .	۵۴۲	۲
* گُرج	: رک بہ کُرج .	۵۴۳	۱
* گُرجستان	: رک بہ کرج .	۵۴۳	۱
* گُرچانی	: قسمت ڈیرہ غازی خان (پاکستان) کا ایک بلوچ قبیلہ .	۵۴۳	۱
* گَردیزی	: ابو سعید عبدالحی بن الضحاک بن محمود ، ایک ایرانی مؤرخ ، صاحب زین الاخبار (تصنیف ۴۴۱ھ/۱۰۴۹ء تا ۴۴۳ھ/۱۰۵۳ء) .	۵۴۴	۱
* گرگا	: بالائی مصر کا ایک صوبہ (مدیریہ) ، ضلع (مرکز) اور شہر .	۵۴۵	۱
* گُرگان	: رک بہ جرجان .	۵۴۵	۲
* گُرگانج	: (جرجانیہ) ، شمالی خوارزم کا ایک شہر .	۵۴۵	۲
* گرم سیر	: فارس اور کرمان کا گرم ساحلی علاقہ .	۵۴۷	۱
* گرمیانِ اوغلو	: سلجوقی سلطنت کے زوال کے بعد کوتاھیہ اور اس کے نواحی علاقوں پر حکومت کرنے والا ترکمان خاندان : (۱) علی شہر (نواح ۷۰۰ھ) :		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	(۲) گرمیاں خان (از ۷۰۷ھ تا ۷۳۰ھ) ؛ (۳) محمد (زمانہ نامعلوم) ؛ (۴) سلیمان شاہ (نواح ۷۷۹ھ) ؛ (۵) یعقوب ثانی (۷۹۰ھ تا ۷۹۳ھ و ۸۰۵ھ تا ۸۳۲ھ) .	۵۴۷	۱
* گزولی	: رک بہ جزولی .	۵۴۸	۲
* گزہ	: رک بہ غزہ .	۵۴۸	۲
⊗* گکھڑ	: پنجاب (پاکستان) کے اضلاع راولپنڈی ، اٹک ، جہلم ، اور شمال مغربی سرحدی صوبہ کے ضلع ہزارہ ، نیز ریاست جموں کشمیر میں آباد ایک معروف قبیلہ .	۵۴۸	۲
⊗* گل	: گلاب یا عام پھول .	۵۵۱	۲
* گل بابا	: ترکوں کی متعدد جنگوں میں کفار کے خلاف جانبازی دکھانے والا ایک ترک بکتاشی درویش اور ولی (م ۹۴۸ھ/۱۵۴۱ء) .	۵۵۳	۱
* گلبدن بیگم	: شہنشاہ بابر کی بیٹی اور ہمایوں نامہ کی مصنف (م ۱۰۱۱ھ/۱۶۰۳ء) .	۵۵۳	۲
* گلبرگہ	: رک بہ احسن آباد ، گلبرگہ .	۵۵۴	۱
* گلپایگان	: ایران کا ایک شہر .	۵۵۴	۱
* گل خانہ	: یا گل خانہ میدانی ، استانبول میں بحیرہ مارمورا کے کنارے واقع باغات کا ایک حصہ .	۵۵۴	۲
* الگدکی	: (جلد کی) ، علی بن ایدمر بن علی ، علوم مخفی ، بالخصوص کیمیا گری کے بارے میں متعدد کتابوں کا مصنف (م ۷۴۳ھ/۱۳۴۲ء یا ۷۶۲ھ/۱۳۶۱ء) .	۵۵۵	۱
* گلڈ	: (Guild) ، رک بہ صنف .	۵۵۵	۱
⊗ گلزار عبدالعلی	: (حافظ جھنڈا) پنجابی زبان کا ایک قدیم صاحب دیوان شاعر .	۵۵۵	۱
* گلستان	: ایران کے شہرہ آفاق شاعر شیخ سعدی شیرازی کی مخلوط نظم و نثر میں ایک مشہور و معروف اخلاقی کتاب .	۵۵۵	۲
* گلستان	: قفقار کا ایک تاریخی مقام .	۵۵۶	۱
* گلشنی	: سلطان محمد ثانی کا ہم عصر ترکی شاعر .	۵۵۶	۲
* گلشنی	: شیخ ابراہیم ، خلوتی سلسلے کے مشہور صوفی اور مثنوی مولانا روم کے جواب میں ایک فارسی مثنوی کے مصنف (م ۹۴۰ھ/۱۵۳۳ - ۱۵۳۴ء) .	۵۵۶	۲
* گلگت	: پاکستان کے شمالی علاقوں میں براہ راست مرکزی حکومت کے زیر انتظام ایک ایجنسی .	۵۵۷	۱
* گمرون	: (گومروں) ، خلیج فارس کے کنارے ایک بندرگاہ .	۵۵۸	۱
* گناہ	: (جناح) ، رک بہ سیئہ .	۵۵۸	۲
* گنج شکر[۲]	: رک بہ فرید الدین گنج شکر .	۵۵۸	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
⊗ گنج العلوم عین الدین	: رک بہ عین الدین .	۵۵۸ ۲
* گنجہ	: (جنزہ ، جلیساوت پول) ، آذر بیجان کے علاقے میں ایک قدیم شہر (آج کل کھنڈر) .	۵۵۸ ۲
* گنڈو	: مغربی سودان میں فلبہ لوگوں کی سلطنت ؛ رک بہ پل .	۵۵۹ ۱
* گندھارا	: رک بہ قندھار .	۵۵۹ ۱
* گنڈا پور	: ضلع ڈیرہ اسماعیل خان (پاکستان) میں آباد افغان قبیلہ .	۵۵۹ ۱
* گنگا	: بالائی ہند کا سب سے بڑا اور ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ایک مقدس دریا .	۵۵۹ ۲
* گنی	: (Guinea) ، مغربی افریقہ کے ساحل پر ایک ملک .	۵۵۰ ۲
* گو	: (Gao) ، رک گوگو .	۵۶۱ ۱
* گراد	: (Guad) ، گوادی ؛ رک بہ (۱) واد ؛ (۲) وادی .	۵۶۱ ۱
* گوالیار	: سابقاً ایک ہندو ریاست ، آجکل مدھیا پردیش (بھارت) کا ایک حصہ .	۵۶۱ ۱
* ⊗ گوجر	: (گجر ، گجر) ، شمالی برعظیم پاک و ہند میں آباد ایک قوم .	۵۶۲ ۲
*⊗ گوجرانوالہ	: صوبہ پنجاب (پاکستان) کی ایک قسمت اور اہم صنعتی شہر .	۵۶۵ ۲
* گور خان	: قرہ ختائی (رک بآں) کے فرمانرواؤں کا ایک لقب .	۵۶۶ ۲
* گور دوس	: آنا طولی کی ولایت آیدین میں اسی نام کی قضا کا صدر مقام .	۵۶۷ ۱
* گور گانی	: فخر الدین اسعد گورگانی ، دربار شاہی سے تعلق رکھنے والی پہلی عشقیہ مثنوی ویس و رامین (تصنیف ۴۴۷ھ/۱۰۵۵ء) کا مصنف .	۵۶۷ ۱
* گوڑ	: برصغیر پاک و ہند کے صوبہ بنگال کا پرانا پایہ تخت .	۵۶۹ ۲
* گوک الپ ضیاء	: محمد ضیا (۱۸۷۵ یا ۱۸۷۶ء تا ۱۹۲۹ء)، ایک نامور ترک مفکر ، مضمون نویس ، آزاد خیال اور انقلاب پسند مصنف .	۵۷۰ ۱
* گوک تپہ	: ایک ترکمانی قلعہ .	۵۷۳ ۱
* گوگچای	: روسی آرمینیا میں میٹھے پانی کی جھیل .	۵۷۳ ۲
* گوکسون	: (قدیم ککسس) ، آناطولی کا ایک گاؤں .	۵۷۴ ۱
* گوک صو	: ترکوں کے ہاں متعدد دریاؤں کا نام ، مثلاً دریاے سلفکہ یا ارمنک صو .	۵۷۴ ۱
* گوکلان	: ایک ترکمانی قبیلہ .	۵۷۴ ۱
* گوگو	: سودان کا ایک شہر .	۵۷۴ ۲
* گول	: ایشیائی ترکیہ کے دو ناحیوں کا نام .	۵۷۶ ۱
* گولتہ	: تونس کی ایک بندر گاہ ؛ رک بہ تونس .	۵۷۶ ۱
⊗ گولت سیہر	: Ignaz Goldziher ، (۱۸۵۰ تا ۱۹۲۱ء) ، علوم اسلامیہ ، بالخصوص علم حدیث و تفسیر کا عالم ، ہنگری کا نامور یہودی مستشرق .	۵۷۶ ۱
* گولڈن ہورڈ	: (Golden Horde)، رک بہ قپچاق مغول .	۵۷۷ ۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ ع°و	
⊗ گولڑوی : مہر علی ، پیر ؛ رک بہ گولڑہ شریف .		۵۷۷	۱
⊗ گولڑہ شریف : راولپنڈی (پاکستان) سے گیارہ میل کے فاصلے پر ایک قصبہ .		۵۷۷	۱
* گولک بوغاز : درہ Pylae Ciliciae کا ترکی نام ؛ درب السلامۃ .		۵۷۹	۱
* گولکنڈہ : برعظیم پاک و ہند کی قدیم مسلم سلطنت تلنگانہ کا صدر مقام اور قلعہ .		۵۷۹	۱
* گوم : (قوم) ، شمالی افریقہ کے عرب علاقوں میں مسلح سوار دستے وغیرہ .		۵۸۰	۱
* گومش خانہ : آنا طولی کی ولایت طرابزون میں ایک سنجاق کا صدر مقام .		۵۸۰	۱
* گومل : پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر ایک درہ ، نیز ایک دریا .		۵۸۱	۱
⊗ گوہر شاد آغا (بیگم) : میرزا شاہرخ کی مدبر بیگم (م ۸۶۱ھ/۱۴۵۷ء) .		۵۸۱	۲
* گھیبا : شمالی پنجاب (پاکستان) میں آباد ایک مسلمان راجپوت قبیلہ .		۵۸۴	۱
* گیخاتو : ایران کا ایک ایلخانی حکمران (از ۶۹۰ھ/۱۲۹۱ء تا ۶۹۴ھ/۱۶۹۵ء) .		۵۸۴	۲
* گیزہ : (جیزہ) ، مصر کا ایک شہر .		۵۸۵	۲
⊗ گیسو دراز[۲] : سید محمد حسین گیسودراز چشتی (۷۲۱ھ/۱۳۲۱ء تا ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء)، سلسلۂ چشتیہ کے مشہور ولی اللہ اور متعدد کتابوں کے مصنف .		۵۸۵	۲
* گیگا : (گیفہ ، گیقہ) ، ایک البانوی قبیلہ ؛ رک بہ آرموولق .		۵۸۸	۱
* گیلان : ایران کا ایک صوبہ .		۵۸۸	۱

ل

⊗ ل : عربی حروف تہجی کا تیئیسواں ، فارسی کا ستائیسواں اور اردو کا بیالیسواں حرف .		۵۹۱	۱
⊗ اللات : زمانہ جاہلیت میں طائف کے بت خانے میں نصب عربوں کا ایک بت .		۵۹۲	۲
* لاذقیہ : شمالی شام کی ایک بندرگاہ اور ترقی پذیر شہر .		۵۹۴	۱
* لاذیق : (لادیق) ایشیاے کوچک میں چند قصبے .		۵۹۸	۲
* لار : (۱) فارس کے جنوب مشرق میں بلوک لارستان کا صدر مقام ؛ (۲) جزیرہ ابو شعیب ؛ (۳) ماژ ندران کی ایک مرتفع وادی .		۵۹۹	۲
* لاردہ : شمالی اندلس میں اسی نام کے صوبے کا صدر مقام .		۶۰۱	۲
* لارندہ : ایشیاے کوچک کا ایک شہر .		۶۰۲	۱
* لاری : (لرن) ، سولھویں صدی میں خلیج فارس اور بحر ہند میں رائج طلائی سکہ .		۶۰۳	۲
* لاز : بحیرہ اسود کے سوا حل پر آباد جنوبی قفقاز کی ایک قوم .		۶۰۴	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ حمود	
⊗ لازار (لعزر) : حضرت عیسیٰ ؑ کے ہاتھ پر دوبارہ زندہ ہونے والے شخص کا انسانوی نام .		۶۰۵	۲
* لالہ زاری : رکّ بہ محمد لالہ زاری .		۶۰۷	۱
⊗ لام : رکّ بہ ل .		۶۰۷	۱
* لام ، بنو : دریاے دجلہ کے زیریں حصے میں آباد ایک خانہ بدوش عرب قبیلہ .		۶۰۷	۱
* لامس صو : ولایت کیلیکیا کی ایک ندی .		۶۰۸	۱
* لامعی : شیخ محمود بن عثمان بن علی النقاش ، سلطان سلیمان اول کے ابتدائی عہد کا مشہور صوفی اور ترکی شاعر و مصنف (م ۹۳۸ھ/۱۵۳۲ء یا ۹۴۰ھ/۱۵۳۳ء).		۶۰۹	۱
⊗ اللان : قفقاز میں بسنے والی ایک قدیم قوم .		۶۱۱	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

جلد ۱۸

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ لاهور	: پاکستان کا ایک قدیم تاریخی شہر اور علمی و ثقافتی مرکز ، صوبہ پنجاب کا دارالحکومت اور قسمت و ضلع لاهور کا صدر مقام .	۱	۱
* لاهیجان	: ایران کے صوبہ گیلان کا ایک شہر .	۶۲	۲
لائٹنر	: Goottleib Wilhelm Leitner (۱۸۴۰ تا ۱۸۹۹ء) ، ایک ہنگروی مستشرق ، لسانیات ، آثار قدیمہ اور تعلیم کا ماہر اور پنجاب یونیورسٹی کا ایک بانی .	۶۳	۱
⊗ لِباس	: پوشاک ، پہننے کے کپڑے .	۶۶	۲
* لَبّے	: جنوبی ہند کے مشرقی ساحل پر آباد مسلمان ، قدیم عرب مہاجرین کی اولاد .	۷۵	۲
* لَبیک	: رک بہ تلبیہ .	۷۶	۱
* لَبلہ	: (نیبلہ) ، اندلس کے صوبہ ولبہ کا ایک شہر .	۷۶	۱
* لُبنان	: بحیرہ روم کے ساحل پر واقع ایک عرب ملک .	۷۶	۲
* لَبید بن رَبیعۃ	: ابو عقیل (م نواح ۴۰ھ/۶۶۰ء) ، ایک نامور اور طویل العمر عرب شاعر .	۸۱	۱
* لپانٹو	: یونانی شہر ناپکٹاس کے نام کی اطالوی صورت .	۸۳	۱
* لثام	: (لفام) ، چہرے کے زیرین حصے کو چھپانے کے لیے عرب بدوؤں میں مستعمل نقاب .	۸۳	۲
* لَحج	: جنوبی عرب کی ایک سلطنت .	۸۶	۲
* لِحیان	: عرب قبیلہ بنو ہذیل کی ایک شاخ .	۸۸	۱
* لُحَیّہ	: بحیرۂ احمر کے ساحل عرب پر ایک بندرگاہ .	۹۰	۱
* لَخم	: (بنو) ، جزیرہ نمائے عرب کے شمالی علاقوں (شام ، فلسطین ، عراق) میں آباد ایک قدیم عرب قبیلہ ، الحیرہ کا شاہی خاندان .	۹۱	۱
* لُد	: (تورات میں لود) ، فلسطین میں یافا کے جنوب مشرق میں ایک شہر .	۹۲	۲
* لدھیانہ	: بھارتی پنجاب میں ایک ضلع اور شہر .	۹۳	۲
* لُر	: (فارسی میں لور) ، ایک ایرانی قوم ، نیز لری زبان .	۹۴	۱
* لُرِ بزرگ	: مشرقی اور جنوبی کردستان پر حکمران اتابک خانوادہ (از ۵۵۰ھ/۱۱۵۵ء تا ۸۲۷ھ/۱۴۲۳ء) .	۹۷	۱
* لُرستان	: (لورستان) ، ایران کے جنوب مغرب میں ایک علاقہ .	۹۸	۱
* لُرِ کوچک	: شمالی اور مغربی لرستان پر حکمران ایک اتابک خانوادہ (از ۵۸۰ھ/۱۱۸۴ء تا ۱۰۰۶ھ/۱۵۹۷ء) .	۱۰۰	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* لزبن :	دریاے تاجہ (Tagus) کے دہانے پر ایک شہر اور پرتگال کا دارالحکومت .	۱۰۱	۱
* لسان الدین :	رک بہ ابن الخطیب .	۱۰۲	۱
⊗ لطائف و حقائق :	تصوف کی دو اصطلاحات .	۱۰۲	۱
⊗ لطف اللہ مہندس :	برعظیم پاک و ہند میں عہد شاہجہانی و عالمگیری کا ایک حساب دان اور ماہر تعمیرات (م ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء) .	۱۰۳	۲
⊗ لطف علی بیگ آذر :	رک بہ آذر .	۱۱۰	۱
* لطف علی خان :	شیراز (ایران) کے حکمران زند خانوادے کا آخری رکن (از ۱۷۸۹ تا ۱۷۹۴ء) .	۱۱۰	۱
* لطفی پاشا :	حاجی ، ترکیہ کا ایک مدبر ، عالم ، مؤرخ اور صدر اعظم (م نواح ۹۷۰ھ/ ۱۵۶۲ء) .	۱۱۱	۱
⊗ لطفی منفلوطی :	رک بہ مصطفی لطفی المنفلوطی .	۱۱۳	۲
* اللطیف :	اللہ تعالی کے اسماے حسنی میں سے ایک : رک بہ الاسماء الحسنی .	۱۱۳	۲
* لطیفی :	عبدالطیف چلبی قسطمونی، ایک عثمانی شاعر اور انشاپرداز، مصنف تذکرۂ شعرا (م ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء) .	۱۱۴	۲
* لعازر :	رک بہ لازار .	۱۱۵	۲
⊗ لعان :	ایک فقہی اصطلاح ، تنسیخ نکاح کی غرض سے میاں کا اپنی بیوی پر قسم کھا کر زنا کا الزام عائد کرنا اور بیوی کا قسم کھا کر انکار کرنا .	۱۱۵	۲
* لعزر :	رک بہ لازار .	۱۲۱	۱
⊗ لعل (لال) شہباز قلندرؒ :	عثمان (۵۷۳ھ/۱۱۷۷ء تا ۶۷۳ھ/۱۲۷۴ء) ، سندھ کے نامور ولی اور صاحب کشف و کرامات بزرگ .	۱۲۱	۲
* لغات :	رک بہ علم (اللغۃ) .	۱۲۳	۲
⊗ لغوات :	(لغواط)، رک بہ الاغواط .	۱۲۳	۱
* لقطہ :	کوئی پائی ہوئی چیز ، ایک فقہی اصطلاح .	۱۲۳	۲
⊗ لقمٰن :	قرآن مجید کی اکتیسویں سورۃ .	۱۲۵	۱
* لقمان :	حکمت اور دانائی میں ضرب المثل ایک برگزیدہ ہستی .	۱۲۸	۲
* لقیط :	رک بہ لقطہ .	۱۳۲	۱
* لک :	ایران کے انتہائی جنوب میں آباد کردوں کا ایک گروہ .	۱۳۲	۱
* لکادیو :	(لکادیپ) ، ساحل مالا بار کے پرے مونگے کے جزیروں کا ایک مجموعہ .	۱۳۳	۱
⊗* لکھنؤ :	نوابان اودھ کا پاے تخت اور آجکل بھارت کے صوبہ اتر پردیش کا دارالحکومت اور ثقافتی مرکز .	۱۳۴	۲
* لکھنوتی :	رک بہ گوڑ .	۱۳۸	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗	**لکیاری سادات** : سندھ میں وارد ہونے والے سادات کا پہلا خانوادہ .	۱۳۸	۱
⊗	**لَلّہ عارفہ** : (ولادت ۷۳۵ھ/۱۳۳۵ء) ، کشمیر کی مشہور صوفی منش عارفہ اور شاعرہ (حیات ۷۸۱ھ/۱۳۷۹ء) .	۱۳۹	۲
*	**لَمتونہ** : صنہاجہ نسل کا ایک اہم بربر قبیلہ .	۱۴۳	۱
*	**لَمطہ** : ایرانی خاندان کا ایک بڑا بربر قبیلہ .	۱۴۳	۲
*	**لَمغانات** : مشرقی افغانستان کا ایک ضلع .	۱۴۴	۱
*	**لِمنی** : بحیرہ ایجئین کے جزیرہ لمنوس کے نام کی ایک صورت .	۱۴۴	۱
*	**لَنکران** : صوبہ باکو میں اسی نام کے ضلع کا صدر مقام .	۱۴۴	۲
*	**لِنگہ** : خلیج فارس کی ایک چھوٹی سی بندرگاہ .	۱۴۵	۱
*	**لواء** : علم ، جھنڈا ؛ ترکیہ کی سرکاری اصطلاحات کے مطابق ایک انتظامی حلقہ .	۱۴۵	۲
*	**لَواتہ** : بربری خاندان ہُتر کی ایک برادری .	۱۴۵	۲
*	**لَوح** : پھیلی ہوئی چوڑی لکڑی یا ہڈی ، لکڑی کا تختہ ، لکھنے کی تختی .	۱۴۶	۱
*	**لودی** : (لودھی) ، افغانستان کے غلزئی قبیلے کی ایک شاخ ، دہلی کا ایک فرمانروا خاندان (۱۴۵۱ تا ۱۵۲۶ء) .	۱۴۷	۱
*	**لُورقہ** : (لُرقہ) ، مشرقی اندلس کا ایک چھوٹا سا شہر .	۱۴۸	۱
*	**لُوشہ** : اندلس کا ایک چھوٹا سا شہر .	۱۴۸	۲
⊗	**(حضرت) لوطؑ** : اللہ تعالی کے جلیل القدر پیغمبر ، حضرت ابراہیم کے بھتیجے .	۱۴۹	۱
*	**لُوط بن یحیی** : رک بہ ابو مخنف .	۱۵۲	۲
*	**لُؤلُؤ** : (۱) حاکم حلب سیف الدولۃ کا غلام اور بعد ازاں حلب کا خود مختار حکمران (از ۳۹۴ھ/۱۰۰۳ء تا ۳۹۹ھ/۱۰۰۸ء) ؛ (۲) حلب کے سلجوقی سلطان کا خواجہ سرا اور معتمد علیہ مشیر اور بعد ازاں حلب کا حکمران (م ۵۱۰ھ/۱۱۱۷ء) .	۱۵۳	۲
*	**لُؤلُؤ** : بدر الدین ابو الفضائل الملک الرحیم بن عبداللہ الاتابکی ، الموصل کا اتابک اور حکمران (از ۶۱۹ھ / ۱۲۲۲ - ۱۲۲۳ء یا ۶۳۱ھ/۱۲۳۳ - ۱۲۳۴ء تا ۶۵۷ھ/ ۱۲۵۹ھ) .	۱۵۳	۲
*	**لُؤلُؤَہ** : قیلیقیا میں طرسوس کے قریب ایک قلعہ .	۱۵۵	۱
*	**لُولی** : ایران کے خانہ بدوشوں کے لیے ایک نام .	۱۵۵	۲
*	**لُومبوک** : جاوا کے مشرق میں جزائر سنڈا (خرد) میں ترتیب کے لحاظ سے دوسرا جزیرہ .	۱۶۰	۱
*	**لولد** : سلطنت عثمالیہ کی ابتدائی صدیوں کی بے قاعدہ شہری سپاہ .	۱۶۱	۱
⊗	**اللہب** : قرآن مجید کی ایک سو گیارھویں سورۃ .	۱۶۲	۱
⊗	**لیاقت علی خان (نوابزادہ)** : (۱۸۹۵ تا ۱۹۵۱ء) ، حصول پاکستان کی جد و جہد میں		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	قائد اعظم محمد علی جناح کے دست راست ، آل انڈیا مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری اور پاکستان کے پہلے وزیر اعظم (۱۹۴۷ تا ۱۹۵۱ء) .	۱۶۳	۲
⊗ لیبیا	: شمالی افریقہ میں واقع ایک اہم اسلامی ملک .	۱۸۳	۲
* لَیث	: رک بہ کنانہ .	۱۹۳	۲
⊗ اللّیل	: قرآن مجید کی بانویں مکی سورۃ .	۱۹۳	۱
⊗ لیلَة	: رک بہ (۱) المرأۃ ؛ (۲) لیلۃ القدر ؛ (۳) رمضان .	۱۹۶	۱
⊗ لیلۃ القدر	: رمضان المبارک کی ایک بابرکت رات .	۱۹۶	۱
* لیلی الاخیلیۃ	: پہلی صدی ہجری میں عرب کی ایک ممتاز شاعرہ اور شاعر توبہ بن حمیر الخناجی کی محبوبہ .	۲۰۰	۱
* لیلی خالم	: ترکی کے قدیم طرز سختورک کی سب سے اہم شاعرہ .	۲۰۰	۶
* لَیلی و مجنون	: رک بہ مجنون .	۲۰۱	۲
⊗ لین	: Edward William Lane (۱۸۰۱ تا ۱۸۷۶ء) ، مشہور انگریز مستشرق ، مولف مدالقاموس و مترجم الف لیلۃ و لیلۃ .	۲۰۱	۲
⊗ لین ، پول ، سٹینلے	: Stanley Lane Pool (۱۸۵۴ تا ۱۹۳۱ء) ، مشہور انگریز مستشرق اور سوانح نگار .	۲۰۲	۲
⊗ لیو افریقانس	: Lee Africanus ، رک بہ الحسن بن محمد الوزان .	۲۰۳	۱
* لیوان	: (الایوان) ، مشرقی طرز کے مکانوں میں بڑا کمرہ .	۲۰۳	۱
* لیونہ کالناتی	: رک بہ کالناتی .	۲۰۳	۲

م

⊗ م (میم)	: عربی زبان کے حروف تہجی کا چوبیسواں ، فارسی کا اٹھائیسواں اور اردو کا چوالیسواں حرف .	۲۰۵	۱
⊗ مَاذنہ	: رک بہ مِئذنہ .	۲۰۶	۲
⊗ مَارب	: یمن کا ایک شہر اور قدیم سبائی حکومت کا دارالسلطنت .	۲۰۶	۲
* المأمون	: بنو ذی النون کے سب سے بڑے حکمران یحیی بن اسمعیل کا اعزازی لقب (از ۴۲۹ھ/۱۰۳۸ء تا ۴۶۸ھ/۱۰۷۵ء) .	۲۳۱	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **المأمون** :	ابو العباس عبداللہ بن ہارون (ولادت ۱۷۰ھ / ۷۸۶ء) ، بنو عباس کا ممتاز ترین علم دوست خلیفہ (۱۹۸ھ/۸۱۳ء تا ۲۱۸ھ/۸۳۳ء) .	۲۳۲	۲
* **المأمون** :	ابو العلاء ادریس بن یعقوب ، الموحدین کا نواں حکمران (از ۵۸۱ھ/۱۱۸۵ - ۱۱۸۶ء تا ۶۲۹ھ/۱۲۳۲ء) .	۲۳۵	۱
* **مأمونی** :	چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں بخارا کی ایک ریاست پر حکمران خاندان .	۲۳۶	۱
* **ماہلا** :	(ماہلہ) ، رک بہ موہلا .	۲۳۷	۱
⊗ **الماتریدی** :	ابو منصور محمد بن محمد ، سنی علم الکلام کے ایک امام اور متعدد کتابوں کے مصنف (م ۳۳۳ھ) .	۲۳۷	۱
⊗ **ماجوج** :	رک بہ یاجوج و ما جوج .	۲۳۹	۱
*⊗ **مادہ** :	فلسفہ کی ایک اصطلاح ، بمعنی ہیولی .	۶۳۹	۱
⊗ **مادیت** :	(۱) مغربی مفکرین کے ایک گروہ کا یہ تصور کہ جو کچھ موجود ہے مادہ ہے ؛ (۲) عملی : مادہ پرستی ، بالعموم ضد روحانیت ؛ (۳) ایک فکری تحریک .	۲۵۶	۱
⊗ **مادھو لال حسین** :	پنجاب کے نامور ولی اور پنجابی زبان کے نامور شاعر (م نواح ۹۹۹ھ/۱۵۹۰ء) .	۳۰۶	۲
* **مادیّت** :	رک بہ (۱) مادہ ؛ (۲) مادیت .	۳۱۲	۱
⊗ **ماذرا** :	(ماذرائیون) ، ماذرا یا مادرایا کی طرف منسوب ایک فارسی النسل خاندان .	۳۱۲	۱
* **مارِدہ** :	ہسپانیہ کے جنوب مغرب میں ایک شہر .	۳۱۲	۲
* **ماردین** :	بالائی عراق (دیار ربیعہ) کا ایک شہر .	۳۱۴	۱
* **المار دینی** :	تین مہندسوں کی نسبت : (۱) عبداللہ بن خلیل بن یوسف ، جامع مسجد امویہ دمشق کا مؤذن اور چند کتابوں کا مصنف (م نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کا عشرہ اول) ؛ (۲) اسمعیل بن ابراہیم بن غازی معروف بہ ابن فلوس، ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے نصف اول کا ایک عالم اور علم حساب کی چند کتابوں کا مصنف ؛ (۳) محمد بن محمد بن احمد سبط المار دینی (۸۲۶ھ/۱۴۲۳ء تا اواخر نویں صدی ہجری) علم ہیئت اور جبرو مقابلہ پر چند کتابوں کا مصنف .	۳۱۵	۱
* **مارستان** :	رک بہ بیمار ستان .	۳۱۵	۲
* **مار کسزم** :	رک بہ مزدکیت .	۳۱۵	۲
⊗ **مار گلا** :	اسلام آباد (پاکستان) کے قریب واقع پہاڑیوں کا ایک سلسلہ ؛ نیز ایک درہ .	۳۱۵	۲
⊗ **مارگولیتھ** :	D.S. Margoliouth (۱۸۵۸ تا ۱۹۴۰ء) ، انگلستان کا مشہور فاضل لیکن		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	متعصب مستشرق .	۳۱۶	۲
⊗	**ماروار** : صوبہ راجستھان (بھارت) میں شامل ایک سابق راجپوت ریاست .	۳۱۷	۲
*	**ماروت** : رک بہ هاروت و ماروت .	۳۱۸	۲
*	**ماریا** : اریٹریا Eritrea کے مغربی منطقے میں ایک قبیلے کا نام .	۳۱۸	۲
*	**ماریہ قبطیہ**ؓ : حرم نبوی اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے ابراهیمؓ کی والدہ .	۳۱۹	۲
*	**مازن** : متعدد عرب قبیلوں کا نام .	۳۲۱	۱
*	**مازندران** : بحیرہ خزر کے جنوب میں ایک صوبہ .	۳۲۳	۱
*	**مازندران کے سکے** : ساسانی بادشاهوں کے مازندران میں مضروب کردہ سکے .	۳۲۹	۱
*	**مازیار** : طبرستان کا آخری قارنی بادشاہ (۱۹۳ھ/۸۰۹ء تا ۲۲۴ھ/۸۳۹ء) .	۳۳۱	۱
*	**ماسہ** : سوس (مراکش) کا ایک چھوٹا سا بربر قبیلہ .	۳۳۵	۱
*	**ماشاء اللہ** : بن اثری یا ساریہ ، المنصور عباسی کے زمانے کا ایک مشہور و معروف منجم (م ۲۰۰ھ/۸۱۵ء) .	۳۳۶	۱
⊗	**الماعون** : قرآن مجید کی ایک سو ساتویں سورت .	۳۳۶	۲
*	**ماکان بن کاکی** : ابو منصور ، طبرستان کے علوی حکمرانوں کا ایک فوجی سردار اور جرجان کا والی (م ۳۲۹ھ/۹۴۰ء) .	۳۳۹	۲
*	**ماکو** : ایران کی ولایت آذر بیجان میں ایک خانیت (جاگیرداری ریاست) .	۳۴۰	۲
*⊗	**مال** : علم معاشیات کی ایک اصطلاح ، بمعنی کوئی مملوکہ یا مقبوضہ چیز .	۳۴۲	۱
*	**المال** : رک بہ (۱) مال ؛ (۲) علم (معاشیات) ؛ (۳) مالیات .	۳۵۶	۲
*	**مال امیر** : لرستان میں ایک کھنڈر اور ایک قدیم شہر .	۳۵۶	۲
*	**مالا بار** : بھارت کے صوبہ کیرالا کا ساحلی ضلع .	۳۶۳	۲
*	**مالٹا** : بحیرہ روم میں مجمع الجزائر مالٹا کی برطانوی نو آبادی کا بڑا جزیرہ اور زبردست حفاظتی قلعہ .	۳۶۴	۱
*	**مالثے** : (ملثائی Malthai ، صحیح شکل معلثایا) ، موصل کی قدیم ولایت میں دوگانووں کا عربی نام .	۳۶۶	۱
*	**مالدہ** : شمال مغربی بنگال (بھارت) میں ایک ضلع .	۳۶۷	۲
*⊗	**مالدیو ، جزیرہ** : بحر ہند میں سونگے کے بارہ جزائر کا ایک سلسلہ .	۳۶۸	۲
*	**مالقہ** : ہسپانیہ میں بحیرۂ روم کے ساحل پر ایک بڑا شہر	۳۷۰	۱
*	**مالک** : رک بہ اسماء الحسنی .	۳۷۲	۲
*	**مالک** : رک بہ علم (معاشیات)	۳۷۲	۲
*⊗	**مالک بن انس الاصبحی** : (۹۳ تا ۱۷۹ھ) ، فقیہ و امام حدیث ، مذہب مالکی کے بانی		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	اور الموطا کے جلیل القدر مصنف .	۳۷۲ ۲
* مالِک[۳] بن عوف	: صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مشہور جنگ آزما عرب سردار (حیات بوقت فتح دمشق : ۱۴ھ/۶۳۵ء) .	۳۸۶ ۲
* مالِک بن نُوَیرہ	: بنو یربوع کا مشہور سخی اور بہادر سردار (م ۱۱ - ۱۲ھ/۶۳۳ - ۶۳۴ء) .	۳۸۸ ۲
* مالِک الطّائی	: ابوولید مالک بن ابی السَّمْح اموی اور ابتدائی عباسی عہد کا ایک بڑا مغنی اور شاعر .	۳۹۱ ۲
⊗ مالکیّہ	: اہل سنت و الجماعت میں سے امام مالک بن انس الاصبحی کے مقلدین :	۳۹۲ ۱
*⊗ مالوہ	: موجودہ مدھیا پردیش (بھارت) میں واقع ایک سطح مرتفع اور قدیم ریاست .	۴۰۱ ۱
⊗ مالی	: (فرانسیسی سودان) ، وسطی افریقہ میں واقع ایک ملک .	۴۰۳ ۲
⊗ مالیّات	: ضوابط مال ؛ رک بہ بیت المال .	۴۰۵ ۱
* المالیغ	: رک بہ قلجہ .	۴۰۵ ۱
* مالیہ	: ایک مالیاتی اصطلاح ، زمینداروں پر عائد سرکاری محصول .	۴۰۵ ۱
* مانڈو	: مدھیا پردیش (بھارت) کے جنوب مغرب میں ایک تاریخی قلعہ اور قدیم ریاست مالوہ کا صدر مقام .	۴۰۶ ۱
⊗ مانسہرہ	: شمال مغربی سرحدی صوبہ (پاکستان) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام .	۴۰۷ ۲
* المانِع	: اللہ تعالی کا ایک نام ؛ رک بہ اللہ .	۴۰۸ ۲
* مانِغِر	: (مانگر) ، ابتدائی عثمانی عہد میں ترکیہ کا ایک چاندی کا سکہ .	۴۰۸ ۲
* مانی	: (منی) ، عثمانی ترکی میں رباعی کی شکل کے عوامی گانے .	۴۰۹ ۱
* مانی	: رک بہ زندیق .	۴۰۱ ۲
* ماء العینین	: (الشنگیطی) ، موریتانیا کا ایک مشہور حریت پسند شیخ طریقت (م ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء) .	۴۱۰ ۲
* ماوراء النّہر	: دریائے آمو کے شمال میں واقع علاقے کا قدیم عربی نام .	۴۱۴ ۲
⊗ الماوردی	: ابو الحسن علی بن محمد البصری البغدادی (۳۶۴ھ/۹۷۴ء تا ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء) ، تفسیر و فقہ اور ادب و سیاست کا عالم اور متعدد کتابوں کا مصنف .	۴۱۵ ۱
⊗ ماہیت	: ایک فقہی اصطلاح ، کسی امر یا شئی کی حقیقت ، نوعیت اور کیفیت .	۴۱۹ ۱
⊗ ماہیتِ وجود	: رک بہ ماہیت .	۴۲۰ ۱
⊗ المائدۃ	: قرآن مجید کی پانچویں سورت .	۴۲۰ ۱
⊗ مُباح	: ایک علمی اصطلاح ؛ ایسا کام جس کا کرنا یا نہ کرنا اپنی مرضی پر منحصر ہو .	۴۲۲ ۱
* مبارز الدین	: رک بہ مظفریہ (خانوادہ) .	۴۲۳ ۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* المبارک بن محمد	: رک بہ ابن الاثیر .	۱ ۴۲۴
⊗ مبارک شاہ	: معز الدین ابو الفتح ، سلطنت دہلی کے خاندان سادات کا دوسرا بادشاہ (از ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء تا ۸۲۷ھ/۱۴۲۴ء) .	۱ ۴۲۴
⊗ مبارک غازی	: سندر بن (بنگلہ دیش) کے علاقے کا ایک روایتی ولی .	۱ ۴۲۷
⊗ مبارک ناگوری ، شیخ	: (۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء تا ۱۰۰۱ھ/۱۵۹۳ء) ہمایوں اور اکبر کے زمانے میں ایک بلند پایہ عالم اور فیضی و ابوالفضل کا والد .	۲ ۴۲۷
⊗ مُباہَلہ	: دو مخالفوں کا باہم جمع ہو کر جھوٹے پر لعنت کرنا ؛ نیز قرآن مجید میں مذکور ایک واقعہ .	۲ ۴۳۲
⊗ مُبتلا	: مردان علی خان ، مرزا کاظم (ولادت ۱۱۴۰ یا ۱۱۴۱ھ ؛ حیات ۱۲۱۵ھ) ، اردو اور فارسی کا ایک شاعر اور ان زبانوں کے شعرا کا تذکرہ نگار .	۱ ۴۳۹
* المُبدِئ	: رک بہ الاسماء الحسنی .	۱ ۴۴۰
* المُبرِّد	: ابو العباس محمد بن یزید (۲۱۰ھ/۸۲۶ء تا ۲۸۵ھ/۸۹۸ء) ، شیخ اہل النحو و حافظ علم العربیہ ، مصنف الکامل وغیرہ .	۱ ۴۴۰
* المُبرِّز	: خلیج فارس پر ایک قلعہ .	۱ ۴۴۳
⊗ مُبشِّر بن احمد	: برہان الدین ابو الرشید (۵۳۰ھ/۱۱۳۶ء تا ۵۸۳ھ/۱۱۸۷ء) ، حساب ، فرائض ، خواص الاعداد ، جبرو مقابلہ ، ہندسہ اور ہیئت وغیرہ علوم میں یگانۂ روز گار فاضل .	۱ ۴۴۳
* مُبلِّغ	: دین کی دعوت دینے والا .	۲ ۴۴۳
* المُبیَّضۃ	: رک بہ المُقنَّع .	۲ ۴۵۸
* مُتدارک	: عربی عروض میں سولھویں بحر .	۲ ۴۵۸
⊗ مُترادِف	: اصطلاح قافیہ ؛ پانچ حدود قافیہ میں سے ایک .	۱ ۴۶۱
⊗ مُتراکِب	: اصطلاح قافیہ ، پانچ حدود قافیہ میں سے ایک .	۲ ۴۶۱
⊗ مُتصرِّف	: عثمانی ترکوں کی ایک انتظامی اصطلاح ، صوبائی گورنر یا سنجاق کا ناظم .	۲ ۴۶۱
* المُتعالی	: رک بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الاسماء الحسنی .	۱ ۴۶۲
⊗* مُتعہ	: عارضی ازدواج .	۱ ۴۶۲
* مُتعرِّب (یا متعربہ)	: قحطان کی اولاد کے لیے مستعمل اصطلاح .	۱ ۴۶۶
⊗ المتعلِّم و المُعلِّم	: رک بہ (۱) تعلیم و تعلم ؛ (۲) علما (معلمین) .	۲ ۴۶۶
* مُتفرِّقہ	: عثمانی سلاطین کا حفاظتی دستہ .	۲ ۵۰۳
* مُتقارِب	: عربی عروض میں پندرھویں بحر .	۲ ۵۰۳
* المُتقی للہ	: ابو اسحق ابراہیم ، ایک عباسی خلیفہ (از ۳۲۹ھ/۹۴۰ء تا ۳۵۷ھ/۹۶۸ء) .	۲ ۵۰۳
* المُتقی الہندی	: علی بن حسام الدین بن عبدالملک الشاذلی القادری ، نامور ہندی عالم و	

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	محدث اور کنز العمال وغیرہ متعدد عربی کتابوں کے مصنف (م ۹۷۵ھ/ ۱۵۶۷ء) .	۲ ۵۰۴
* متکاوس	: اصطلاح قافیہ اور پانچ حدود قافیہ میں سے ایک .	۱ ۵۰۶
* المتکبر	: رک بہ الاسماء الحسنی .	۱ ۵۰۶
* متکلم	: رک بہ علم (کلام) .	۱ ۵۰۶
* متما	: مشرقی سودان کا ایک شہر .	۲ ۵۰۶
* متمم بن نویرہ	: اسلام کے ابتدائی عہد کا ایک شاعر ، مالک بن نویرہ [رک بآں] کا بھائی اور اس کا مرثیہ گو (حیات ۲۴ھ) .	۱ ۵۰۷
* متن	: ایک کثیر المعانی اصطلاح ، بمعنی اصل عبارت ، حدیث کے الفاظ وغیرہ .	۲ ۵۰۸
* المتنبی	: ابوالطیب احمد بن الحسین الجعفی (۳۰۳ھ/۹۱۵ء تا ۳۵۴ھ/۹۶۵ء) ، مشہور صاحب دیوان عرب شاعر اور مدعی نبوت (بعد ازاں مسلمان) .	۲ ۵۰۸
⊗ متواتر	: ایک اصطلاح : (۱) علم حدیث : جماعت کثیر کی روایت کردہ حدیث ؛ (۲) علم عروض : دو ساکن حروف کے درمیان متحرک حرف والا قافیہ .	۲ ۵۱۶
* متوالی	: اٹھارھویں صدی سے لبنان کے اثنا عشری شیعیوں کا نام .	۲ ۵۱۷
* المتوکل علی اللہ	: ابو الفضل جعفر بن محمد ، ایک عباسی خلیفہ (از ۲۳۲ھ/۸۴۷ تا ۲۴۷ھ/۸۶۱) .	۲ ۵۱۸
* متی شیخ	: رک بہ شیخ متی .	۱ ۵۲۰
* المتین	: رک بہ الاسماء الحسنی .	۱ ۵۲۰
* متھرا	: اتر پردیش (بھارت) کا ایک ضلع اور شہر .	۱ ۵۲۰
⊗ المثانی	: بار بار دہرائی جانے والی سورت ، یعنی سورۂ فاتحہ .	۲ ۵۲۱
* مثقال	: کسی چیز کا وزن ، نیز قیمتی دھاتوں کو تولنے کا ایک پیمانہ .	۲ ۵۲۳
* مثل	: ایک لسانیاتی اصطلاح ، بمعنی ضرب المثل ، کہاوت .	۱ ۵۲۴
* مثلث	: ایک اصطلاح ؛ (۱) علم عروض : تین تین مصرعوں کے بندوں پر مشتمل اشعار ؛ (۲) علم ہندسہ : تکون .	۲ ۵۳۰
⊗ المثنی بن حارثہ	: بن سلمہ ، ابتدائی اسلامی دور کے نامور فاتح اور سپہ سالار .	۱ ۵۳۱
* مثنوی	: فارسی اور اردو شاعری کی ایک مشہور صنف .	۲ ۵۳۱
⊗ المجادلۃ	: قرآن مجید کی اٹھاونویں سورت .	۲ ۵۴۹
* مجاھد بن عبداللہ	: ابو الجیش العامری الموفق باللہ ، اندلس کا ایک بادشاہ (از ۴۰۰ھ/ ۱۰۰۹ - ۱۰۱۰ء تا ۴۳۶ھ/۱۰۴۴ - ۱۰۴۵ء) .	۲ ۵۵۱
* المجاھد الرسولی	: رک بہ رسولیہ .	۲ ۵۵۲
* مجتث	: عربی عروض کی چودھویں بحر .	۲ ۵۵۲

besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود	
⊗ مُجتہِد	: ایک فقہی اصطلاح ، اپنے اجتہاد سے شریعت کا کوئی حکم تلاش کرنے والا فقیہ .	۵۵۲	۲
⊗ مُجدّد الف ثانیؒ	: رک بہ احمد ، شیخ ، سرہندی .	۵۶۳	۲
⊗ مجددیہ	: سلسلہ ؛ رک بہ احمد ، شیخ ، سرہندی .	۵۶۳	۲
* مَجْدُالدولۃ	: ابو طالب رستم بن فخر الدولۃ ، ایک بویہی حکمران (از نواح ۳۸۸ھ/ ۹۹۸ء تا ۴۲۰ھ/۱۰۲۹ء) .	۵۶۳	۲
⊗ مَجد الدین	: رک بہ ہبۃ اللہ بن محمد .	۵۶۴	۱
⊗ مَجدُ الدّین	: رک بہ الفیروز آبادی .	۵۶۴	۲
* مَجد المُلک	: ابو الفضل اسعد بن محمد البُراوِستانی ، سلجوق سلطان برکیارق کا وزیر خزانہ (م ۴۹۲ھ/۱۰۹۹ء) .	۵۶۴	۲
* مَجْذُوب	: تصوف کی ایک اصطلاح ، جذب الٰہی سے بلا دِقت و طلب واصل باللہ ہونے والا شخص .	۵۶۵	۱
* المَجَرّۃ	: کہکشاں .	۵۶۵	۲
* مَجرٰی یا مجراۃ	: علم عروض کی ایک اصطلاح .	۵۷۰	۱
* المَجرِیطی	: ابو القاسم مسلمہ بن احمد ، اندلس کا مشہور فلسفی ، ریاضی دان اور ماہر فلکیات (م مابین ۳۹۵ھ/۱۰۰۴ء و ۳۹۸ھ/۱۰۰۷ء) .	۵۷۰	۱
* المَجسَط	: (المَجِسْطی) یا کتاب المجسطی ، فلکیات میں بطلمیوس کی عظیم تالیف .	۵۷۲	۲
* مُجسّمہ	: تشبیہ .	۵۷۳	۲
⊗ مَجلسِ احرار	: انگریزوں کے خلاف آزادی کی جدوجہد کرنے والی ہندوستانی مسلمانوں کی ایک جماعت .	۵۷۳	۲
⊗ مجلسِ خلافت	: جنگ عظیم کے بعد "احیاے خلافت" کے لیے ہندوستانی مسلمانوں کی ایک جماعت اور تحریک .	۵۷۵	۲
⊗ مجلسی ، محمد باقر	: رک بہ محمد باقر ، مجلسی .	۵۸۵	۱
* مجلّہ	: ترکیہ کا ضابطۂ دیوانی (مجلہ احکام عدلیہ) .	۵۸۵	۱
* مِجمَرۃ	: بخور دان .	۵۸۶	۲
* مَجنُون	: دیوانہ ، قیس عامری ایک مشہور عشقیہ داستان کا ہیرو .	۵۸۷	۱
⊗ مَجوس	: زر تشتی .	۵۸۸	۱
* المَجوس	: المغرب اور اندلس کے مؤرخین کے ہاں سکنڈے نیویا کے بحری ڈاکو .	۵۹۴	۲
* مجوّزہ	: رک بہ عمامہ .	۵۹۶	۱
* المُجیب	: رک بہ الاسماء الحسنٰی .	۵۹۶	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **المجید**	رک بہ الاسماء الحسنیٰ .	۵۹۶	۱
* **مجیدیہ**	سلطان عبدالحمید کے عہد میں ترکی سکوں کی جدید درجہ بندی .	۵۹۶	۱
* **مجیر الدین**	رک بہ العُلیمی .	۵۹۶	۲
* **مُحارب**	متعدد عرب قبائل کا نام .	۵۹۶	۲
⊗ **مُحاسبہ**	رک بہ حسبہ .	۵۹۸	۱
* **مُحاسبی**	ابو عبداللہ حارث بن اسد العنزی ، شافعی المذہب فقیہ ، متکلم اور مصنف (م ۲۴۳ھ/۸۵۷ء) .	۵۰۸	۱
* **محب الدین**	رک بہ الطبری .	۵۹۹	۲
* **محب اللہ بہاری**	رک بہ البہاری .	۵۹۹	۲
* **محبی**	رک بہ سلیمان اول .	۵۹۹	۲
* **المُحبّی**	دمشق کے ایک اہل علم خاندان کے تین افراد : (۱) محب الدین ابو الفضل محمد الحموی الدمشقی (۹۴۹ھ/۱۵۴۲ء تا ۱۰۱۶ھ/۱۶۰۸ء) ، شمالی شام کے قاضی ، مدرس اور مصنف ؛ (۲) فضل اللہ بن محب اللہ بن محب الدین (۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء تا ۱۰۸۲ھ/۱۶۷۱ء)، بیروت کے عالم ، قاضی اور مدرس ؛ (۳) محمد الامین بن فضل (۱۱۱۱ھ/۱۶۹۹ء) ، خلاصۃ الاثرفی اعیان القرن الحادی عشر کے مصنف .	۵۹۹	۲
* **محبوب**	(زر محبوب) ، مصر اور شمالی افریقہ میں ترکی اشرفی .	۶۰۲	۲
⊗ **محبوب عالم ، مولوی**	(۱۷۶۳ء تا ۱۹۳۳ء)، ہندوستان کے نامور صحافی ، پیسہ اخبار کے مالک اور ایک سفر نامے کے مصنف .	۶۰۳	۱
⊗ **محبوب عالم ، مولوی**	بن مولوی محمد یار ،گوجرانوالہ (پاکستان) کے ایک عالم دین، فارسی اور پنجابی کے شاعر اور مصنف .	۶۰۴	۱
* **مُحتسِب**	عہد اسلام میں احکام شریعت کی پابندی کا نگران ، ایک اہم عہدے دار .	۶۰۴	۲
⊗ نَکلسن :	J. A. Nicholson (۱۸۶۸ تا ۱۹۴۵ء) ، ایک مشہور انگریز مستشرق .	۴۴۴	۲
⊗ نکیر :	رک به منکر و نکیر .	۴۴۵	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* النّمارہ	: متعدد مقامات کا نام .	۴۴۵	۲
⊗ نماز	: رک بہ صلوٰۃ .	۴۴۵	۲
* نَمرود	: قدیم آشور کا ایک ویران مقام .	۴۴۵	۲
⊗ نمرود	: حضرت ابراہیمؑ کے زمانے میں بابل کی آشوری سلطنت کا جابر و ظالم بادشاہ .	۴۴۷	۲
⊗ النّمل	: قرآن مجید کی ستائیسویں سورۃ .	۴۴۹	۲
* نُمیر	: بن عامر صعصعہ ، ایک عرب قبیلہ .	۴۵۲	۱
⊗ نَوّاب	: نیابت کرنے والا ، قائم مقام ، نائب سلطان ، رئیس ، عامل ، فرمانروا : عزت افزائی کے لیے شاہی خطاب .	۴۵۴	۱
* النّواجی	: شمس الدین محمد بن حسن بن علی بن عثمان القاہری (۷۸۸ھ/۱۳۸۶ء تا ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء) ایک عرب عالم ، شاعر اور ادیب .	۴۵۴	۲
* نَوار	: رک بہ نوری .	۴۵۶	۲
* نَوارینو	: (Navarine ناوارین ، آوارین) ، مسنیہ کے جنوب مغرب میں ایک چھوٹی سی بندرگاہ .	۴۵۶	۲
⊗ نوافل	: رک بہ نافلہ .	۴۵۸	۱
* النّواوی	: رک بۃ النووی .	۴۵۸	۱
* نوبار پاشا	: (۱۸۳۵ تا ۱۸۹۹ء) ، ایک مصری سیاست دان .	۴۵۸	۱
* نَو بَخت	: ایک ایرانی موروثی لقب .	۴۶۱	۲
* نو بختی	: ایران کے ایک عالم دوست خاندان سے نسبت .	۴۶۲	۲
* نُوبَہ	: اسلامی بلاد مشرق میں فن موسیقی کی ایک مستقل نوع .	۴۶۳	۱
* نُوبَہ	: مصر کے جنوب میں واقع ایک ملک اور قوم .	۴۶۷	۱
⊗ نُوح	: قرآن مجید کی اکہترویں سورۃ .	۴۷۳	۲
⊗ نُوحؑ	: ایک جلیل القدر اور صاحب شریعت نبی .	۴۷۴	۲
* نُوح	: دوسامانی حکمران : (۱) ابو محمد نوح اوّل بن نصر بن احمد المعروف بہ امیر الحمید (م ۳۴۳ھ/۹۵۴ء) ؛ (۲) نوح ثانی بن منصور بن نوح المعروف بہ الرضی (از ۳۶۶ھ/۹۷۷ء تا ۳۸۷ھ/۹۹۷ء) .	۴۸۰	۱
* نوح بن مصطفٰی	: ایک عثمانی ترک عالم دین اور مترجم (م ۱۰۷۰ھ/۱۶۵۹ء) .	۴۸۰	۱
* نُور	: روشنی ، ضو اور ضیا کا مترادف ، ایک فلسفیانہ اصطلاح .	۴۸۵	۱
⊗ النّور	: قرآن مجید کی چوبیسویں سورۃ .	۴۸۷	۱
* نُور اللہ الشُّشتری ، قاضی	: بن السید شریف المرعشی الحسینی (ولادت ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء) ، ایک نامور شیعی عالم ، فقیہ اور مصنف .	۴۹۰	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* نُور بَخْشِیَہ	: محمد بن محمد عبداللہ المعروف بہ نور بخش (۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء تا ۸۶۹ھ/۱۴۶۵ء) سے منسوب ایک مذہبی فرقہ یا جماعت .	۴۹۱	۱
⊗ نُور جہان	: مہرالنساء (۱۵۷۷ تا ۱۶۴۵ء) ، مغل شہنشاہ جہانگیر کی محبوب اور مشہور ملکہ .	۴۹۳	۱
* نُور الدّولہ	: رک بہ دُبیس .	۴۹۴	۱
* نور الدّین	: ابوالحارث ارسلان شاہ اول زنگی ، الموصل کا اتابک (از ۵۸۹ھ/۱۱۹۲ء تا ۶۰۷ھ/۱۲۱۱ء) .	۴۹۴	۱
⊗* نور الدّین	: ابو القاسم محمود زنگی الملک العادل (۵۱۱ھ/۱۱۱۸ء تا ۵۶۹ھ/۱۱۷۴ء) ، شام و حلب کا نامور سلطان .	۴۹۶	۲
* نُور الدّین محمد	: ایک ارتقی حکمران (از ۵۶۲ھ/۱۱۶۶-۱۱۶۷ء تا ۵۸۱ھ/۱۱۸۵-۱۱۸۶ء) .		
⊗ نُور الدّین مَینگل	: بلوچ قبیلہ مینگل کے سردار .	۵۰۵	۲
* نَورَس	: دو عثمانی شاعر : (۱) عبدالرزاق معروف بہ نورس (م ۱۱۷۵ھ/۱۷۶۲ء) (۲) عثمان ، معروف بہ نورس جدید (م ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) .	۵۰۶	۱
* نُورِستان	: رک بہ کافرستان .	۵۰۷	۲
* نور محمد مہاروی	، خواجہ : (۱۱۴۲ء/۱۷۳۰ تا ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء) ، سلسلۂ چشتیہ کے ایک نامور بزرگ .	۵۰۷	۲
* نور محمدی	: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کے وجود ازلی کے معنی میں ایک کلمہ .	۵۰۸	۲
* نوروز	: ایرانی سال کا پہلا دن .	۵۰۹	۲
* نُوری	: مشرق ادنی کے بعض خانہ بدوش قبائل کے لیے ایک عام کلمہ .	۵۱۰	۲
* النوشادر	: (نوشادر ، نُشادر) ، امونیم کلورائیڈ ، ایک قسم کا نمک .	۵۱۱	۲
⊗ نَوشاہی	: بر عظیم پاک و ہند میں سلسلۂ قادریہ کی ایک شاخ .	۵۱۳	۱
* نوشیروان	: رک بہ انوشروان .	۵۱۵	۲
* نوعی	: محمد رضا ، ایک فارسی شاعر (م ۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰ء) .	۵۱۵	۲
* نَوعی	: یحیٰی بن شیخ پیر علی بن نصوح ، ایک ترک عالم دین اور شاعر (م ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء) .	۵۱۶	۱
** نَوعی زادہ عطائی	: عطاء اللہ (۹۹۱ھ/۱۵۸۳ء تا ۱۰۱۴ھ/۱۶۳۱ء) ، ایک ترکی مصنف اور شاعر .	۵۱۷	۱
⊗ نُون	: رک بہ ن .	۴۱۸	۱
*⊗ النَّووی	: ابو عبدالمعطی محمد بن عمر بن عربی النووی ، التناری الجاوی النبتی ، ملایا کا		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	رہنے والا ایک عرب مصنف ، عالم ، شافعی فقیہ اور مفسر (حیات ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸ء) .	۵۱۸	۱
* **النّووی** : (یا النواوی) ، محی الدین ابو زکریّا یحیٰی بن شرف (۶۳۱ھ/۱۲۳۳ء تا ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء) ، ایک جلیل القدر عرب مصنف ، شافعی عالم اور فقیہ .		۵۲۰	۱
* **نَووی بازار** : یا یَنی بازار ، ۱۹۱۲ء تک ایک ترکی سنجاق کا نام .		۵۲۲	۲
* **النّویری** : شہاب الدین احمد بن عبدالوہاب البکری الشافعی (۶۷۷ھ/۱۲۷۹ء تا ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء) ، ایک عرب وقائع نگار ، صاحب نہایۃ الارب .		۵۲۳	۲
⊗ **نولدیکہ** : Theordor Noeldeke (۱۸۳۶ تا ۱۹۳۰ء) ، جرمنی کا مشہور اور ممتاز مستشرق .		۵۲۶	۲
* **نہاوند** : بہذان کے پرانے صوبے کا ایک شہر .		۵۲۸	۱
* **النہر والی** : (نہروانی) ، قطب الدین محمد علاء الدین احمد (۹۱۷ھ/۱۵۱۱ء تا ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء) ، ایک ہندی النسل عرب مؤرخ ، مدرس اور مفتی مکہ .		۵۲۸	۲
* **نَہروان** : بغداد اور واسط کے مابین حضرت علیؓ اور خوارج کے درمیان ایک جنگ (۳۹ھ/۶۰۸ء) کا مقام .		۵۳۰	۲
* **نُہیکی** : آل نہیک ، قبیلہ نخع میں شیعی علما کا ایک خاندان .		۵۳۱	۱
* **نیازی** : شمس الدین محمد ، معروف بہ شیخ مصری (۱۰۲۷ھ/۱۶۱۷-۱۶۱۸ء تا ۱۱۱۱ھ/۱۶۹۹ء) ، ایک معروف عثمانی شاعر اور صوفی .		۵۳۱	۱
* **نَیریز (نریز)** : آذربیجان میں ایک مقام .		۵۳۲	۲
* **نیسان** : شامی تقویم کا ساتواں مہینا .		۵۳۳	۲
* **نیشا پور** : قرون وسطی میں ایران کا ایک بڑا شہر .		۵۳۴	۱
* **نیکبولی** : Nikopolis ، دریاے ڈینیوب کے کنارے ایک شہر .		۵۳۶	۱
* **نیکسار** : (Neo-Caesarea ، یَنی قیصریہ) ، آناطولی میں ایک تاریخی اہمیت کا مقام .		۵۳۷	۱
* **نیگدہ** : اسی نام کی سنجاق (اب ولایت) میں ایک شہر .		۵۳۹	۱
* **اَلنیل** : اسلامی دنیا کا ایک بڑا دریا .		۵۳۹	۲
* **نیلو خاتون** : عثمانی سلطان اور خان کی بیوی اور سلطان مراد اول کی والدہ (حیات ۷۴۰ھ/۱۲۳۹ء) .		۵۴۶	۱
* **نَیمروز** : رک بہ سیستان .		۵۴۶	۲
* **نینوا** : (۱) موصل کے بالمقابل دریاے دجلہ کے کنارے کھنڈروں کا ایک وسیع و عریض رقبہ ؛ (۲) عراق کا ایک ناحیہ (ضلع) .		۵۴۶	۲
* **نیّۃ** : قصد ، ارادہ ؛ فقہ اسلامی کی ایک اصطلاح .		۵۵۱	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود

و

⊗ **و** : (واؤ) عربی حروف تہجی کا ستائیسواں ، فارسی کا تیسواں اور اردو کا اڑتالیسواں حرف . ۵۵۵ ۱

* **الواثق باللہ** : ابو جعفر ہارون بن المعتصم ، ایک عباسی خلیفہ (از ۲۲۷ھ/۸۴۲ء تا ۲۳۲ھ/۸۴۷ء). ۵۵۷ ۱

⊗ **الواجد** : رک بہ الا سماء الحسنی . ۵۵۸ ۲

⊗ **واجد علی شاہ** : (۱۲۳۷ھ/۱۸۱۱ء تا ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷ء) ، شاہ اودھ (از ۱۸۴۷ تا ۱۸۵۶ء) ، مصنف ، شاعر ، ماہر رقص و موسیقی . ۵۵۸ ۲

* **واح** : (الواح) ، مصر میں نخلستانوں کا ایک سلسلہ . ۵۶۱ ۲

⊗ **الواحد** : رک بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الا سماء الحسنی . ۵۶۲ ۲

* **واحدی** : جنوبی عرب کا ایک حکمران خاندان . ۵۶۲ ۲

* **واد** (وادی) : ہسپانیہ کے متعدد دریاؤں کے نام کا جز ، مثلاً وادی الکبیر . ۵۶۳ ۳

* **وادی آش** : (Guadix)، اندلس کا ایک دریا اور اس کے کنارے اسی نام سے آباد صوبہ غرناطہ کے ایک ضلع کا صدر مقام . ۵۶۴ ۱

* **وادی الحجارۃ** : (Guadalajara) ، ہسپانیہ کا ایک دریا ، صوبہ اور اس کا صدر مقام . ۵۶۴ ۲

* **وادی حلفہ** : سابقہ انگریزی مصری سودان میں ایک جدید شہر . ۵۶۵ ۲

* **وادی القری** : جنوبی عرب میں ایک وادی . ۵۶۶ ۱

* **وادی الکبیر** : (Guadalquiver)، بحر اوقیا نوس میں جا گرنے والے اندلس کے چار بڑے دریاؤں میں سے ایک دریا . ۵۶۷ ۲

* **وادی نون** : جنوبی مراکش میں ایک وسیع میدان . ۵۶۸ ۲

* **وادیانہ** : (Guadiana) ، وادی آنا ، نہریانہ ؛ جزیرہ نمائے آئبیریا کے چار بڑے دریاؤں میں سے ایک دریا . ۵۷۳ ۱

* **وارا دین** : Petrovardin کا ترکی نام . ۵۷۳ ۱

⊗ **الوارث** : رک بہ الاسماء الحسنی . ۵۷۳ ۱

⊗ **وارث** : رک بہ علم (میراث) . ۵۷۳ ۱

⊗ **وارث شاہ** : مشہور ترین پنجابی شاعر ، مصنف داستان ہیر رانجھا (م ۱۷۹۸ء) . ۵۷۳ ۱

* **واسط** : عراق کے مرکزی علاقے کا ایک شہر . ۵۷۷ ۲

⊗ **الواسع** : رک بہ الا سماء الحسنی . ۵۷۹ ۲

* **واسع علی سی** : یا علی ، دور عثمانیہ کا ایک ترک عالم ، شاعر اور انشاپرداز ، انوار سہیلی کا ترکی مترجم (م ۹۵۰ھ) . ۵۷۹ ۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ **واسوخت** :	بمعنی بیزاری ، تکدر ؛ ایک صنف سخن .	۵۸۰	۲
* **واصف** :	احمد ، سلطنت عثمانیہ کا ایک سرکاری مؤرخ (۱۲۲۱ھ/۱۸۰۶ء) .	۵۸۱	۲
* **واصل بن عطاء** :	ابو حذیفۃ الغزّال ، معتزلہ کا امام (م ۱۳۱ھ/۷۳۸-۷۴۹ء) .	۵۸۳	۱
* **وافر** :	عربی عروض میں چوتھی بحر .	۵۸۵	۱
⊗* **الواقدی** :	ابو عبداللہ محمد بن عمر (۱۳۰ھ/۷۴۷ء تا ۲۰۷ھ/۸۲۲ء) ، مشہور عرب مؤرخ اور سیرت نگار .	۵۸۵	۲
⊗ **الواقع** :	رک بہ النسر الواقع .	۵۸۸	۱
⊗ **الواقعہ** :	قرآن مجید کی چھپنویں سورۃ .	۵۸۸	۱
* **والدہ سلطان** :	قدیم عثمانی سلطنت میں سلطان وقت کی والدہ کا خطاب .	۵۸۹	۱
⊗ **الوالی** :	رک بہ الاسماء الحسنی .	۵۹۱	۱
* **والہی** :	دو عثمانی شعرا : (۱) والہی ، کرد زادہ یا قورت زادہ (م ۹۹۳ھ/۱۵۹۶ء) ؛ (۲) والہی احمد (م ۱۰۰۸ھ) .	۵۹۱	۱
⊗* **وامق و عذرا** :	فارسی زبان کی ایک منظوم رومانی داستان .	۵۹۱	۱
* **وان** :	ترکیہ میں جھیل وان کے مشرقی کنارے اور ارمینیا کی سطح مرتفع پر واقع ایک شہر .	۵۹۲	۲
* **وان قولی** :	محمد بن مصطفی الوانی ، مراد ثالث کے عہد کا ایک مشہور ماہر قانون (م ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۱-۱۵۹۲ء) .	۵۹۳	۱
* **الواواء الدمشقی** :	ابو الفرج محمد بن احمد الغسانی ، عہد سیف الدولہ حمدانی کا ایک دوسرے درجے کا شاعر (م نواح ۳۷۰ھ/۹۸۰ء) .	۵۹۳	۲
⊗ **واؤ** :	رک بہ و .	۵۹۵	۱
* **وَبار** :	جزیرۃ العرب کے جنوبی حصے میں ایک علاقہ اور وہاں آباد ایک قبیلہ .	۵۹۵	۱
* **وَتَد یا وتد** :	علم عروض کی ایک اصطلاح .	۵۹۵	۲
⊗ **وتر** :	نماز عشاء کے بعد اسی نام سے ادا کی جانے والی نماز .	۵۹۶	۱
* **وَثائق** :	رک بہ دستاویزات .	۵۹۷	۱
* **وَثیقہ** :	رک بہ دستاویزات .	۵۹۷	۱
⊗* **وجدہ** :	Oujda ، مشرقی مراکش کا ایک صوبہ اور اس کا صدر مقام .	۵۹۷	۱
⊗* **وجود** :	(ہستی) ، نیز موجود ہست) ، ارسطاطالیسی مابعد الطبیعیات کی اہم اصطلاحات .	۵۹۷	۲
⊗ **وجودیت** :	Existentialism ، ایک فلسفیانہ اصطلاح ۔	۶۰۵	۲
⊗ **وجہی ، مُلّا** :	گولکنڈہ کے قطب شاہی دور کا شاعر ، نثر نگار ، مثنوی قطب مشتری (۱۰۱۸ھ/۱۶۰۹ء) اور قصہ سب رس (۱۰۴۰ھ/۱۶۵۰ء) کا مصنف .	۶۰۹	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗*	**وجیانگر** : دریاے تنگ بھدرا کے جنوبی کنارے پر واقع جنوبی بھارت کا ایک شہر (اب کھنڈر) .	۶۱۱	۱
*	**وجیہی** : حسین ، ایک عثمانی شاعر اور مؤرخ (م ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۰ء) .	۶۱۲	۲
*	**وحدة الشہود** : رک بہ تصوف .	۶۱۳	۱
⊗	**وحدة الوجود** : رک بہ تصوف .	۶۱۳	۱
*	**وحشی بافقی** : ایک ایرانی شاعر (م ۹۹۱-۹۹۲ھ/۱۵۸۳-۱۵۸۴ء) .	۶۱۳	۱
⊗	**وحی** : لطیف اور مخفی اشارہ ، پیغام رسالت ، الہام ؛ ایک معروف قرآنی اصطلاح .	۶۱۳	۲
*	**وحید دستگردی** : حسن بن محمد بن قاسم ، دور آخر میں ایک نامور ایرانی شاعر اور ادیب (م ۱۳۹۱ھ) .	۶۲۳	۱
*	**وخان** : ، پامیر کے جنوب میں افغانستان کا ایک ضلع .	۶۲۴	۲
*	**وداعی** : (برگو ، دار صالح) ، دار فور کے مغرب میں واقع ایک علاقہ .	۶۲۵	۲
*	**ودیعہ** : ایک قسم کا عقد ؛ ایک فقہی اصطلاح .	۶۳۰	۱
*	**وراق** : ابو عیسٰی محمد بن ہارون ، ایک آزاد خیال مفکر (م ۲۹۷ھ/۹۰۹ء) .	۶۳۳	۲
*	**ورامین** : تہران سے جنوب مشرق میں ایک شہر .	۶۳۴	۱
⊗	**ورد** : ذکر کے لیے مترادف لفظ .	۶۳۵	۱
⊗	**ورقہ بن نوفل** : بن اسد بن عبدالعزی ، زمانۂ جاہلیت کا ایک عیسائی عالم .	۶۳۷	۲
*	**ورقلہ** : Ouragla ، الجزائر کے صحرا میں ایک نخلستان .	۶۳۸	۲
*	**الورکاء** : جنوبی عراق میں ایک اجاڑ مقام .	۶۳۹	۲
⊗*	**ورلہ** : (وارنہ) ، بحیرۂ اسود کے ساحل پر بلغاریہ کا تیسرا بڑا شہر .	۶۴۱	۱
*	**وزارت** : رک بہ وزیر .	۶۴۲	۲
*	**وزیر** : مدار المہام ؛ سلطنت (بالخصوص عثمانی سلطنت) کا سب سے بڑا عہدیدار .	۶۴۲	۲
*	**الوزیر المغربی** : رک بہ المغربی .	۶۴۵	۱
⊗	**وزیر خان** : شیخ علیم الدین انصاری ، عہد مغلیہ کا ایک نامور امیر اور صوبیدار ، حاذق طبیب اور مسجد وزیر خان کا بانی (م ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء) .	۶۴۵	۱
⊗	**وزیرستان** : پاکستان کے شمال مغربی سرحدی صوبے میں شامل قبائلی علاقہ .	۶۴۷	۱
⊗	**وسٹنفلڈ** : Ferdinand Wustenfeld (۱۸۰۸ تا ۱۸۹۹ء) ، انیسویں صدی کا ایک نامور مستشرق .	۶۴۹	۱
*	**الوشاء** : ابوالطیب محمد بن اسحاق بن یحیی ، ایک عربی ماہر لسانیات اور ظریف .	۶۴۹	۱
⊗	**وشقہ** : Huesca ، شمالی اندلس کا ایک سرحدی صوبہ .	۶۴۹	۱
*	**وشمگیر بن زیار** : ابو طالب ، زیاری خاندان کا دوسرا حکمران (از ۹۳۵ تا ۹۶۵ء) .	۶۵۰	۱
*	**وصاف** : ایک ایرانی مؤرخ .	۶۵۲	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* وَصْلی : رک بہ فن (خطاطی) .		۶۵۲	۲
⊗ وَصی : رک بہ وَصیۃ .		۶۵۲	۲
⊗ وَصِیّۃ : اسلامی ادب کی ایک کثیرالاستعمال اور انتقال جائداد کی ایک قانونی اور فقہی اصطلاح .		۶۵۲	۲
⊗ وَضو : شریعت اسلامیہ کی ایک اہم اصطلاح ، نماز سے قبل ایک خاص ترتیب سے ہاتھ ، منہ ، پاؤں وغیرہ دھونا اور سر پر مسح کرنا .		۶۵۵	۲
⊗ وَطّاس ، بنو : پندرھویں سولھویں صدی عیسوی میں مراکش کا ایک حکمران خاندان .		۶۵۷	۱
⊗ وطن : بیسویں صدی میں متحدہ ہندوستان کا پہلا ہفتہ وار اخبار .		۶۵۸	۱
⊗ وَطواط : رشید الدین ، بلخ کا رہنے والا ایک ایرانی شاعر (م ۵۷۸ھ/۱۱۸۲-۱۱۸۳ء) .		۶۵۹	۲
⊗ وَعْظ : رک بہ مواعظ .		۶۶۰	۲
* وفا : (۱) شرف الدین علی حسنی ، ایرانی شاعر (م ۱۱۹۳ھ/۱۷۸۰ء) ؛ (۲) وفا فراھانی ، میرزا محمد حسین ، زند خاندان کا وزیر اور صاحب دیوان شاعر ؛ (۳) وفا یزدی ، انیسویں صدی کا شاعر ؛ (۴) وفا اشرفی ، میرزا مہدی قلی ، انیسویں صدی کا شاعر ، کاتب اور خوش نویس .		۶۶۰	۲
* الوَفْرانی : (یا الافرانی) ، ابوعبداللہ محمد بن الحاج ، المعروف بہ الصغیر (۱۰۸۰ھ/۱۶۶۹-۱۶۷۰ء تا ۱۱۴۰ھ/۱۷۲۷ء یا ۱۱۵۱ھ/۱۷۳۸ء) ، ایک مراکشی سیرت نگار اور مؤرخ .		۶۶۱	۱
* وَفق : ایک طلسماتی مربع .		۶۶۲	۱
* وَقار : میرزا احمد شیرازی ، ایک ایرانی شاعر (حیات ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷-۱۸۵۸ء) .		۶۶۳	۲
* وَقت : رک بہ زمان .		۶۶۵	۱
* وَقعہ نویس، وَقائع نَویس : محافظ دستاویزات ، عہد آل عثمان میں سرکاری مؤرخ .		۶۶۵	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود

جلد ۲۳

* **وَقْف :** (نیز حَبس) ، ایک فقہی اصطلاح ، کسی شے کا فی سبیل اللہ اچھے مقاصد کے لیے مخصوص کر دینا . ۱ ۱
* **وَقْواق :** (واق واق) ، بحر لاروی میں واقع جزائر . ۱۹ ۲
⊗* **وِکَالَة :** (وِکالة) ، ایک قانونی اصطلاح ، بمعنی مختار نامہ ، اختیار دے دینا ، وغیرہ . ۲۱ ۱
* **وَکَپ :** رکَ بہ وَقْف . ۲۵ ۱
* **وَکِیل :** رکَ بہ (۱) وکالة ؛ (۲) الاسماء الحسنی . ۲۵ ۱
* **وَلبہ :** (Huelva) ، ہسپانیہ کا ایک صوبہ اور اس کا صدر مقام . ۲۵ ۲
* **ولندیزی جزائر شرق الہند میں نظام مساجد :** سماٹرا ، جاوا ، بورنیو اور برونائی وغیرہ میں عرصہ دراز سے قائم مساجد کا ایک بھرپور نظام . ۲۶ ۱
* **ولہاؤزن :** Julius Wellhausen (۱۸۴۴ تا ۱۹۱۸ء) جرمنی کا ایک نامور مستشرق . ۳۱ ۱
*⊗ **وَلی :** خدا رسیدہ اور برگزیدہ عارف باللہ ؛ تصوف کی ایک اصطلاح . ۳۲ ۲
⊗ **(شاہ) وَلی اللہ دھلوی :** ابو الفیاض قطب الدین احمد بن ابو الفیض شاہ عبدالرحیم (۱۱۱۴ھ/۱۷۰۳ء تا ۱۱۷۴ھ/۱۷۶۲ء) ، ہندوستان کے نامور عالم ، محدث ، فقیہ ، مجتہد اور کثیرالتعداد کتابوں کے مصنف . ۳۹ ۲
⊗ **وَلی بابا :** مودودی چشتی ، بلوچستان کے ایک صوفی بزرگ اور کرانی سادات کے جد امجد . ۴۷ ۲
* **الوَلید بن عبدالملک :** ایک مشہور اموی خلیفہ (از ۸۸ھ/۷۰۵ء تا ۹۸ھ/۷۱۵ء) . ۴۷ ۲
* **الوَلید بن المغیرہ :** بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک معاند قریشی سردار (م ۱ھ/۶۲۲ء) . ۴۸ ۱
* **الوَلید بن یَزید :** علم و فن کا سرپرست ایک اموی خلیفہ (از ۱۲۶ھ/۷۴۳ء تا ۱۲۷ھ/۷۴۴ء) . ۵۰ ۱
* **ولیم رائٹ :** William Wright (۱۸۳۰ تا ۱۸۸۹ء) ، انگلستان کا ایک ممتاز مستشرق . ۵۱ ۱
⊗ **ولیم لین :** E. William Lane (۱۸۰۱ ، تا ۱۸۷۶ء) برطانیہ کا ایک مشہور

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	مستشرق .	۵۲	۱
⊗	**ولیم میور** : William Muir (۱۸۱۹ تا ۱۹۰۵ء) ، برطانوی دور میں گورنر یو - پی ، ایک متعصب اور دریدہ دہن مستشرق .	۵۳	۱
*	**وَلیمہ** : رک بہ عرس .	۵۴	۱
*	**الوَنشریسی** : (۱) ابوالعباس احمد بن یحیی بن محمد التلمسانی الونشریسی ، المغرب کا ایک مشہور مالکی فقیہ ، فتاوی کی ایک کتاب کا مؤلف (م ۹۱۴ھ/ ۱۵۰۸ء) اور اس کا بیٹا (۲) ابو محمد عبدالواحد بن احمد الزناتی الفاسی ، ایک فاضل قانون دان ، قاضی اور مفتی (م ۹۵۵ھ/۱۵۴۹ء) .	۵۴	۱
*	**وَہب بن مُنبّہ** : ابو عبداللہ ، جنوبی عرب کا ایک داستان گو (م ۱۱۰ھ/۷۲۸ء یا ۱۱۴ھ/۷۳۲ء) .	۵۵	۱
*	**وَہبی** : عام طور پر سید وہبی ، ایک ترکی شاعر (م ۱۱۵۳ھ/۱۷۴۰ء)	۵۸	۲
*	**وہران** : (Oran) ، الجزائر کے ساحل پر ایک بندرگاہ اور شہر .	۶۰	۱
⊗	**الوَہّاب** : رک بہ الاسماء الحسنی .	۶۰	۲
*	**وَہابیہ** : (الموحدون) ، محمد بن عبدالوہاب کی قائم کردہ جماعت .	۶۰	۲
*	**وَیسی** : اویس بن محمد (۹۶۹ھ/۱۵۲۶-۱۵۶۳ء تا ۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء) ، ایک نامور ترکی فاضل اور شاعر .	۶۸	۲
*	**ویگا** : رک بہ نسر واقع .	۶۹	۲
⊗	**وینسنک** : A. J. Wensinek (۱۸۸۱ تا ۱۹۳۹ء) ، ہالینڈ کا ایک نامور مستشرق اور معجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی کا مصنف .	۶۹	۲

ہ

⊗	**ہ** : (ھا) ، عربی زبان کا چھبیسواں ، فارسی کا اکتیسواں ، ہندی کا تینتیسواں اور اردو کا اڑتالیسواں حرف .	۷۱	۱
⊗	**ہابیل و قابیل** : حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹے .	۷۲	۲
*	**ہاتف** : ایک کثیر المعانی لفظ ، پکارنے والا ، بلانے والا ، عموماً غیبی آواز .	۷۶	۲
*	**ہاتف** : سید احمد ، اصفہان کا ایک فارسی شاعر (م ۱۱۲۸ھ/۱۷۱۵ء) .	۷۷	۲
*	**ہاتفی** : عبداللہ ، مولانا جامی کا ہمشیر زادہ اور فارسی کا ایک شاعر (م ۹۲۷ھ/ ۱۵۳۱ء) .	۷۸	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* هَاجر (بنو) :	مشرقی عرب کا ایک قبیلہ .	۷۸	۲
* الهادی :	رهنما ، خدا کا ایک نام ، نیز شیعی حکمرانوں کا ایک مقبول لقب .	۷۹	۱
* هادی سَبْزواری :	حاجی ملّا (۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷-۱۷۹۸ء تا ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء) ، ایک مشہور ایرانی فلسفی اور شاعر .	۷۹	۲
⊗ هارُوت و ماروت :	قرآن مجید میں مذکور دو فرشتوں کا نام .	۸۰	۱
*⊗ هارون بن عِمران :	(بائیبل : Aaron) ، بنی اسرائیل کے ایک مقتدر نبی اور حضرت موسٰی ؑ کے بڑے بھائی .	۸۳	۲
⊗ هارون الرشید :	نامور اور ممتاز ترین عباسی خلیفہ (از ۱۷۰ھ/۷۸۵ء تا ۱۹۳ھ/ ۸۰۸ء) .	۸۵	۱
* الهارونیّه :	(۱) جلولاء کے قریب عراق میں ایک گاؤں : (۲) ایشیائے کوچک اور شام کے درمیان سرحدی قلعوں کا ایک سلسلہ .	۹۳	۱
⊗ هاشِم بن عبدمناف :	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جد امجد ، مشہور قریشی سردار .	۹۳	۲
⊗ هاشِم سَروانی :	زبدة الفصحاء ابو محمد هاشم بن زید السروانی (۲۲۳ تا ۲۹۷ھ) ، پشتو زبان کا ایک قدیم شاعر .	۹۴	۱
⊗* هامان :	حضرت موسٰی ؑ اور بنی اسرائیل کا ایک شدید مخالف اور فرعون کی مجلس شوریٰ کا ایک رکن .	۹۵	۲
* هامَرز :	جنگ ذوقار [رک بآں] میں ایرانی دستوں کا سالار .	۹۹	۲
* هامُون :	مشرقی ایران ، افغانستان اور بلوچستان میں وسیع شوردلدلوں کا نام .	۹۹	۲
* هانسوی :	شیخ جمال الدین احمد (۸۵۰ھ/۱۸۸۴ - ۱۸۸۵ء تا ۶۵۹ھ/۱۲۶۰-۱۲۶۱ء) ، ہندوستان میں چشتیہ سلسلے کے ایک بزرگ اور حضرت گنج شکر ؒ کے خلیفہ .	۱۰۰	۱
* هانسی :	ہریانہ پردیش (بھارت) میں ضلع حصار کا ایک قدیم قصبہ .	۱۰۱	۱
⊗ هانی بن عروه :	بن الفصفاص بن عمران ، عبید اللہ بن زیاد کے ابتدائی عہد ولایت میں کوفے کے بنو مراد کا ایک سردار (م ۶۰ھ/۶۸۰ء) .	۱۰۲	۲
* هِبة الله بن الحسین :	رک به بدیع الاسطرلابی .	۱۰۳	۱
* هِبة الله :	بن محمد بن المطلب مجد الدین الفیروز آبادی ، خلیفہ المستظہر کا وزیر (حیات ۵۰۳ھ/۱۱۰۹-۱۱۱۰ء) .	۱۰۳	۱
*⊗ هُبَل :	عہد جاهلیت میں کعبۃ اللہ کے اندر نصب ایک مشہور بت .	۱۰۳	۱
⊗ هِبه :	بمعنی بخشش ، عطیہ ، ایک فقہی اصطلاح .	۱۰۳	۱
* هِپو کریٹیز :	(Hippokrates) ، رک به بقراط .	۱۱۰	۱
* هُتَیم :	جزیرة العرب کا ایک بڑا خانہ بدوش قبیلہ .	۱۱	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **ھجاء**	منظوم چٹکلا لطیفہ ، ہجو ، ایک ادبی اصطلاح .	۱۱۱	۱
* **ھَجَر**	جنوبی عرب میں شہر کے معنوں میں مستعمل لفظ .	۱۱۳	۲
* **ھجر**	رک بہ الحسا .	۱۱۳	۱
* **ھجرۃ**	جنوبی عرب کا ایک گاؤں .	۱۱۳	۱
⊗ **ھِجرۃ**	ایک معروف اسلامی اصطلاح ، بمعنی اللہ تعالی کی رضا کے لیے ترک وطن کرنا .	۱۱۳	۲
* **ھَجَرین**	حضر موت میں ایک شہر .	۱۲۵	۲
* **الہُجویری** [ز]	رک بہ داتا گنج بخش [ز] .	۱۲۶	۱
⊗ **ھدایت اللہ ، میاں**	(۱۲۵۴ھ/۱۸۳۸ء تا ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۱ء) ، ایک مشہور پنجابی شاعر .	۱۲۶	۱
* **ھَدَندُوا**	(Hadendoa) ، شمالی افریقہ کا ایک حامی النسل قبیلہ .	۱۲۶	۲
* **ھُدنہ**	کافروں اور مسلمانوں کے مابین مصالحت ، راضی نامہ ، بین الاقوامی معاہدہ ، ایک فقہی اصطلاح .	۱۲۷	۱
⊗* **ھُد ھُد**	کٹھ بڑھئی ، ایک پرندہ .	۱۲۹	۲
⊗ **ھدیہ**	رک بہ ہبہ .	۱۳۰	۲
* **ھُذیل بن مُدرکہ**	عربوں کا ایک مشہور اور طاقتور قبیلہ .	۱۳۰	۲
* **ھَرات**	مغربی افغانستان میں ہری رود پر ایک شہر اور ضلع .	۱۳۱	۲
⊗ **ھُر خُرلیا**	رک بہ سنوک ہر خرنیے .	۱۳۴	۲
* **ھَرر**	مشرقی افریقہ کا ایک اہم تجارتی شہر .	۱۳۴	۲
* **ھر سک**	(ہرز گوینا) ، رک بہ بوسنہ .	۱۳۶	۱
* **ھَرغہ**	ایک بربر قبیلے ارغن کا عربی نام .	۱۳۶	۱
* **ھَرکَرن**	فارسی زبان کا ایک صاحب طرز ہندو ادیب .	۱۳۸	۱
* **ھرگیسہ**	سابق برطانوی زیر حمایت صومالیہ کا دارالحکومت اور اب جمہوریہ صومالیہ کے شمالی خطے کا صدر مقام .	۱۳۸	۱
* **ھَرم** [ز]	(ج : اھرام) ، لفظی معنی مخروطی مینار ، مصر کی شہرۂ آفاق عظیم الشان قدیم عمارتیں .	۱۳۹	۱
* **ھُرمز**	(ورمزد) ، زرتشتی مذہب میں اہم ترین شخصیت ؛ ساسانی خاندان کے پانچ بادشاہ : (۱) ہرمز اول (۲۷۲ تا ۲۷۳ء) ؛ (۲) ہرمز دوم (۳۰۲ تا ۳۰۹ء) ؛ (۳) ہرمز سوم (۴۵۷ تا ۴۵۹ء) ؛ (۴) ہرمز چہارم (۵۷۹ تا ۵۹۰ء) ؛ (۵) ہرمز پنجم (۶۳۴ء) .	۱۴۱	۱
* **ھُرمز**	(اورمس) ، عہد وسطی میں ایران کی ایک اہم تجارتی بندر گاہ .	۱۴۲	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* الهرمزان	: سوسیانا کا بادشاہ اور مسلمانوں کے خلاف جنگ قادسیہ (۱۹ھ/۶۳۷ء) میں ایرانی فوج کا ایک سردار .	۱۴۴	۱
* هرود	: افغانستان کا ایک دریا .	۱۴۵	۱
⊗ الهروی	: ابو اسماعیل عبداللہ بن محمد بن علی الانصاری (۳۹۶ھ/۱۰۰۵ء تا ۴۸۱ھ/ ۱۰۸۹ء) ، ایک معروف عالم دین ، متکلم اور مصنف .	۱۴۵	۲
* الهروی الموصلی	: شیخ تقی الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر ، شام کا ایک جہاں گرد صوفی ، الملک الظاهر غازی کا درباری اور مصنف (۶۱۱ھ/۱۲۱۵ء) .	۱۴۶	۱
* هری رود	: هرات کے جنوب میں افغانستان کا ایک دریا .	۱۴۷	۲
*⊗ هزاراسپ	: دریاے جیحون اور خیوہ کے قریب ایک شہر .	۱۴۸	۱
⊗ هزار اسپی ها	: لرستان کبیر کے حکمران بنو فضلویہ کا نام .	۱۴۸	۲
⊗ هزاره	: دریاے سندھ کے مشرقی میں صوبہ سرحد (پاکستان) کی ایک قسم ت .	۱۴۸	۲
* هزاره	: هزارستان (افغانستان) و بلوچستان میں آباد مغول نسل کی ایک قوم .	۱۵۰	۲
⊗* هزج	: عربی علم عروض کی چھٹی بحر .	۱۵۱	۲
* هشام اول	: ابوالولید الرضی یا العادل ، قرطبہ کا دوسرا اموی امیر (از ۱۷۲ھ/۷۸۸ء تا ۱۸۰ھ/۷۹۶ء) .	۱۵۲	۱
* هشام ثانی	: ابو الولید المؤید بن الحکم ثانی المستنصر ، قرطبہ کا دسواں اموی حکمران (از ۳۵۶ھ/۹۷۶ء تا ۳۹۹ھ/۱۰۰۹ء و از ۴۰۰ھ/۱۰۱۰ء تا ۴۰۳ھ/۱۰۱۳ء) .	۱۵۲	۲
* هشام ثالث	: المعتمد ، قرطبہ کا سولھواں اور آخری فرمانروا (م ۴۲۳ھ/۱۰۳۳ء) .	۱۵۳	۱
* هشام بن الحکم ابو محمد	: ابتدائی زمانے کا ایک ممتاز شیعہ عالم (م ۱۹۹ھ/ ۸۱۴-۸۱۵ء) .	۱۵۳	۲
* هشام بن عبدالملک	: اموی خلافت کا دسواں خلیفہ (از ۱۰۵ھ/۷۲۴ء تا ۱۲۵ھ/ ۷۴۳ء) .	۱۵۴	۱
⊗ هفت ولی	: قلات ڈویژن میں بھٹاری کے مقام پر سات بزرگوں کے مزار .	۱۵۸	۱
* هکاری	: ایران کی سرحد پر ولایت وان کی ایک سنجاق .	۱۵۸	۱
⊗ الهکاری	: رک به عدی بن مسافر .	۱۵۹	۱
* هلال	: ایک عرب قبیلہ .	۱۵۹	۱
* هلال الصابئی	: رک به الصابئی .	۱۶۰	۱
* هلالی	: بدر الدین ، ایک فارسی شاعر (م ۹۳۰ھ/۱۵۳۲-۱۵۳۳ء) .	۱۶۰	۱
* هلمند	: افغانستان کا سب سے بڑا دریا .	۱۶۰	۱
* هما	: ایک فرضی مبارک پرندہ .	۱۶۱	۱

besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **ہُمایُوں**	: ہندوستان کا دوسرا مغل فرمانروا (از ۱۵۳۰ تا ۱۵۵۶ء) .	۱۶۱	۲
* **ہُمایُوں نامہ**	: کلیلہ و دمنہ کا ترکی ترجمہ .	۱۶۲	۱
* **ہَمپی**	: سلطنت وجیانگر کے کھنڈروں کا موجودہ نام .	۱۶۲	۱
* **ہَمَدان**	: عرب کا ایک بڑا قبیلہ .	۱۶۴	۲
* **الہَمَدانی**	: ابو محمد الحسن بن احمد بن یعقوب ، المعروف بہ ابن الحائک ، جنوبی عرب کا ہمہ دان عالم ، صاحب صفۃ جزیرہ العرب وغیرہ (م ۳۳۴ھ/ ۹۴۵ء) .	۱۶۵	۱
* **ہَمَذان**	: کوہ الوند کے دامن اور ایک زرخیز میدان میں واقع ایک قدیم شہر .	۱۶۶	۲
* **ہمذانی**	: یا ہمدانی (۳۵۸ تا ۳۹۸ھ) ، ایک قدیم عربی شاعر اور انشاپرداز .	۱۶۸	۱
⊗ **ہمزۃ**	: الف کا جڑواں حرف .	۱۶۹	۲
⊗ **الہمزۃ**	: قرآن مجید کی ایک سو چوتھی سورۃ .	۱۷۳	۱
* **ہملٹن گب (سر)**	: رک بہ گب .	۱۷۳	۱
⊗ **ہِند**	: ہندوستان ، جنوبی ایشیا کا مشہور ملک .	۱۷۳	۱
⊗ **ہِند بن عتبہ**	: بن ربیعہ ، عہد نبوی کی ایک مشہور قریشی خاتون ، ابو سفیان کی زوجہ اور امیر معاویہ کی والدہ (م ۱۴ھ) .	۲۰۸	۱
* **ہندال میرزا**	: (۱۵۱۹ تا ۱۵۵۱ء) ، بابر کا چوتھا بیٹا .	۲۰۹	۲
* **ہند چینی**	: (Indo China) ، ہند بعید ؛ لاؤس ، کمبوچیا اور ویت نام پر مشتمل جزیرہ نما .	۲۱۰	۱
⊗ **ہندسہ**	: رک بہ علم (الہندسہ) .	۲۱۳	۱
⊗ **ہندو**	: رک بہ سنسکرت .	۲۱۳	۱
⊗ **ہندوستان**	: رک بہ ہند .	۲۱۳	۱
* **ہندوستانی**	: یورپی علما کے ہاں مغربی ہندی ، یعنی بالائی گنگ و جمن کی بولی کا نام .	۲۱۳	۱
* **ہندوکش**	: پامیر سے جنوب مغرب کی طرف پھیلا ہوا سلسلۂ کوہ .	۲۱۳	۱
* **ہندی**	: جمہوریہ بھارت (انڈیا) کی قومی زبان .	۲۱۵	۱
* **الہندیہ**	: رک بہ ہندی .	۲۱۸	۱
* **ہُنر**	: رک بہ فن .	۲۱۸	۱
* **ہُنزہ ناگر**	: شمالی علاقہ جات (پاکستان) میں شامل دو ریاستیں .	۲۱۸	۱
* **ہَنْسَلِیَہ**	: مراکش کا ایک سلسلۂ تصوف .	۲۱۹	۲
* **ہِنگلاج**	: بلوچستان کی ریاست لس بیلا میں ایک قدیم خانقاہ .	۲۲۰	۱
* **ہنوخ**	: (انوخ Henoch) ، رک بہ ادریس .	۲۲۰	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* هَنَیئاً	: ایک دعائیہ کلمہ .	۲۲۰	۲
* هُوَارہ	: (Huara) ، مشہور بربر قبیلہ .	۲۲۰	۲
** هَوازن	: شمالی عرب کا ایک بڑا عرب قبیلہ .	۲۲۲	۲
* هواشم	: (هاشمیون) ، ابوهاشم محمد الحسنی کی اولاد پر مشتمل اشراف مکہ .	۲۲۵	۲
⊗ هُوایلوا	: یا هُیلوَہ ، رک بہ ولبہ .	۲۲۵	۲
⊗* هوت	: ایک قدیم بلوچ قبیلہ .	۲۲۶	۱
⊗ هُود	: قرآن مجید کی گیارھویں سورۃ .	۲۲۷	۱
* هُود	: قرآن مجید میں مذکور ایک پیغمبر .	۲۲۸	۱
* هود (بنو)	: عہد ملوک الطوائف میں سرقسطہ کاایک عربی النسل فرمانروا خاندان .	۲۲۹	۱
* هُوسا	: رک بہ الحوصہ .	۲۳۲	۲
** هوشنگ شاہ غوری	: مالوہ کا دوسرا غوری بادشاہ (از ۱۴۰۵-۱۴۰۶ء تا ۱۴۳۵ء) .	۲۳۲	۲
* الهُوف	: (هُفوف ، فوف) ، عرب میں ایک شہر اور صوبہ الاحسا کا دارالحکومت .	۲۳۲	۲
* هُولاکو	: (۱۲۱۷ تا ۱۲۶۵ء) ، ایک مغول فاتح اور ایران میں مغولی (ایلخانی) سلطنت کا بانی .	۲۳۵	۲
* هُوَ هُوَ	: منطق اور تصوف کی ایک اصطلاح .	۲۳۷	۱
* هَیئت	: رک بہ علم (الهیئت) .	۲۳۷	۲
* هیت	: عراق کا ایک شہر .	۲۳۷	۲
⊗ هِیر	: پنجاب (پاکستان) کے ایک معروف رومان کا مرکزی نسوانی کردار .	۲۳۸	۲
* هیکا	: رک بہ وشقہ .	۲۴۱	۲
* هیلاج	: اکسیر حیات؛ علم نجوم کی ایک اصطلاح .	۲۴۱	۲
⊗ هِیلوا	: (هوایلوا) ، رک بہ ولبہ .	۲۴۱	۲
* هیولی	: رک بہ مادہ .	۲۴۱	۲

ی

⊗ ی (یاء)	: عربی حروف تہجی کا اٹھائیسواں ، فارسی کا تیسواں اور اردو کا اکیانواں حرف .	۲۴۲	۱
⊗ یا جوج و ماجوج	: تورات اور قرآن مجید میں مذکور دو قبائل کا عربی نام .	۲۴۲	۱
* الیاز جی	: (۱) الشیخ ناصیف بن عبداللہ ، انیسویں صدی کا ایک عرب شاعر اور ماہر لسانیات (۱۸۰۰ تا ۱۸۷۱ء) اور اس کی اولاد ؛ (۲) ابراهیم بن ناصیف		

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	(۱۸۴۷ تا ۱۹۰۶ء)، لغوی اور ماہر لسانیات؛ (۳) خلیل بن ناصیف (۱۸۰۸ تا ۱۸۸۹ء)، مصنف المروۃ والوفا؛ (۴) وردہ بنت ناصیف (۱۸۸۳ تا ۱۹۲۴ء)، مصنف اور شاعرہ؛ (۵) حبیب بن ناصیف (۱۸۲۳ تا ۱۸۷۰ء)، مترجم، شارح اور مرثیہ نگار۔	۱ ۲۵۳
* یازوری	: ابو محمد الحسن بن علی، فاطمی خلیفہ المستنصر باللہ کا وزیر اور قاضی القضاۃ (م ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء)۔	۱ ۲۵۷
* یازیجی اوغلو	: (یازیجی زادہ)، دو قدیم عثمانی شاعر اور صوفی: (۱) یازیجی اوغلو محمد (م ۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء)، مصنف رسالہ محمدیہ؛ (۲) یازیجی اوغلو احمد (م نواح ۸۶۰ھ/۱۴۵۶ء)، تصوف کی چند کتابوں کا مصنف۔	
⊗ یٰسٓ	: قرآن مجید کی چھتیسویں سورۃ۔	۱ ۲۶۰
* یافا	: (یافہ، Joffa, Jappa)، بحیرۂ روم کے کنارے ایک قدیم تاریخی شہر۔	۱ ۲۶۳
* یافث	: (بائبل: Japheth)، تورات میں مذکور حضرت نوحؑ کا ایک بیٹا۔	۱ ۲۶۵
* الیافعی	: ابوالسعادۃ (ابوالبرکات) عبداللہ بن اسعد بن علی، ایک یمنی صوفی اور مصنف (۷۰۰ھ/۱۳۰۰ء تا ۷۶۸ھ/۱۳۶۷ء)۔	۲ ۲۶۶
⊗ یاقوت الحموی	: شہاب الدین ابو عبداللہ الرومی (۵۷۴ھ/۱۱۷۸ء تا ۶۲۶ھ/۱۲۲۹ء)، ایک نامور ادیب، فہرست نگار اور معجم البلدان اور معجم الادباء وغیرہ کا مشہور مصنف۔	۱ ۲۶۷
* یاقوت المستعصمی	: جمال الدین ابوالدجد بن عبداللہ (۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء تا ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ء)، ایک مشہور خطاط۔	۱ ۲۷۰
* یام	: (۱) علاقہ ہمدان (جنوبی عرب) سے تعلق رکھنے والا ایک قبیلہ؛ (۲) یمن کا ایک مخلاف؛ (۳) یمن جوف میں ایک پہاڑ۔	۱ ۲۷۱
* یانینہ	: (Janina، یانیہ)، زیریں البانیا کا ایک شہر۔	۱ ۲۷۲
⊗ یتیم	: ایک اسلامی اصطلاح، بمعنی بچپن میں باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہو جانے والا بچہ یا بچی۔	۱ ۲۷۳
⊗ یثرب	: رک بہ المدینۃ المنورہ۔	۲ ۲۷۶
⊗ یحییٰؑ	: قرآن مجید میں مذکور ایک پیغمبر۔	۱ ۲۷۷
* یحیی	: سلطان سلیمان کے عہد کا ایک البانی الاصل ترکی شاعر (حیات نواح ۹۸۶ھ)۔	۱ ۲۷۸
* یحیی بن آدم	: بن سلیمان، ابو زکریا، ایک معروف عالم دین، مصنف کتاب الخراج (م ۲۰۳ھ/۸۱۷ء)۔	۱ ۲۸۰
* یحیی بن امیر علی	: رک بہ نوعی۔	۲ ۲۸۱
* یحیی بن خالد برمکی	: عباسی خلافت کی ایک اہم شخصیت، ہارون الرشید کا اتالیق	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
	اور بعد ازاں وزیر ، خاندان برامکہ کا بانی (م ۱۹۰ھ/ ۸۰۵ء) .	۲۸۱ ۱
* یحیٰی بن زید الحسینی :	زید بن علی بن امام حسینؓ (۹۸ھ/۷۱۶ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) ، بنوامیہ کے خلاف ایک تحریک کے قائد اور زیدیہ کے پانچویں امام ۔	۲۸۲ ۱
* یحیٰی بن علی :	بن یحیٰی ابی منصور المنجم ، ابواحمد ، کلاسیکی عربی موسیقی کا ماہر ، مصنف کتاب الباہر و کتاب النغم (م ۹۱۲ء) .	۲۸۳ ۲
⊗ یحیٰی کبیر غرغشتی :	حضرت خواجہ (۷۰۷ھ/۱۳۰۷ء تا ۸۳۴ھ/۱۴۳۰ء) ، حضرت مخدوم جہانیاں سے مجاز ، کوہ سلیمان کے مضافات میں شہر علی کے ایک بزرگ اور مبلغ دین .	۲۸۵ ۱
* یَربُوع :	متعدد عرب قبائل کی شاخوں کا نام .	۲۸۶ ۱
* الیَرمُوک :	شام کا ایک دریا اور عہد صدیقی کی ایک مشہور جنگ (۱۵ھ/۶۳۶ء) کا محل وقوع .	۲۸۶ ۲
* یَروشام :	رک بہ القدس .	۲۸۷ ۱
* یَزد :	ایران کا ایک شہر .	۲۸۷ ۱
* یَزدان :	زردشتی افکار میں خدا کا نام .	۲۸۷ ۲
* یزدگرد :	رک بہ ساسانیاں .	۲۸۹ ۱
* یزیدبن زیاد (ابن مفرغ) :	ابو عثمان یزید بن زیاد الحمیری ، پہلی صدی ہجری میں بصرے کا ایک ہجو گو شاعر (حیات ۶۴ھ/۶۸۴ء) .	۲۸۹ ۱
* یَزیدبن عبدالملک :	اموی خلیفہ (از ۱۰۱ھ/۷۲۰ء تا ۱۰۵ھ/۷۲۴ء) .	۲۹۰ ۲
⊗ یزیدبن معاویہ :	حضرت امیر معاویہ کا بیٹا اور جانشین (۶۰ھ/۶۸۰ء تا ۶۴ھ/۶۸۳ء) .	۲۹۱ ۱
* یزیدبن المُہلّب :	ابن صفرۃ الازدی (۵۳ھ/۶۷۲-۶۷۳ء تا ۱۰۲ھ/۷۲۰ء) ، ایک مشہور عرب سردار اور عامل خراسان .	۲۹۵ ۲
*⊗ یَزیدی :	(یزیدیہ) ، ایک کرد قبیلے اور اس کے مذہب کا نام .	۲۹۷ ۱
* یَشیل ایرماق :	(سبز دریا) ، ایشیائے کوچک کا ایک دریا .	۲۹۹ ۲
* یَعرب :	(۱) یعرب بن قحطان بن ہود المعروف بہ اعرب ، شاہان حمیر کا جد اعلیٰ ؛ (۲) یعرب بن مالک ، عمان کے حکمران خاندان یعربیہ (از ۱۰۳۴ تا ۱۱۵۱ھ) کا جد اعلیٰ .	۲۹۱ ۲
* یَعفُر :	بن عبدالرحمٰن بن کریب الحِوالی (حیات ۲۷۰ھ/۸۸۳ء) بنو یعفر یا بنو حوالی کے حکمران خاندان کا بانی .	۳۰۰ ۲
* یَعقُوب :	علیہ اسلام ، حضرت اسحاق کے بیٹے ، بنی اسرائیل کے جد اعلیٰ اور	

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	مشہور پیغمبر .	۳۰۱	۲
* یَعقُوب بن لیث	: رکَ بہ صفاریہ .	۳۰۳	۲
* یَعقُوب بے	: رکَ بہ گرمیان اوغلو .	۳۰۳	۲
* یَعقُوب صرفی	: رکَ بہ صرفی کشمیری .	۳۰۳	۲
* الیَعقوبی	: احمد بن ابو یعقوب الکاتب العباسی ، مشہور عرب ، جغرافیہ نویس . مؤرخ اور تاریخ الیعقوبی وغیرہ کا مصنف .	۳۰۳	۲
* یَغَرغَر	: عہد تربیع میں صحرائے اعظم کے دریا کی گذر گاہ .	۳۰۵	۱
* یغما جندقی	: ابو الحسن رحیم بن حاجی ابراہیم قلی (۱۱۹۶ھ/۱۷۸۲ء تا ۱۳۷۶ھ/ ۱۸۵۹ء) ، ایک صاحب دیوان ایرانی شاعر .	۳۰۵	۱
* یَفرن	: رکَ بہ افرن .	۳۰۷	۱
* یلدز کوشکی	: (نیز یلدیز سرای یعنی ستارہ محل) ، استانبول میں عثمانی سلاطین کا محل .	۳۰۷	۱
* الیَمامہ	: وسطی عرب کا ایک علاقہ .	۳۱۰	۲
* یَمَشجی	: رکَ بہ حسن پاشا یمشجی .	۳۱۲	۱
* یمق	: رکَ بہ یمی چری .	۳۱۲	۱
⊗* الیمن	: جزیرۃ العرب میں سابقاً ایک صوبہ اور آج کل ایک خود مختار مملکت .	۳۲	۱
* یمین	: مسلمانوں کے قسم اٹھانے کے لیے عام اصطلاح .	۳۲۲	۱
* یَنبع	: عرب کے مغربی ساحل پر ایک چھوٹی سی بندر گاہ .	۳۲۲	۱
* یَنی چَری	: (عسکر جدید) ، سلطنت عثمانیہ میں ابتداءً مفتوحہ نصرانیوں کے نو مسلم (قول اوغلی) بچوں پر مشتمل جدید طرز پر تیار کردہ ایک پیادہ فوج .	۳۲۳	۱
* یَنیر	: (اناایر Ennayer) ، شمالی افریقہ کے باشندوں کے ہاں جولین تقویم کے پہلے مہینے کا نام .	۳۲۸	۱
* یوٹی کی اس	: (Eutychius ، یوتخیوس) ، رکَ بہ سعید بن البطریق .	۳۲۸	۱
* یورگان لاذیق	: رکَ بہ لاذیق .	۳۲۸	۱
* یورُوک	: ایشیائے کوچک کے خانہ بدوش قبائل .	۳۲۸	۲
⊗ یوسف بن یعقوب	: حضرت یعقوب کے فرزند ، خدا کے پیغمبر .	۳۲۹	۱
⊗ یوسف	: قرآن مجید کی بارھویں سورۃ .	۳۳۶	۲
* یوسف الاول	: رکَ بہ الموحدون .	۳۳۸	۱
* یوسف خاص الحاجب	: بلاساغونی ، ایک مرآۃ الملوک بلیگ کا مصنف (تصنیف ۴۶۲ھ/۱۰۶۹-۱۰۷۰ء) .	۳۳۸	۱
⊗ یوسف عزیز مگسی	: (۱۹۰۸ء تا ۱۹۳۵ء) ، بلوچستان کے ایک سیاسی رہنما .	۳۳۹	۱
* یوسف بن تاشفین	: رک بہ المرابطون .	۳۴۰	۱

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* یُوسُف بن عُمر	: بن محمد الحکم بن ابی عقیل بن مسعود الثقفی ، حجاج بن یوسف کا والد اور والی عراق (م ۱۲۶ھ/۷۴۴ء) .	۳۴۰	۱
* یُوسُفی	: مولانا (۱۵۳۰ تا ۱۵۵۶ء) ، مغل شہنشاہ ہمایوں کا منشی اور طبیب ، صاحب بدائع الانشاء .	۳۴۱	۲
* یُوشع بن نُون	: تورات میں یشوع Joshua کے نام سے مذکور ایک قدیم پیغمبر اور حضرت موسیٰؑ کے شاگرد اور جانشین .	۳۴۲	۱
* یوغرت	: (ت) دہی ، ماست ، لبن .	۳۴۲	۱
⊗ یوگنڈا	: مشرقی استوائی افریقہ کا ایک ملک .	۳۴۳	۲
⊗ یوم الحساب	: قرآن مجید میں مذکور قیامت کا ایک نام .	۳۴۵	۲
⊗ (حضرت) یُونُسؑ	: بن متی ، قرآن مجید میں مذکور ، ایک قدیم پیغمبر .	۳۴۹	۱
⊗ یونس	: قرآن مجید کی دسویں سورۃ .	۳۵۲	۱
⊗ یونیورسٹی اورینٹل کالج	: رک بہ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج ، در تکملہ .	۳۵۴	۱
* یونس الکاتب یا المغنی	: ایک مشہور عرب گویّا اور موسیقی پر کتابوں کا مصنف (حیات ۱۳۲ھ) .	۳۵۴	۱
⊗ یہود	: ایک مشہور قوم .	۳۵۵	۱
* یہودی	: رک بہ یہود .	۳۶۳	۲
* ییلا	: (مشرقی ترکی) گرمیوں کا پڑاؤ .	۳۶۳	۲

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

حرف آخر

موسوعات کے متعلق، جسے آج انسائی کلوپیڈیا یا دائرۂ معارف کا نام دیا جاتا ہے، ہماری روایات قابل صد رشک ہیں۔ حق تو یہ ہے کہ مسلمان ہی اس کے مؤسس ہیں۔

ظہور قدسی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اللہ تعالیٰ کے مامور اپنی اپنی قوم اور اپنے اپنے ملک کی طرف مبعوث ہوا کرتے تھے لیکن قران مجید کا دامن آفاق گیر ہے۔

یہ آسمانی صحیفوں کے ایک طویل سلسلے کی آخری کڑی ہے۔ ایک کامل ضابطہ ہے۔ ایک عالمگیر شریعت ہے۔ ہماری طبعی، اخلاقی اور روحانی حالتوں کے لیے کامل راہنما ہے۔ اس میں انسانی زندگی کے ہر شعبے کی آبیاری کی گئی ہے۔ اس میں پہلی کتابوں کے زندہ علوم کو بھی سمیٹا گیا ہے اور دنیا کی آئندہ علمی راہبری کا سامان بھی ہے۔

مسلمانوں نے قرآن مجید کی اس راہنمائی کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالا اور ہر شعبۂ علم میں علوم و معارف کے دریا بہا دیے۔ انہوں نے اپنے بالکل ابتدائی دور ہی میں ہر علم کی ہزاروں ہزار کتابیں تصنیف و تالیف کیں اور بالآخر وہ دور بھی آگیا کہ علوم و فنون کی اس توسیع اور ترقی کے باعث حوالے کی متعدد کتابیں وجود میں آگئیں جن میں اس دور کی معلومات کی سہل الحصول تلخیص پیش کی گئی اور یوں بڑے بلند پایہ موسوعات نویس منظر عام پر آئے۔

موسوعات نویسی کا آغاز تو مسلمانوں نے کیا لیکن ہماری بد قسمتی کہ آج مغرب کے بیان و تحقیق کا انداز اتنا ترقی یافتہ اور مقبول ہو گیا ہے کہ خود ہم یہ سمجھنے لگے ہیں کہ انسائی کلوپیڈیا انہیں کی اختراع ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اندلس کی تباہی، تاتاریوں کی یورش اور گزشتہ چودہ سو برس میں ایسے چھوٹے بڑے کتنے ہی انقلابات کا اسلامی دنیا کو سامنا کرنا پڑا اور علم و فن کی کیسی کیسی گراں مایہ متاع کتم عدم میں چلی گئی۔ پھر بھی خدا کا شکر ہے کہ کئی بڑے بڑے شاہکار آج بھی ہمارے پاس ہیں، مثلاً عقدالفرید۔ ابن عبد ربہ کی یہ تالیف ادب کی ایک گراں قدر انسائیکلوپیڈیا ہے جو ایک ہزار برس سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے بعد آج بھی اسی طرح درخشاں و تاباں ہے۔ پھر ابن عبد ربہ کے ہم عصر ابوالنصر فارابی کی کتاب احصاء العلوم ہے جس کا نام اور کام دونوں ہی دائرۃ المعارف کے ہم قدم ہے۔ اس کے بعد رسائل اخوان الصفا کا نام لیا جا سکتا ہے، جس کے مکمل اجزا اگرچہ دستیاب نہیں تاہم اپنی موجودہ شکل میں بھی اسے آرٹ اور سائنس کی انسائیکلوپیڈیا کہا جا سکتا ہے۔ علیٰ ھذا الخوارزمی کی مفاتیح العلوم ایک بلند پایہ دائرۂ معارف ہے جس میں پندرہ عقلی اور نقلی علوم سے بحث کی گئی ہے۔

مسلمان موسوعات نویسوں کی فہرست اس پر تمام نہیں ہوتی۔ یہ تو ایک عظیم الشان تحریک کا محض آغاز تھا۔ اس کے بڑے بڑے موسوعات نویسوں کی قابل قدر کاوشیں ہمارے پاس موجود ہیں، مثلاً پانچویں صدی ہجری میں ابو حیان التوحیدی (صاحب المقابسات)، چھٹی صدی میں ابن الجوزی، ساتویں صدی میں امام فخرالدین الرازی اور بعد ازاں النویری، ابن فضل اللہ العمری، علامہ سیوطی، الوسی، التفتازانی، الشریف الجرجانی، المسعودی، یاقوت الحموی، حاجی خلیفہ، غرض یہ سلسلۃ الذہب کئی صدیوں پر محیط

www.besturdubooks.wordpress.com

نظر آتا ہے۔

اس ضمن میں عربی کے علاوہ اسلامی ممالک کی دوسری ترقی یافتہ زبانوں میں بھی کام ہوا اور اس دور میں جب مغرب جہالت کے اندھیروں میں بھٹک رہا تھا فارسی میں ابن سینا کے دانش نامۂ علائی' امام رازی کی ستینی' مسعود شیرازی کی درۃ التاج اور محمود آملی کی نفائس الفنون قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح عالم اسلام کی تیسری اہم زبان ترکی میں شمس الدین سامی کی قاموس الاعلام تو ابھی پچھلی صدی ہی کا کارنامہ ہے جو اپنی ضخامت اور اہمیت دونوں کے اعتبار سے کتنی ہی کتابوں پر بھاری ہے۔

بایں ہمہ اردو' جسے برصغیر پاک و ہند میں بسنے والے تیس چالیس کروڑ مسلمانوں کی مذہبی اور تہذیبی روایات کا ترجمان ہونے کا دعوی ہے' اس نوعیت کی کتاب سے تہی دامن چلی آ رہی ہے۔ سچ پوچھیے تو اسلامی دائرہ معارف تو درکنار کسی عمومی موسوعات کو بھی ہمارے اہل قلم نے قابل توجہ نہیں گردانا حالانکہ مشرق کی دوسری زبانوں کا دامن اس سے خالی نہیں رہا' مثلاً چینی میں ہزاروں کراسوں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب موجود ہے۔ مرہٹی کا مہاکوش تیئس جلدوں میں ملتا ہے۔ بنگالی کے موسوعات ستائیس جلدوں پر مشتمل ہیں۔ اور تو اور گورمکھی تک میں سات جلدوں پر مشتمل ایک ایسی کتاب موجود ہے۔

اردو کی یہ کم مائیگی اہل درد کو ایک مدت سے کھٹک رہی تھی۔ دراصل یہ کام کسی ایک فرد کے بس کا روگ بھی نہیں۔ اس کے لیے ایک جماعت اور کافی سرمائے کی ضرورت ہے' چنانچہ ۱۹۴۰-۱۹۴۱ء میں یونیورسٹی اورینٹل کالج کے پرنسپل مولوی محمد شفیع صاحب نے یہ تجویز پیش کی کہ پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام ایک ایسی دائرۂ معارف اسلامیہ اردو میں ترتیب کی جائے جو اسلامی تہذیب و ثقافت کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہو' لیکن وہ زمانہ ایسا تھا کہ یونیورسٹی کے ارباب اقتدار کو اس پر آمادہ نہ کیا جا سکا اور یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی۔

قیام پاکستان کے بعد جب ملت کے اجتماعی تقاضوں کو نئی زندگی ملی اور ان کی تکمیل کے لیے ایک تازہ ولولہ پیدا ہوا تو ڈاکٹر سید عبداللہ نے پنجاب یونیورسٹی کی توجہ ایک بار پھر اس تحریک کی طرف منعطف کرائی اور سنڈیکیٹ نے اس بار اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کی تدوین کے منصوبے کی تکمیل کا بیڑا اٹھا لیا۔ مقصود یہ قرار پایا کہ اردو میں معلومات کا ایک ایسا مستند ذخیرہ فراہم ہو جائے جس کی طرف ہم اپنے مذہبی تصورات اور تہذیبی روایات' ملت کی مختلف اقوام کی تاریخ' اس کے مشاہیر کے سوانح حیات' مختلف اسلامی ممالک کے جغرافیائی کوائف اور وہاں بسنے والوں کے نسلی حالات کے متعلق اعتماد سے رجوع کر سکیں۔

یہ ایک بہت بڑا اور بہت دشوار کام تھا۔ ہمارے ہاں ایک طرف تو ایسے علماء و فضلاء کا قحط ہے جو اسلامیات کے ہر پہلو پر گہری نظر رکھتے ہوں' ہمہ گیر قابلیت کے حامل ہوں اور مشرق و مغرب دونوں کی نقطۂ نگاہ سے بخوبی آگاہ ہوں اور دوسری طرف ہمارے کتب خانوں میں وہ کتابیں دستیاب نہیں جو مستند مآخذ کا کام دے سکیں۔ اس طرح ایک طبع زاد دائرۂ معارف کی ترتیب و تدوین ہمارے وسائل سے ماورا نظر آئی' چنانچہ علمی مشکلات کے پیش نظر یہ طے پایا کہ اپنے منصوبے کی بنیاد اس کتاب پر رکھی جائے جو ڈچ رائل اکاڈمی کے زیر اہتمام لائیڈن سے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ اس کا پہلا ایڈیشن چار جلدوں اور ایک تکملے پر مشتمل تھا۔ اس کی طباعت ۱۹۰۸ء میں شروع ہو کر ۱۹۳۸ء میں پایہ تکمیل کو پہنچی۔ در حقیقت یہ نامور مستشرقین کی تقریباً نصف صدی کی مشترکہ مساعی کا شاندار نتیجہ ہے۔ اس میں اسلام اور قبل اسلام کے مشہور افراد' مقامات' واقعات اور دنیا کے مختلف خطوں میں بسنے والی مسلم اقوام کے معتقدات اور تمدنی حالات پر منفرد مقالات لکھے گئے ہیں اور انہیں

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ پھر ہر مقالے کے آخر میں مزید اور مفصل معلومات کی نشاندہی کے لیے مآخذ کی فہرست درج کر دی گئی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلامی موضوعات پر لائیڈن انسائیکلوپیڈیا سے وسیع تر کوئی تدوین دنیا کی زبانوں میں موجود نہ تھی' لہٰذا اسے عالم اسلام کے دانشوروں نے قدر کی نگاہوں سے دیکھا' چنانچہ حکیم الامت علامہ اقبال نے بھی مشہور ترک فاضل پروفیسر خلیل خالد بے کو ان کے ایک مکتوب کا جواب دیتے ہوئے مشورہ دیا کہ وہ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام مستقل طور پر پیش نظر رکھیں۔

انسائیکلوپیڈیا ہمیشہ کسی مخصوص دور کی شان فضیلت کی عکاسی کرتی ہے اور وہ کسی مخصوص ذہنی نظام کی پیداوار ہوتی ہے۔ لائیڈن انسائیکلوپیڈیا مغربی علم و فضل کی پیداوار ہے اور ان لوگوں کے لیے لکھی گئی جو مغرب کی علمی روایات کے تنقیدی اصولوں کو قبول کر چکے ہیں۔ لہٰذا یہ کتاب من و عن ہمارے لیے کسی طرح قابل قبول نہیں ہو سکتی تھی کیونکہ مستشرقین ہزار معروضی نقطۂ نظر اختیار کریں وہ اپنے مخصوص ذہنی رویے اور مذہبی و سیاسی تعصبات سے آزاد نہیں ہو سکتے۔ ظاہر ہے کہ ایک اسلامی مملکت کے علمی ادارے کی طرف سے مسلمانوں کے لیے پیش کیا جانے والا دائرۂ معارف اسلامیہ غیر مسلموں کے نقطہ نظر کی رو سے مرتب نہیں کیا جا سکتا' چنانچہ لائیڈن انسائیکلوپیڈیا کو اپنے حلقۂ ناظرین کے معتقدات و تعصبات اور مذاق کے مطابق بنانا ناگزیر تھا۔ عربی اور ترکی زبانوں میں جب اس کے ترجمے کا کام شروع ہوا تھا تو وہاں اس مسئلے کا حل یہ نکالا گیا تھا کہ لائیڈن والوں سے اصل تالیف میں حک و اصلاح اور اطناب و ایجاز کی اجازت لے لی جائے۔ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کے سلسلے میں بھی یہی راستہ اختیار کیا گیا اور طے پایا کہ ترجمہ کرتے وقت جہاں جہاں کوئی بیان تاریخی واقعات اور اسلامی احساسات کے خلاف نظر آئے اس کو علمی اور تحقیقی اساس پر تبدیل کر دیا جائے۔

اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کہنے کو تو ترجمہ ہے لیکن حقیقت میں یہ اصل انگریزی متن سے جداگانہ اور مستقل تصنیف بن گئی ہے۔ اس کی وجہ یہی نہیں کہ متن میں جا بجا قوسین کے درمیان حواشی کے ذریعے بہتر تحقیقی فضا پیدا کی گئی ہے جس کے نتیجے میں اس اردو کتاب کی روح خاص تبدیل ہو گئی ہے بلکہ اس سے بھی بڑی وجہ اس کے وہ اضافے ہیں جو نئے اور متعدد مقالات اور تعلیقات کی صورت میں شامل کیے گئے ہیں۔ موضوعات کے اعتبار سے بھی کافی اضافے ہوئے ہیں اور بالخصوص برصغیر سے متعلق مقالات کثیر تعداد میں بڑھائے گئے ہیں جس کے باعث اس میں بڑی وسعت پیدا ہو گئی ہے۔ مستشرقین کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں اور غلط بیانوں کی تردید کے ساتھ ساتھ یہ بھی مدنظر رہا ہے کہ مختلف فرقوں کے اختلافات کو بے ضرورت یا بے بنیاد طور پر ابھارنے کے بجائے ان کو تاریخی اور معاشرتی پس منظر کے ساتھ عام مجلسی تحریکات کے طور پر پیش کیا جائے تاکہ امت مسلمہ کی اختلافی آرا کو صحیح تناظر میں دیکھا جا سکے۔

یہ بڑا ہی اہم اور محنت طلب کام تھا' لیکن مقام مسرت ہے کہ ارکان ادارہ کی مساعی مشکور ثابت ہوئیں اور اب یہ بات بڑے اعتماد سے کہی جا سکتی ہے کہ اگر لائیڈن انسائیکلوپیڈیا ایک عظیم کتاب تھی تو اس کا اردو متن ضروری تبدیلیوں اور اضافوں کے بعد ایک عظیم تر کتاب کی صورت میں ہمارے سامنے آیا ہے۔ اس کا پہلا قابل ذکر پہلو تو جیسا کہ بیان ہو چکا' یہ ہے کہ اردو متن میں انگریزی ایڈیشن سے مختلف اور وسیع مضامین مشرق و مغرب کے مستند فضلا سے براہ راست لکھوائے گئے۔ دوم' یہ کوشش کی گئی کہ تاریخی مضامین کا مواد حتی الامکان تاریخ طباعت تک مکمل ہو جائے تاکہ تاریخی تکمیل کا احساس منقطع نہ ہو۔ سوم' اسلام

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

کی اہم شخصیات اور عقائد و تصورات سے متعلق اہم مضامین یا تو نئے لکھوائے گئے یا بڑی حد تک بدل دیے گئے۔ چونکہ اسلام کی برگزیدہ ہستیوں کے مرتبے کا صحیح تعین مطلوب تھا اس لیے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مقدسین پر بھی مسلمان فضلا اور ارکان ادارہ کی مدد سے بالکل نئے اور متعدد مضامین شامل کیے گئے یا موجودہ مقالات یکسر بدل دیے گئے۔ چہارم' انگریزی متن کی جو عبارتیں ہمارے تہذیبی ذوق اور تاریخی روایات سے متصادم تھیں انہیں تبدیل کر دیا گیا۔ پنجم' برصغیر پاک و ہند کی درجہ اول کی شخصیات نیز اس خطے سے متعلق تاریخی و جغرافیائی اور ادبی و لسانی موضوعات کا معتدبہ اضافہ ہوا اور ایسے خالص پاکستانی موضوعات بھی جو انگریزی متن میں موجود نہ تھے کافی تعداد میں شامل کر لیے گئے۔ ششم' اسلامی زبانوں اور پاکستانی زبانوں اور ان کے ادب پر سیر حاصل مضامین شامل کیے گئے۔ ہفتم' ترکی موضوعات کے بارے میں ترکی انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے بہت سے اہم مضامین براہ راست ترجمہ کرا کے شامل کیے گئے۔ اسی طرح عربی ترجمے سے بھی براہ راست استفادہ کیا گیا۔ ہشتم' معاصر اسلامی ممالک کے بارے میں مقالات پر خاص توجہ دی گئی ہے کیونکہ پاکستان کے نقطۂ نظر سے بین الملکی اتحاد کے لیے یہ امر ضروری تھا۔ نہم' ہزارہا مواقع پر سنین اور افراد و اماکن کے ناموں سے متعلق انگریزی متن کے سہو اور اغلاط کی تصحیح کی گئی اور کتابیات میں اضافہ کیا گیا۔ دہم' قرآن مجید' اسلام' مسجد' سیرت نبوی" اسلامی علوم و فنون اور پاکستان پر مفصل اور سیر حاصل خصوصی مقالے تیار کیے گئے۔ اسی طرح نامور صحابۂ کرام' ائمۂ عظام اور اولیاء و مشائخ پر الگ الگ مقالے تحریر کیے گئے۔ اردو دائرہ معارف کی یہ امتیازی خصوصیات دیکھ کر پیر حسام الدین راشدی بے اختیار کہہ اٹھے تھے کہ "پاکستان میں فقط یہی ایک کام سنجیدہ' پاکیزہ' دائمی رہنے والا اور علمی طور سے سب کو زندہ رکھنے والا ہوا ہے۔"

لائیڈن انسائیکلوپیڈیا کا عربی' ترکی اور فارسی زبانوں میں بھی ترجموں کا آغاز ہوا تھا لیکن مصر' ترکیہ اور ایران کے داخلی حالات کے باعث یہ مساعی منقطع ہو گئیں۔ اب ان سب کی قائم مقامی اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کر رہا ہے اور یہ پاکستان اور اردو زبان کا ایسا شرف ہے جس پر بجا طور پر ناز کیا جا سکتا ہے۔

ہم اسے انتہائی انکسار کے ساتھ علمی دنیا کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

سید امجد الطاف

رئیس ادارہ
و صدر شعبہ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ

پنجاب یونیورسٹی'
لاہور' ۲۔ اکتوبر ۱۹۹۳ء

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

جملہ حقوق بحق پنجاب یونیورسٹی محفوظ ہیں
مقالہ نگار یا کسی اور شخص کو کلی یا جزوی طور پر اس کا
کوئی مقالہ یا تعلیقہ یا اس کے کسی حصے کا ترجمہ
شائع کرنے کی اجازت نہیں

بار اول اکتوبر ۱۹۹۳ء

سال طباعت : ۱۹۹۳/۱۴۱۴ء
مقام اشاعت : لاہور
ناشر : محمد سعد الدین ، رجسٹرار ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور
اشاریہ :-
طابع : رشید اقبال
مطبع : رشید اقبال پرنٹرز ، ۲ - میکلوڈ روڈ ، لاہور
سرورق و حرف آخر :-
طابع : میر افضل میر
مطبع : میر انٹر پرائزز ، ۷ فیاض روڈ - نئی انارکلی - لاہور

www.besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

Urdū

Encyclopædia of Islām

Under the Auspices

of

THE UNIVERSITY OF THE PANJAB

LAHORE



Vol. XXIV

(INDEX)

1414/1993

www.besturdubooks.wordpress.com